
https://ezreaderschoice.com/
READERS CHOICE
Self Obsession
Tania Tahir

# Self Obsession….

## By Tania Tahir

## Complete Novel


Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

گھر کا سارا کام کرنے کے بعد وہ پسینے میں بلکل ڈوب

گئ تھی۔۔۔۔۔

حالانکہ گھر میں ملازم تھے۔۔۔ مگر چونکہ عید کا دن تھا تو۔۔ کوئ اپنے گاوں تو کوئ اپنے کسی رشتے دار کے گھر گیا

ہوا تھا۔۔۔

تبھی اسکو سارا گھر صاف کرنا پڑا۔۔۔

نندیں۔۔۔۔ ایھا اور علیشبہ۔۔۔ دونوں نے ہی ساتھ ساتھ کام کرایا۔۔ مگر گھر بڑا ہونے کی وجہ سے وہ تینوں ہی

بری طرح ہانپ گئیں۔۔۔

کام مکمل کرنے کے بعد اسنے اپنے کمرے کا رخ کیا۔۔۔

تو کمرے کو دیکھ کر۔۔۔ اسکے خوبصورت چہرے کے زاویے اب رونے والے ہو رہے تھے۔۔۔۔۔

اپنے گھر میں تو وہ شدید قسم کی کام چور تھی مگر جب سے شادی ہوئ۔۔۔ ذمہ داریاں بڑھتی چلیں گئیں۔۔۔

کمرا سارا اجڑ چکا تھا کہنے کو تو صرف میاں صاحب ہی تیار ہو کر گئے تھے۔۔۔

مگر انکی تیاری۔۔۔۔ لڑکیوں کو بھی مات دے دے۔۔ اپنی ذات میں مگن انسان.... اکثر وہ سوچتی تھی اسکو کس

طرح پسند کرنے لگ گیا.... جب تک۔۔۔ اسکے سسر کی غصیلی آواز کمرے کے باہر نہیں سنائ دیتی تھی وہ باہر

نہیں نکلتا تھا۔۔ اور اسکو بھی اپنے کاموں میں پھنسا کر رکھتا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

درحقیقت ایک چیز نکالنے کے لیے وہ ساری چیزوں کو پہلے باہر نکال پھینکتا۔۔اور پھر اسکو آواز دیتا۔۔۔اور وہ بے چاری۔۔۔۔محبت میں بلکل پیس ہی گئی تھی۔۔۔۔

اب بھی وہ تیزی سے کمرہ سمیٹ رہی تھی۔۔۔۔

رات ہی آرڈرز مل گئے تھے میرے آنے سے پہلے تیار رہنا۔۔۔۔اب وہ کیسے تیار ہوتی۔۔۔یہ پھیلاوا۔۔۔اپنے کمرے میں وہ بھی عید کے دن۔۔۔۔اسے برداشت نہیں ہو رہا تھا۔۔۔اور اگر وہ آجاتا۔۔۔تو۔۔۔شاید اسکا حولیہ برداشت نہ کرتا۔۔اور اسے پوری عید بس اسے منانے میں نکالنی پڑتی۔۔۔۔

عید برباد نہ ہونے کا خوف بھی تھا۔۔۔۔

اسکے مائیکے میں پورے سسرال کی دعوت تھی۔۔۔

اگر میاں صاحب ناراض ہو جاتا تو دعوت بھی کام سے گئی تھی۔۔۔۔

جو وہ ہرگیز بھی نہیں چاہتی تھی۔۔۔۔

اتنی مشکلوں سے تو بڑے بھائی کو چھوٹیاں ملیں تھیں۔۔اور وہ اب تک نہیں ملی تھی۔۔۔

اس بار تو پکا ارادہ کر لیا تھا کہ۔۔۔بڑے بھائی کی شادی تو کروا کے ہی بھیجے گئی۔۔۔

کمرہ اپنی اصل حالت میں آگیا تھا مگر اسکی حالت گئی گزری ہو چکی تھی۔

اسنے مہندی لگے ہاتھوں کو دیکھا۔۔

لال سرخ مہندی بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

یہ علیشبہ نے لگائی تھی۔۔۔ بلکل اپنے بھائی جیسا اسکا دماغ تھا۔ ہر وقت اسے بھابھی سجی سنوری چاہیے تھی۔۔۔

اسنے وارڈروب سے اپنا عید کا جوڑا نکالا۔۔۔

اور واشروم میں چلی گئی۔۔۔

نہا کر واشروم سے باہر نکلی تو اسے باہر سے ان سب کی آوازیں آنے لگی۔۔۔۔

وہ سب ایک دوسرے کو عید مبارک کہہ رہے تھے۔۔۔ اور وہ۔۔۔ وہ تو ابھی تک اس طرح تیار ہی نہیں ہوئی تھی جس طرح رہبان چاہتا تھا۔۔۔

اسنے جلدی سے بالوں سے تولیہ کھینچا۔۔ لمبے گیلے بال الجھے الجھے سے پوری کمر پر بکھر گئے۔۔۔۔

اسنے ایک نظر اپنے ریڈیش براون بالوں کو دیکھا جو عید سے پہلے رہبان نے ہی کلر کروائے تھے اور جلدی جلدی ان میں کھنگھا چلانے لگی۔۔۔۔

بالوں کو سلجھا کر ایسے ہی کمر پر چھوڑا۔۔۔ اس دوران اسکا گھبراہٹ کے مارے پسینہ پھوٹ پڑا تھا۔۔۔

اسنے چہرے پر فانڈیشن لگایا۔۔۔ حالانکہ اسکی سرخ و سفید رنگت کو کسی بھی قسم کے میکپ کی ضرورت نہیں تھی اور شادی سے پہلے تو اسنے کبھی میکپ کیا ہی نہیں تھا۔۔۔ مگر رہبان کی پسند تھی جو اسے ہر صورت پوری کرنی تھی۔۔

وہ سرخ لپسٹک سے ہونٹوں کو رنگ رہی تھی دل اسکے قدموں کی آہٹ محسوس کر رہا تھا۔۔۔ تیزی سے لپسٹک لگا۔۔۔ کر اسنے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔۔۔ جس سے ساری کٹینگ واضح ہو گئی۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کامدار مسٹرڈ کلر کی شارٹ گھٹنوں سے اوپر شرٹ اور گیٹوں سے اوپر بلکل ٹانگوں سے چپکے ہوے کیپری میں وہ غضب ڈھا رہی تھی۔۔۔اس سے پہلے۔۔۔وہ دروازہ کھولتا۔۔۔وہ تیزی سے دروازے کی طرف بھاگی۔۔۔

دوپٹہ۔۔۔لیناوہ سرے سے ہی بھول گئ تھی۔۔۔

اسنے جلدی سے دروازہ کھول دیا۔۔۔

سانس اسکے اسی دواران پھول گئے۔۔تھے

پھولتے سانسوں میں عید مبارک۔۔۔کہا۔۔۔۔

جبکہ وہ سفید لٹھے کی قمیض شلوار میں۔۔۔خاصا زبردست لگ رہا تھا۔۔۔

مگر بیوی کے آگے وہ اکثر ایسے ہی کھو جاتا۔۔۔تھا۔۔۔

مگر خود کو بھولنا بھی کبھی نہیں سیکھا تھا

اندر تو آئیں" وہ اسکے یوں مسلسل گھورنے پر جھینپ ہی گئ۔۔۔

جب کہ وہ بھی ہوش میں آیا۔۔

اور اپنے شاندار کمرے میں قدم رکھا۔۔۔۔

تمام لائٹس آن تھیں۔۔۔اور لائٹس کی چمک اسکے چہرے کو مزید چمکدار کر رہی تھی۔۔۔

حیا نے آگے بڑھ کر بیڈ پر سے دوپٹہ اٹھانا چاہا۔۔۔

مگر رہبان نے اس سے پہلے ہی دوپٹے کو اپنی گرفت میں لے لیا۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حیا۔۔کو اسکی شوخ نظریں اپنے وجود میں گڑھتی محسوس ہو رہیں تھیں۔۔۔وہ جانتی تھی اب اسے ادھر ادھر۔۔۔ نہ دیکھنا ہے نہ سوچنا ہے۔۔اور نہ ہلنا۔۔۔ہے۔۔۔

اگر اس سے ایسی کوئی گستاخی ہو گئی۔۔تو ضرور رہبان کا غصہ۔۔اسکے لیے نا قابل برداشت ہو گا۔۔۔

وہ سٹل سر کو جھکائے کھڑی تھی۔۔جبکہ اے سی۔۔۔کی شدید ڈھنڈک کے باوجود۔۔۔اسکے ماتھے پر پسینہ پھوٹ پڑا۔۔۔

وہ دو قدم کی دوری۔۔۔میٹا تا ہوا اسکے نزدیک ہوا۔۔۔۔

شادی کو چھ مہینے گزر چکے تھے۔۔مگر اب بھی اسکا دل۔اسکی قربت پر پھسلیاں توڑ کر باہر نکلنے کو ہو جاتا تھا۔۔۔

I have always been convinced of your beauty But today you seem to have defeated me.......

(میں ہمیشہ تمھاری خوبصورتی کا قائل رہا ہوں مگر آج لگتا ہے تم مجھے ہرا دو گی(

اسکی مدھم آواز میں بولے گئے فقرے۔۔۔حیا کو زمین سے آسمان پر بیٹھا گئے۔۔۔۔

اسنے نہ محسوس انداز میں آنکھوں کو بند کر لیا۔۔۔

رہبان اسکے خوبصورت ہونٹوں کی مدھم کپکپاہٹ کو۔۔۔

مدہوش ساچند لمحے دیکھے گیا۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور پھر جھک کے استحقاق بھری مہر اسکے لبوں پر ثبت کر کے۔۔اسنے دوبارہ۔۔حیا کی طرف دیکھا جس کے چہرے پر شرمیگی مسکراہٹ تھی۔۔۔

عید مبارک کہنے کا کوئی رواج نہیں ہے میری مسز کے ہاں" آنکھوں میں شرارت سموئے وہ سامنے صوفے پر جا بیٹھا ٹانگوں پر ٹانگیں رکھ کر وہ اسکو دیکھنے لگا۔۔۔

جس نے جلدی سے اپنے گھیرے گلے کو۔۔۔دوپٹے کی مدد سے چھپایا۔۔۔

رہبان اسکی حرکت پر محظوظ ہوا۔۔۔

میں نے آتے ساتھ کیا ہے آپکو" اسنے جیسے یاد دلایا۔۔۔

آہ یہ بھی کوئی عید مبارک ہوتا ہے۔۔۔نہ گلے ملی نہ۔۔۔"وہ معنی خیز نظروں سے مسکراتے ہوے اسکو دیکھنے لگا ۔۔۔وہ دھیرے سے مسکرائی۔۔اب بات تو واضح تھی۔۔۔اسکی خواہش بھی واضح تھی جس کو پورا کرنا حیا کا اولین فرض تھا۔۔۔

وہ چلتی ہوئی اسکے برابر میں۔۔ٹک گئی۔۔۔جبکہ وہ یوں ہی اکڑا ہوا بیٹھا تھا۔۔۔
جبکہ وہ جھجھکتے ہوے۔۔اسکے سینے سے لگ گئی۔۔۔

عید مبارک رہبان "

آ۔۔آ۔۔۔آ۔۔۔شوہر کا نام نہیں لیتے۔۔۔۔جان۔۔۔جانو۔۔۔بیبی کہتے ہیں۔۔"وہ اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوے بولا۔۔۔جبکہ وہ بس اسکی شکل دیکھ کر رہ گئی۔۔۔۔


Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

پھر اسکے پاس سے اٹھنے لگی کہ رہبان نے ہاتھ تھام لیا۔۔۔ کہاں "

باہر آنٹی کے پاس۔۔۔انھیں عید مبارک بھی کہنا ہے پہلے ہی لیٹ ہو گئیں ہوں۔۔"وہ ہاتھ چھوڑا کر اپنا دوپٹہ

ٹھیک کرنے لگی پہلے ہی ڈریس اچھا خاصا فیٹینگ والا تھا۔۔۔

یار انھیں بعد میں کرنا پہلے انکے بیٹے کو کرو اچھی طرح "وہ اسکے جانے سے بدمزہ ہوا۔۔۔

ابھی آپ سے تو مل لی ہوں نہ "وہ معصومیت سے بولی

پلیز آپ رو کیں میں۔۔۔مل کے آتی ہوں۔۔۔ "

اوکے میں بھی چلتا ہوں۔۔۔"وہ بھی اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔

.............

اور پھر وہ دونوں کمرے سے ایک ساتھ باہر نکلے تو بہت مکمل لگ رہے تھے۔۔۔حیا سب سے عید ملی۔۔۔

بھائی قصائی کب آئے گا یار۔۔۔اس بار تو کافی دیر کا ٹائم دیا ہے۔۔"احد نے پریشانی سے کہا۔۔۔

ہاں اس بار خاصا لیٹ کا ٹائم ملا ہے۔۔۔۔ مگر کچھ نہیں ہوتا۔۔۔ آجائے گا۔۔"رہبان نے کہا۔۔۔اور حیا کے ہاتھ سے کھیر کی پیالی پکڑتے ہوئے۔۔۔ بھرپور انداز میں اسکی انگلیوں کو چھوا۔۔حیا نے بس ایک نظر اسکو دیکھا۔۔۔

جو دلجمی سے کھیر کھا رہا تھا لبوں کی تراش میں کھیر کی طرح میٹھی مسکراہٹ تھی۔۔

سب کو کھیر دے کر وہ بھی علیشبہ ابیھا کے ساتھ جا کر بیٹھ گئی۔۔

اچھے ماحول میں۔۔۔ کھیر کھائی گئی۔۔اور پھر قصائی آگیا۔۔احد کسی چھوٹے بچے کی طرح خوش تھا۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# اسلام علیکم

ہمارے ارد گرد بہت سے کردار ہیں جو کہ ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے۔۔اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو لکھ رہے ہیں تو ریڈرز چوائس آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہے ہیں جہاں آپ ان کہانیوں نہ صرف اچھے سے بیان کر سکیں گے بلکہ آپ کی صلاحیتوں کالوہا بھی منوا سکتے ہیں۔ریڈرز چوائس کا حصہ بنئے اور اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے ہم کو اپنی تحریر (ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،مضامین،کوکنگ ریسپی)اردو میں لکھ کر ہم کو بھیجیں۔ہم آپ کی ان تحریروں کو ایک ہفتے کے اندر اپنے ویب بلاگز(ویب سائٹس)،سوشل میڈیا گروپس،اور پیجز پر پبلش کریں گے انشاءاللہ۔مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

Email Address: mobimalik83@gmail.com

READERS CHOICE

Facebook ID; https://web.facebook.com/mubarra1

Instagram; https://www.instagram.com/mobi8741/?hl=en

Facebook Groups; READERS CHOICE, NOVELS FOR YOU ALL IN ONE, REQUEST NOVEL ONLY READERS CHOICE

گائے کی قربانی ہو گئ۔۔۔اور چند ہی گھنٹوں میں گوشت بھی تقسیم ہو گیا۔۔۔اسنے اپنے کپڑے چینج کر لیے۔۔۔ تھے۔

مرد حضرات آرام کی غرض سے اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے جبکہ اسنے چولہے پر کلیجی چڑھادی ابیھاعلیشبہ بھی اسکے ساتھ ہی تھیں۔۔۔جبکہ ساس بھی باہر تخت پر بیٹھی تھی۔۔۔

بھابھی اپ نے ایسے ہی ڈریس چینج کر لیا اتناپیارا ڈریس پہنا ہوا تھا" علیشبہ نے منہ بنا کر کہا تو وہ مدھم سا مسکرائ۔۔

جان میں کمفرٹیبل نہیں تھی۔۔۔کچھ دیر بعد امی کے ہاں جاوگی تو پہن لوں گی" وہ مصروف انداز میں بولی۔۔۔تو علیشبہ تو خاموش ہو گئ۔۔

مگر امی نے تو کہا ہے آپکی طرف کوئ نہیں جائے گا" ابیھا نے اچانک بولتے ہی دانتوں تلے زبان دبالی۔۔۔علیشبہ بھی اسے گھورنے لگی۔

جبکہ حیا کا چمچ ہلاتا ہاتھ رک گیا۔۔

..................

مگر کیوں۔۔۔"وہ بولی تو وہ دونوں نظریں چرا گئیں۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

پلیز بتاو مجھے۔۔۔امی نے خود فون کر کے آنٹی کو سب کا پیغام دیا تھا اگر کوئی ایشو تھا تو آنٹی اسوقت بات کر لیتیں یہ مجھ سے شئیر کر لیتیں۔۔۔" حیا کے دل میں دھکڑ پکڑ لگ گئی تھی اسکی ساس تھی تو ایسی ہی ہر چھوٹی سے چھوٹی بات پکڑ لیتی تھی۔۔ مگر اب تک اسنے ہر چیز کا خود سے خصوصی خیال رکھا ہوا تھا پھر اچانک کیا ہوا تھا۔۔۔

علیشبہ پلیز بتاو" اسکے اسرار پر علیشبہ بلآخر بول ہی اٹھی۔۔۔

بھابھی امی کو انکا اسطرح پیغام دینا پسند نہیں آیا۔۔ آپکی اور بھائی کی شادی کو ابھی چھ ماہ ہوے ہیں۔اور امی کہہ رہی تھیں انھوں نے پیغام اسطرح سرسری سا دیا ہے جیسے چھ سال ہو گئے ہوں۔۔۔اور آپکی امی کو آکر پیغام دینا چاہیے تھا۔۔۔"علیشبہ خاموش ہوئی تو وہ حیران رہ گئی۔۔ کتنی سی بات کا پتنگڑ بنا رہی تھی اسکی ساس۔۔۔یہ جانتے ہوے بھی کہ اسکی امی بیمار رہتی ہیں اور بڑے بھائی بھی یہاں نہیں ہوتے۔۔۔تو وہ بہت کم رشتے داروں کے ہاں جاتی ہیں

۔۔۔

وہ خاموش ہو گئی اب بچوں سے بھلہ کیا بات کرتی۔۔۔

خاموشی سے کلیجی بنا اکر اسنے ڈائنیگ پر لگا۔۔دی۔۔اب تک جو بال کھولے تھے انھیں جوڑے میں قید کر لیا۔۔۔

چہرے پر اداسی صاف واضح تھی۔۔سب ہی کلیجی کھانے کے لیے ڈائنیگ پر جمع ہو گئے۔۔۔

خاموش ماحول میں کھانا کھایا جا رہا تھا۔۔۔وہ علیشبہ

کے ساتھ بیٹھی تھی اسکے برابر میں ابیھا تھی جبکہ سامنے رہبان احد تھے۔۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سارا کام باخیریت وعافیت ہو گیا" اسکے سسر رہبان کی طرف دیکھ کر بولے تو اسنے تائیدی انداز میں گردن ہلائی اور پھر کھانے میں مصروف ہو گیا جبکہ اسکا ایک ایک نوالہ بری طرح اتر رہا تھا۔۔۔کہ اگر یہاں سے کوئی نہیں گیا تو رہبان اپنی فیملی کو چھوڑ کر اسکے ساتھ کسی صورت نہ جاتا۔۔۔اور اسے بھی نہ جانے دیتا۔۔ جبکہ وہاں اسکا سارا داد کا نانکا بھی مدعو تھا۔۔۔۔

مگر میں تو اپنی گائے کو بہت مس کر رہا ہوں" احد کلیجی کا نوالہ لیتے ہوئے دکھ سے بولا۔۔۔

ہاں تبھی تم اتنے بڑے بڑے لقمے لے رہے ہو۔۔" ایبھا نے برا سا منہ بنا کر اسکے لقمے کے سائز پر چوٹ کی تو وہ جل ہی گیا۔۔۔

تمھیں کیا تکلیف ہے۔۔ "

مجھے کیوں ہو گی تم ہی جھوٹ بولے جا رہے ہو۔۔۔" ایبھا نے بھی ٹکا سا جواب دیا۔۔۔

کھانے کے دوران فضول گوئی مت کیا کرو" انکل نے غصے سے احد کو کہا۔۔۔

بیٹا خاموشی سے کھانا کھاو" اور نرمی سے ایبھا کو کہہ کر کھانا کھانے لگے۔۔۔ احد تو اس دوہرائے پر تلملا گیا۔۔۔

اسنے آنٹی کے لبوں ہر مسکراہٹ دیکھی۔۔۔ جو احد کے منہ بنانے سے آئی تھی کچھ پر سکون بھی ہوئی۔۔ شاید اب انکا موڈ ٹھیک ہو گیا ہو۔۔۔ تبھی کسی سے بھی کوئی بات کیے بغیر۔۔ وہ وقت کا انتظار کرنے لگی۔۔۔

کھانا کھا کر ایک بار پھر سب اپنے کمروں میں بند ہو گئے۔۔۔

..................

رہبان تو کوئی فضول سی مووی دیکھ رہے تھے جس میں اسے رتی سا بھی انٹرسٹ نہیں تھا۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تبھی سیل فون اٹھا کر صوفے پر بیٹھ گئ۔۔۔چار بجے تک اسے ریڈی ہونا تھا۔۔ابھی ڈیڈ گھنٹہ تھا۔۔ تبھی سیل فون پر سب کی عید وشیز چیک کر رہی تھی۔۔۔

یہ دیکھ کر اسکے لبوں پر مسکراہٹ دوڑ گئ کہ۔۔۔رہبان اسے نماز سے پہلے ہی وش کر چکے تھے۔۔ مگر سیل دیکھنے کا وقت ہی نہیں ملا۔۔۔

تبھی جواب نہ دے سکی۔۔۔

تھینکس "۔۔۔ہارٹ اموجی کے ساتھ اسنے اسے وٹسپ پر میسج سینڈ کیا۔۔۔

کمرے میں رہبان کے موبائل کی ٹون بجی تو اسنے سائیڈ ٹیبل پر سے سیل اٹھا کر چیک کیا۔۔۔

اسکا میسج دیکھ کر اوپر دیکھے بغیر اسنے وہیں سے میسج سینڈ کیا۔۔

لیٹ "اموجی غصے والے تھے۔

بدلے میں حیا نے کنفیوز اور اداس ایموجیز بھیجے

۔۔۔میں مصروف تھی۔۔ "

مجھے فرق نہیں پڑتا۔۔۔یو بیٹر نو مجھے اپنی اگنورنس برداشت نہیں ہوتی۔۔" دوبارہ غصے والے ایموجی ڈال کر اسنے میسج سینڈ کیا حیا نے سر اٹھا کر اسکی طرف دیکھا۔۔جو چہرے پر سخت تاثر لیے سکرین کو گھور رہا تھا۔۔۔بات سیریس ہونے لگی تھی۔۔۔اسے احساس ہو گیا۔۔

سوری "اسنے ہاتھ جوڑنے والے ایموجیز بھیجے۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مجھے سوریز پسند نہیں۔۔۔ آپ کچھ اور بھی کر سکتی ہیں۔۔۔ "تیوری چڑھائے ایموجی بھیجا۔۔

جیسا کہ آپ حکم کریں میں حاضر ہوں "اسنے سمائیل کے ساتھ ہارٹ بھی بھیجے۔۔۔۔

صرف ایک کس "بغیر ایموجی کے جواب ملا۔۔۔ حیا کا موبائل اسکے ہاتھ کی کپکپاہٹ سے لرزنے لگا۔۔۔

اسنے ایک نظر اوپر اسکی طرف دیکھا جو بیڈ پر پھیل کر لیٹ چکا تھا۔۔۔ مگر چہرے کی مسکراہٹ واضح تھی۔۔۔

یہ تھوڑا ٹف ہے۔۔ پلیز سر میری سزا میں کچھ ترمیم نہیں ہو سکتی "اسنے معصوم فیس والے ایموجی بھیجے۔۔۔

ڈبل کسز "جواب ملا۔۔۔ وہ حیران ہوئی۔۔

مگر "

ٹرپل کسز "وہ تو بھکلا ہی گئ کہیں زیادہ نہ ہو جائیں اور وہ سزا پوری نہ کر سکے۔۔۔

اوکے اوکے پلیز نو مور۔۔۔ "اسنے گھبرا کر میسج کیا جبکہ اسنے ہنسنے والے ایموجیز بھیجے۔۔۔

تو پھر۔ آجاو "کہتے ساتھ ہی اسنے موبائل سائیڈ ٹیبل پر رکھ دیا سامنے ال آی ڈی بند کی۔۔۔ اور روم کی لائٹس تو پہلے سے ہی بند تھی۔ ال آی ڈی کی لائٹ بند ہوتے ہی۔۔ نیم اندھیرا سا چھا گیا۔۔۔

حیا۔۔۔ ان سب اشاروں کی زبان سھجتی تھی مگر گھبراہٹ نے اسکے پاوں کو شل کر دیا۔۔۔ جبکہ رہبان نے اپنی شرٹ کے بٹن کھول کر شرٹ صوفے پر پھینکی۔۔۔ جو اسکے منہ پر آ کر پڑی۔۔۔۔

اور کمفرٹر لے کر لیٹ گیا۔۔۔


Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

شرٹ سے اٹھتی رہبان کی خوشبو حیا کے حواسوں پر چھا گئی۔۔۔ اسنے شرٹ سائیڈ پر رکھی اور ٹائم دیکھا۔۔۔ ابھی تین بجنے میں بھی بیس منٹ۔۔تھے۔۔

وہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی اس تک پہنچی۔۔ اور بیڈ پر اسکے مقابل لیٹ گئی۔۔۔۔ اسکے لیٹتے ہی رہبان نے اسے اپنی جانب کھینچ لیا۔۔۔ حیا نے زور سے آنکھیں میچ لی۔۔۔۔

وہ جانتی تھی۔۔۔ اب وہ تب تک کچھ نہیں بول سکتی جب تک رہبان نہیں چاہے گا۔۔۔

-----------------------------وہ لیٹ ہو چکی تھی تبھی گھر سے مسلسل فون آرہے تھے۔۔ اسکا منہ بنا ہوا تھا۔۔۔ اور وہ اسی طرح غصے میں جلدی جلدی تیار ہو رہی تھی۔۔۔ رہبان اسکی ساری ناراضگی سمجھتا تھا۔۔۔ مگر اسے اپنی بیوی کی ہر ادا پسند تھی۔۔۔ وہ اٹھ کے خاموشی اور معصومیت سے تیار ہونے لگا۔۔۔۔

بلیک کرتا پہن کر اسنے آئینے میں اپنا اور مہرون کا مدار شارٹ فراق اور کھولے پجامے میں اپنی بیگم۔۔ کا عکس دیکھا تو اسپر جی بھر کے پیار آیا مگر ابھی وہ یہ پیار کر نہیں سکتا تھا۔۔۔ یہ ہر وقت بے وقت کا پیار ہی اسے آج لے ڈوبا تھا کے وہ سخت خفا تھی۔۔۔ وہ لیپسٹک لگا رہی تھی جبکہ رہبان۔۔۔ اسکے آگے پیچھے سے گہرے گلے کو دیکھ رہا تھا

---

I don't want you to take special care of your dupatta. There is no woman who sees your beauty----

(تم اپنے دوپٹے کا خاص خیال رکھنا میں نہیں چاہتا کوئی تمھاری خوبصورتی دیکھے کوئی عورت بھی نہیں)



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسنے چونک کر رہبان کی طرف دیکھا جو سنجیدگی سے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔

پھر کچھ بھی بولے بغیر دوپٹہ بیڈ پر سے اٹھا کر گلے میں لے لیا۔۔۔یہ واضح اعلان تھا کہ وہ بول نہیں رہی ہے۔۔ مگر اسکی بات مان چکی ہے۔۔۔

رہبان نے اسکے گلے سے دوبارہ دوپٹہ کھینچ لیا۔۔۔۔

I talked about your mother's house there are no restrictions in front of me here...

You will be here the way I want you to be----

(میں تمھاری امی کے گھر کی بات کر رہا ہوں یہاں میرے سامنے کوئی پابندی عائد نہیں ہوتی یہاں تم ویسے رہو گی جیسے میں چاہو گا)

وہ خاموشی سے سر جھکا کر کھڑی ہو گئی۔۔۔

دوپٹہ رہبان کے ہاتھ میں تھا جو اسنے بیڈ پر اچھال دیا۔۔

تیار ہو "اور اسکو دوبارہ تیار ہونے کو کہا۔

میں تیار ہوں۔۔"وہ منمنائی۔۔

جیولری تو پہنی ہی نہیں "اسنے جیسے اسے یاد دلایا۔۔۔

میرا دل نہیں کر رہا"وہ اکتا کر بولی۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ایسی کی تیسی تمھارے دل کی" اسنے تیور بگاڑ کر کہا اور اسکی جیولری ڈریس کے ساتھ میچ کر کے۔۔اسکو خود بھاری آویزے پہنائے۔۔

ایک ہاتھ میں بریسلیٹ اور دوسرے میں دو سونے کے کنگن ڈال کر وہ مطمئن ہو گیا۔۔۔

گلے میں رہبان کے نام کا پینڈیٹ تھا جو منہ دیکھائی میں اسنے اسکو دیا تھا۔

My beautiful bride "

پیار سے اسکا ماتھا چوم کر وہ خود بھی ریڈی ہونے لگا۔۔۔...............

اسپر اور خود پر جی بھر کے اپنا فیوریٹ پرفیوم کیا۔۔۔

لڑکی۔۔جا کے دیکھ تو لیتی۔امی اور سب تیار ہیں "شوز پہنتے ہوے اسنے اسکو یاد دلایا۔۔تو نہ جانے کیوں۔۔وہ خوف ذدہ سی ہو گئی۔۔

جی۔۔" کہہ کر وہ باہر نکلی تو سب ہی اپنے کمروں میں تھے۔۔چھ بجنے والے۔۔۔تھے۔۔

وہ آنٹی کے کمرے میں آ گئی

آنٹی آپ تیار نہیں ہوئی ابھی تک۔۔ابیھا علیشبہ احد بھی اپنے رومز میں ہیں اور انکل آپ بھی ریڈی نہیں ہوے "

اسکے دل کا ڈر اب اپنی اصل صورت اختیار کر رہا تھا۔

ادھر آو" انھوں نے اسے پاس بلایا۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور ہزار ہزار کے نوٹ اسپر سے وار کر سائیڈ پر رکھ دیے۔۔۔ پیچھے سے آتے رہبان نے یہ منظر مسکرا کر دیکھا

۔۔۔

ہم نہیں جا رہے ہیں۔۔ تم اور ہمارا بیٹا جانا چاہتا ہے تو چلی جاو۔۔۔ اور خیال سے رہنا نظر لگوا لو گی۔۔ "وہ زرا سختی سے بولیں۔۔

مگر امی آنٹی نے تو سب کو مدعو کیا تھا۔۔ پھر آپ لوگ کیوں نہیں جا رہے۔۔ "حیا کے بولنے سے پہلے ہی رہبان بولا۔

ارے بھائی بس رہنے دو جانتی ہوں میں کتنا اچھا مدعو کیا تھا۔ اور جہاں بیٹی دی جاتی ہے وہاں رکھ رکھاو بھی ہوتا ہے ۔۔یوں ہی۔۔ بس موبائل پر پیغام نہیں دے دیے جاتے۔ چھ ماہ خیر سے ہو گئے ہیں۔۔۔ مگر شادی اتنی بھی پورانی نہیں ہوئی تھی کہ ایسے پیغام دیے جائیں اور صاف بات ہے۔۔ میں ایسے پیغاموں پر نہیں جاتی۔۔۔ "

انھوں نے بھڑک کر کہا۔۔ تو رہبان خاموش ہو گیا۔۔ ایک نظر حیا کے فق چہرے پر ڈالی۔۔۔ اور بابا کی طرف دیکھا۔۔۔

بیگم اتنی اتنی باتیں نہیں پکڑتے۔۔۔ چلو اٹھو۔۔۔ بیٹے کا سسرال ہے۔۔۔ "انھوں نے انھیں سمجھانا چاہا۔۔۔

دیکھیے میں ایک بار کہہ چکی ہوں میں نہیں جاو گی۔۔۔ تو میں نہیں جاو گی باقی جس نے جانا ہے جائے۔ "وہ کہہ کر اٹھ گئیں۔۔۔

ٹھیک ہے رہنے دو تم اسے۔۔ میں چل رہا ہوں اور میرے بچے بھی۔ "بابا بھی غصے میں اٹھ گئے۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میری بات کی تو کوئی اوقات ہے ہی نہیں۔۔۔ ٹھیک ہے۔۔ جیسا جس کا دل کرے" وہ رنجیدہ لہجے میں بولیں تو رہبان نے انھیں سینے سے لگا لیا۔۔

آپ فکر نہ کریں۔۔ ہم میں سے کوئی نہیں جائے گا۔۔۔ جب ان لوگون کو طریقہ اور رکھ رکھاو آجائے گا۔۔۔ تب

ہم بھی دیکھ لیں گے۔۔ اوکے آپ بلاوجہ پریشان نہ ہوں۔۔" وہ انھیں تسلیاں۔۔ دینے لگا۔۔

تمھاری ماں بھی بیوا قوف ہے اور تم بھی۔۔۔

پڑے رہو دونوں یہی چلو بہو۔۔۔ اور بچوں کو بھی کہو بہت دیر ہو گئی ہے" بابا نے غصے سے رہبان کو ڈپٹا اور ساکت کھڑی حیا کو کہا۔۔۔

جو رہبان کی جانب دیکھ رہی تھی۔۔۔

بابا جب میں نہیں جارہا میری ماں نہیں جارہی تو حیا بھی کہیں نہیں جائے گی" وہ سختی سے بولا۔

حیا بیٹی اسکو بولنے دو تم چلو۔" انھوں نے دوبارہ کہا تو۔۔ اب کے حیا بھی مڑ کر باہر نکلنے لگی کہ رہبان کو اپنی حکم عدولی بری طرح کھلی۔۔۔

..................

وہ دو قدم آگے بڑھا اور اسکا ہاتھ سختی سے تھام لیا۔۔

کیا بکواس کر رہا ہوں سمجھ نہیں آتی نہیں جاو گی تم کہیں "



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

رہبان۔۔۔آپ ایسا کیسے کہہ سکتے ہیں جانتے بھی ہیں آنٹی اتنی سی بات کا ایشو بنا رہی ہیں وہاں سب ویٹ کر۔۔۔۔"

چٹاخ۔"

میری ماں ایشو بنا رہی ہے۔۔۔اسقدر بد تمیزی کی تمھاری ہمت کیسے ہوئی۔۔۔تمیز تہزیب نام کی کوئی چیز نہیں ہے ۔۔تم میں۔بڑوں کو اس طرح مخاطب کیا جاتا ہے۔۔

اور ایشو تمھاری ماں نے بنوایا ہے۔۔۔میری ماں کتنی رکھ رکھاو والی ہے یہ جانتے ہوے بھی انھوں نے ڈھنک کا پیغام نہیں دیا۔۔۔

اور تم مجھے بتا رہی ہو کہ میری ماں ایشو بنا رہی ہے"

۔۔وہ اسے غصے سے جھٹک کر پلٹ کر کمرے میں چلا گیا۔۔بھاری آویزہ تھپڑ پڑنے کی وجہ سے کان کی لو کاٹ چکا تھا تبھی خون کی لکیر کان سے گردن میں اتر رہی تھی۔۔۔وہ ساکت سر جھکائے کھڑی تھی۔۔۔آنکھوں سے آنسو مسلسل گیر رہے تھے

بس مل گئ خوشی" انھوں نے اپنی بیوئ کو بری طرح گھورا جو خود شاکڈ میں تھیں ایسا تو انھوں نے نہیں چاہا تھا۔۔۔شرمندگی سے وہ اسکے پاس بھی نہیں جا سکیں اور پلٹ کر کمرے میں چلیں گئ۔۔۔اور ان سب کے جاتے ہی وہ تینوں تیزی سے۔۔اپنی جان سے پیاری بھابھی کی طرف لپکے۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آپ روم میں چلیں۔۔۔" احد نے اسے کندھوں سے تھاما اور اپنے کمرے میں لے آیا ابیھا علیشبہ بھی ساتھ ہی تھیں۔۔۔

وہ مسلسل روئے جا رہی تھی اور اسکے رونے سے انھیں بھی رونا آ رہا تھا۔۔۔

بھائی بہت برے ہیں۔۔" ابیھا غصے سے بولی۔۔تو وہ بھی سسکی۔۔

ہاں بہت برے ہیں" وہ معصومیت سے سر ہلا رہی تھی۔۔۔

اسی دوران اسکا فون بجھ رہا تھا۔۔جسے کسی نے اٹھانے کی زحمت نہیں کی۔۔۔

علیشبہ نے اسکے کان کا خون صاف کیا۔۔اور پھر وہ رات۔۔۔انھیں تینوں کے پاس سو گئی۔۔۔

--------------------------

مجھے اسپر ہاتھ نہیں اٹھانا چاہیے تھا۔۔۔ "

غصہ اترتے ہی پشتاوں نے گھیر لیا۔۔۔۔

۔۔۔عید کا دوسرا دن نہایت بور گزرا تھا۔۔۔حیا کسی سے بھی بات نہیں کر رہی تھی۔۔گھر کی رونق جیسے ماند پڑ گئی تھی۔۔۔ساتھ ساتھ رہبان کے دل کی بھی۔۔سب ہی اسکی خاموشی کو بری طرح محسوس کر رہے تھے۔۔۔وہ خاموشی سے چپ چاپ اپنے فرائض سر انجام دے رہی تھی۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مگر نہ ہی رہبان کے سامنے آئی اور نہ ہی۔۔۔اس سے کوئی بات کی باقی سب سے بھی سر سری۔۔۔سی بات کی ۔۔گھر سے مسلسل امی فون کر رہی تھی مگر وہ کسی کا بھی فون نہیں اٹھا رہی تھی۔۔۔بڑے بھائی بھی کئی فون کر چکے تھے۔۔

اگلے دن انکل کی ساری بہنوں اور بھائیوں اور انکے بچوں کی دعوت تھی وہ صبح جلدی اٹھ کر آنٹی کے پاس آگئی ۔۔۔

آنٹی بتادیں کیا کیا بنانا ہے۔۔۔"انھیں لگا پرسوں کی بات کے بعد وہ اب کسی کام کو ہاتھ نہیں لگائے گی مگر۔۔وہ غلط تھیں شرمندگی سی بولنے لگی۔۔

میں نے لسٹ علیشبہ کو رات ہی دے دی تھی۔۔۔"انھوں نے کہا تو وہ سر اثبات میں ہلا کر اٹھ گئی۔۔۔

اور پھر وہ مکمل طور پر کام میں جت گئی

ابیھا علیشبہ بھی ساتھ ہی تھیں۔۔۔اور آنٹی بھی مدد کر دیتی۔۔۔

کام سے فارغ ہو کر اسنے ڈریس بدلنا چاہا مگر سارے ڈریس۔۔تو اسکے کمرے میں تھے جہاں رہبان۔۔بھی تھا علیشبہ میرے کمرے میں سے کوئی سا بھی ڈریس لا دو پلیز "وہ بے زاریت سے بولی۔۔تو علیشبہ سر ہلا کر۔۔۔ اسکے کمرے میں آگئی۔۔۔

بھائی بھابھی کے کپڑے لینے ہیں لے لوں "اسنے پہلے بھائی سے اجازت لینا ضروری سمجھا۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کیوں تمھاری بھابھی کے پاس اپنے ہاتھ نہیں۔۔ ان سے کہو کپڑے لینے ہیں تو خود لیں میرے بہن بھائی نوکر نہیں ہیں اسکے۔۔۔" وہ جان بوجھ کر ایسے بولا کہ چلو غصے میں ہی سہی۔۔۔ روم میں آئے باقی تو وہ منا لے گا اسکے غصے سے بولنے سے۔۔۔ جہاں علیشبہ خائف ہوئی وہیں حیا کو مزید رونا آیا۔۔ اور پھر رہبان کی سوچ کے عین مطابق وہ غصے سے کمرے میں داخل ہوئی جو کہ ایک دن کی اسکی غیر حاضری پر اپنی شکل آپ ہی نہیں رہا تھا ۔۔۔ مگر روم کو یا اسکے مالک کو دیکھے بغیر وہ وارڈروب کیطرف بڑھی۔۔۔

علیشبہ تم جاو۔ میں خود لے لوں گی۔۔۔ تم لوگ میرے نوکر تھوڑی ہو جو میرا کام کروگے۔۔" وہ روہانسی لہجے میں بول کر وارڈروب کا پٹ کھول کر کھڑی ہو گئی۔۔۔ علیشبہ اور رہبان کی طرف پیٹھ تھی۔۔۔

رہبان کا دل کٹ سا گیا۔۔۔ وہ اپنی اتنی پیاری دولہن کو مسلسل رولا رہا تھا۔۔ مگر خاموش رہا بہن کھڑی تھی بہن کے سامنے تو بیگم کو نہیں منا سکتا تھا۔۔۔

تو بھابھی آپ بھی ہماری نوکر نہیں ہیں جو سارے دن کام میں لگی رہتی ہیں۔۔۔ اور میں آپ کی بہن ہوں باقی کوئی کچھ بھی کہے۔۔۔ پلیز کسی کی وجہ سے آپ ہمارا رشتہ خراب نہیں کریں گی۔۔۔۔" علیشبہ آگے بڑھ کے حیا کے گلے لگ گئی۔۔۔ حیا نے جتاتی نظروں اور سرخ چہرے سے اسکی طرف دیکھا۔۔ جبکہ وہ ڈھٹائی سے۔۔ ہنس کر داد دینے والے انداز میں بے آواز تالی بجا رہا تھا۔۔۔

میں جانتی ہوں۔۔۔ تم اب اداس نہ ہو۔۔۔ فرزانہ آنٹی اور انکے بیٹے بھی آئیں گے اچھی سی تیار ہو جاو۔۔۔ اوکے ۔۔ اور پلیز پلاو کو دم لگایا تھا چولہا بند کر دینا۔۔۔" اسنے مسکراتے ہوئے۔۔ علیشبہ سے کہا۔۔۔ جاو کے بھابھی کہہ



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کے باہر نکل گئ۔۔۔اور حیا نے بغیر اسکی طرف دیکھے۔۔پیٹھ موڑ کے اپنے کپڑے نکالے۔۔۔ابھی وہ وارڈروب کے پاس سے ہٹتی ہی کہ پیچھے سے رہبان نے اسے بازوں کے حصار میں لے لیا۔۔۔۔

حیا نے پر زور کوشش کر کے خود کو اس سے چھوڑانا چاہا مگر ناکام رہی۔۔۔۔

چھوڑیں مجھے۔۔۔۔۔نہیں سننا آپکا کوئی سوری مجھے۔۔۔"وہ آنسوؤں کے درمیان بولی۔۔جبکہ اسنے اسکا روخ اپنی طرف کرلیا۔۔۔۔۔

میں نے تم سے سوری مانگی کب ہے "کان کی لو پر بینڈ تیج دیکھ کر اسے شرمندگی ہوئی۔۔نہ جانے کیوں وہ اتنا بے اختیار ہو گیا تھا۔۔۔اسنے پسینے سے بینڈ تیج پر چپکے ہوے بالوں کو ہٹایا۔۔اور نرمی سے اسکے زخم پر انگلیاں پھیرنے لگا۔۔۔

ہاں آپکی انا جو بہت اونچی ہے۔۔مجھ سے معافی کیوں مانگے گے بھلہ۔۔"وہ اسکا ہاتھ جھٹکتی۔۔۔اب کے مزید رونے لگی تھی۔۔۔۔

رہبان خاموشی سے اسکو دیکھنے لگا۔۔۔حیا نے بھی اپنی غلطی محسوس کرلی تھی۔۔۔۔یہ بات تو شاید رہبان کے اسکو تھپڑ مارنے سے بھی بڑی تھی کہ اسنے اسکا ہاتھ جھٹکا۔۔۔۔

سوری۔۔"وہ آہستہ سے بولی۔تو۔۔رہبان نے حیا کو کھینچ کر اپنے سینے میں قید کرلیا۔۔۔وہ اسکے شانے سے چپکی رو رہی تھی جبکہ۔۔۔وہ اسکے بالوں میں نرمی سے ہاتھ پھیرنے لگا۔۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

پلیز رہبان آئندہ کتنا ہی غصہ کیوں نہ ہو۔۔۔ آپ مجھ پر ہاتھ مت اٹھایے گا۔۔۔ مجھے خوف آتا ہے۔مار پیٹھ سے ۔۔۔۔پلیز۔۔۔"وہ مسلسل روے جا رہی تھی جبکہ وہ اسکے کپکپاتے لہجے اور آنسوں کو دیکھ کر شرمندہ ضرور تھا مگر منہ سے اعتراف نہیں کر سکا۔۔۔

اوکے۔۔۔اب چپ ہو جاو۔۔۔میں پرومیس کرتا ہوں نیکسٹ ٹائم تمھاری آنکھ میں کبھی میری وجہ سے آنسو نہیں آئیں گے "کہتے ساتھ ہی اسنے اسکی نم پلکوں کو چوم لیا۔۔۔

آئی لو یو "نرمی سے اسکی کان میں بول کر وہ اسکے آنسو صاف کر رہا تھا۔۔۔

مگر حیا نے اسکے آئی لو یو کا جواب نہیں دیا۔۔۔

اب بھی ناراض ہو۔۔"اسنے دونوں ہاتھوں میں اسکا چہرہ تھام کر پوچھا۔۔۔

نہیں۔۔۔"اسنے جواب دیا۔

تو آئی لو یو ٹو۔۔۔مجھے پڑوسن کہے گی۔۔۔"وہ شرارت سے مسکرایا۔۔جبکہ اسنے غصے سے گھورا۔۔۔

آپکی بھی۔۔اور آپکی پڑوسن کی بھی جان نکال لوں گی۔۔۔"وہ اسے دھکا دے کر واشروم کیطرف بڑھی جبکہ وہ ۔۔مزے سے بیڈ پر گیر گیا۔۔۔

یار جواب تو دیتی جاو" سر اٹھا کر اسکی طرف دیکھا۔۔جو باتھروم کے دروازے کے پاس کھڑی مسکرا کر اسکو ٹھینگا دیکھا رہی تھی۔۔۔

رات کو بتاو گا۔۔تمھیں تو"وہ زور سے چینخا جبکہ حیا کھکھلا کر ہنس دی۔۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

موسلا دھار بارش کے بعد یہ سماں اسے بہت بھلا لگ رہا تھا۔۔۔

-------------------------------

مہمان سب آ گئے تھے۔۔۔ حیا کچن میں کھڑی کھانا نکال رہی تھی جبکہ رہبان کی بے تاب نظریں۔۔۔ اسی پر تھیں ۔۔۔ وہ لگ بھی تو بہت حسین رہی تھی۔۔۔

نیوی بلیو کلر کے پلین انر پر ہلکے پھولکے کام کا اوڑ نیچے ٹائٹ ٹخنوں سے اونچا کیپری۔۔۔ اور پلین دوپٹہ اور کھلے بالوں اور میکپ جیولری میں وہ اسکے دل پر بجلیاں گیرا رہی تھی۔۔۔ پورے حال میں اسکے۔۔۔ جتنی کوئی لڑکی بھی خوبصورت نہیں لگ رہی تھی۔۔۔۔

نمرہ کی غیر ارادی نظر رہبان پر پڑی۔۔۔ جو مسلسل اپنی بیوی کو دیکھے جا رہا تھا رہبان اسکی خالہ کا بیٹا تھا اور حیا سے شادی سے پہلے رہبان کا رشتہ نمرہ کے لیے آیا تھا۔۔۔

جسے اسنے انکار کر دیا تھا۔۔۔ کیونکہ وہ کسی اور کو پسند کرتی تھی۔۔۔ اور تب تک رہبان کی مالی پوزیشن بھی۔۔ اتنی اچھی نہیں تھی جتنی اچھی اسکے یونی فیلو ضیغم کی تھی مگر ضیغم جلد ہی اس سے اکتا گیا۔۔ اور آج اسکے ہاتھ سے رہبان بھی نکل گیا۔۔ تھا۔۔۔

اسے اسوقت شدید افسوس ہو رہا تھا۔۔۔ حقیقت میں حیا بھی خاصی۔۔۔ خوبصورت تھی۔۔ اور نمرہ کے اندر شدید جلن اٹھ رہی تھی۔۔۔ وہ اٹھ کر۔۔۔ کچن میں۔۔ حیا کے پاس آ گئی۔۔۔

علیشبہ حیا ابھا۔۔۔ تینوں ہی برتنوں میں کھانا نکال رہی تھی۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آو میں بھی ہیلپ کر دیتی ہوں۔۔"نمرہ نے کہا اور حیا کے ہاتھ سے باول۔لیتے ہوے ڈونگے کو تھوڑا سا تیر چھا کیا ۔۔۔تو حیا کے ڈریس پر سالن گیر گیا۔۔۔حیا ایکدم پیچھے ہو گئ۔۔۔

اوہ سوری سوری۔۔۔"نمرہ نے ڈونگا سائیڈ پر رکھ کر۔۔۔مصنوعی شرمندگی سے کہا۔۔۔

رہبان احد پیچھے سے اسکی حرکت نوٹ کر چکے تھے۔۔۔۔

نمرہ آپی آپ کے ہاتھ کسی کام کے نہیں ہیں۔۔آپ نہ ہیلپ کریں میری بھابھی کی۔۔۔"احد کے کہنے پر۔۔وہ غصے سے اسے گھورنے لگی۔۔۔جبکہ رہبان اور باقی سب کزنز جو پیچھے ہی کھڑے تھے ہنسنے لگے۔۔تو نمرہ پیر پٹکھتی ۔۔باہر نکل گئ۔۔۔

بری بات احد"حیا نے احد کو گھورا تو وہ کندھے اچکا گیا۔۔۔

آپ سب لوگ چلیں۔۔کھانا لگ گیا ہے۔۔لیونگ روم میں۔۔"ابیھا نے آکر اطلاع دی تو سب اس طرف چل دیے حیا نے بھی۔۔پانی سے شرٹ کو صاف کیا اور لیونگ روم میں آ گئ۔۔۔۔۔

---------------------------------

آسیہ میں چاہتی ہوں کے اب بچوں کے دن رکھ لیں۔۔"کھانے سے فارغ ہو کر فرزانہ آنٹی جو کہ آسیہ (رہبان کی امی) کی بڑی نند تھیں انھوں نے کہا۔۔۔انکے اسطرح اچانک کہنے سے سب میں ہی چیما گویاں بڑھنے لگیں۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

علیشبہ تو وہاں سے اٹھ کر فورن ہی روم میں چلی گئ۔۔ایمھا اور باقی کزنیں بھی اسکو چھیڑنے کی غرض سے علیشبہ کے کمرے میں چلیں گئیں۔۔۔اب وہاں بڑے بڑے ہی بیٹھے تھے۔

کیوں نہیں باجی۔۔۔یہ تو اچھی بات ہے بچوں کے فرضوں سے جلد فارغ ہو جائیں گے۔۔" آنٹی نے مسکرا کر کہا

---

اور پھر شادی کی تاریخ دو ماہ بعد کی رکھ دی گئ۔۔۔

سب ہی خوش تھے۔۔۔ایک بار پھر میٹھا کھلایا گیا۔۔۔

جو حیا ہی سب کو پیش کر رہی تھی۔۔

بھئ تمھاری بہو بہت ہی پیاری ہے۔۔۔"رہبان کی پھوپھو نے حیا کو پیار سے دیکھا تو حیا شرما سی گئ جبکہ نمرہ کو تو آگ ہی لگ گئ۔۔۔جبکہ نمرہ کی والدہ نے بھی نا گواری سے پہلو بدلہ

ہاں میری بہو بہت پیاری بھی ہے اور خوب سیرت۔۔۔اور فرمابردار بھی" انھوں نے بھی پیار سے کہا۔۔۔

رہبان بھی اسے پیار بھری نظروں سے دیکھنے لگا۔۔۔بلاشبہ اسکا انتخاب بہترین تھا۔۔۔

-------------------------------

اب علیشبہ کے جہیز کا سارا انتظام آپ مجھ پر چھوڑ دیں فرنیچر وغیرہ کا آرڈر تو میں فورن ہی دے دوں گا تاکہ۔۔۔ بعد میں مسلہ نہ ہو۔۔۔اور کراکری الیکٹرونکس کا سامان بھی جلد ہی خرید لیں گے۔۔۔ آپ لوگ کپڑوں کا انتظام کر لیجیے گا۔۔۔باقی ہال وغیرہ۔۔بابا دیکھ لیں گے۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور فوٹو گرافر کی بات میں احد سے کر لوں گا اسکا کوئی دوست ہے وہی آجائے گا۔۔۔

دن کم ہیں اسی لیے کام زرا جلدی جلدی کرنا ہو گا" اسوقت کمرے میں رہبان آسیہ بیگم اور سفدر صاحب دو ماہ بعد رکھی گئی شادی کی پلیننگ کر رہے تھے۔۔۔

رہبان نے سارا پلین ترتیب کر کے آسیہ بیگم کے سامنے رکھا۔۔۔جو انھیں معقول بھی لگا۔۔۔

رہبان میرے دماغ میں ایک بات آرہی ہے" آسیہ بیگم نے سفدر صاحب کے اٹھ کر واشروم جاتے ہی اپنے دماغ میں اٹھتی بات بیٹے کو بتانا چاہی۔۔

جی امی بولیں" رہبان نے کہا اور ساتھ رکھا کافی کا مگ لبوں سے لگا لیا۔۔۔ابھی ابھی حیا ہی یہاں اسکے لیے کافی رکھ کے گئی تھی۔۔۔۔

میں سوچ رہی ہوں ہم ابیھا علیشبہ کی شادی ایک ساتھ کر دیں۔۔۔تم کیا کہتے ہو اس بارے میں "

انھوں نے بیٹے کی رائے جاننی چاہی۔۔۔

ہاں بات تو ٹھیک ہے ویسے بھی ان دونوں کی عمروں میں فرق بھی نہیں ہے۔۔مگر ابھی ابیھا کے لیے تو۔۔۔" اسنے بات ادھری چھوڑ دی جبکہ آسیہ بیگم نے بات سمجھتے ہوے سر ہلایا۔۔۔

یہ ارہم اپنی ابیھا کے لیے کیسا رہے گا۔۔"۔بلآخر وہ دل کی بات لبوں پر لے ہی آئیں۔۔۔

حیا کا بھائی۔۔۔"رہبان نے کپ سائیڈ میں رکھتے ہوے حیرت سے پوچھا۔۔۔

ہاں ہاں وہی "



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مگر وہ ہماری ایبھا سے کافی بڑا ہے امی "رہبان کو یہ جوڑ کچھ مناسب نہیں لگا۔۔۔

یہ تم حیا سے کتنے بڑے ہو۔۔۔ زرا بتانا" انکی بات پر وہ سوچ۔ میں پڑ گیا۔۔۔ وہ حیا سے سات سال بڑا تھا۔۔۔ اور ارہم اور ایبھا کی عمروں میں بھی تقریباً سات آٹھ سال کا ہی فرق تھا۔۔۔ انھوں نے بیٹے کو سوچ میں دیکھ کر اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا۔۔

گھر کا بچہ ہے۔۔ سمجھدار ہے۔۔۔ میں اپنی دونوں بیٹیوں سے ایک ساتھ فارغ ہونا چاہتی ہوں۔۔ تم حیا سے بات کرو" اور پھر وہ اثبات میں سر ہلاتا وہاں سے اٹھ گیا۔۔۔۔

ایسا ہو جاتا تو اچھا ہی تھا۔۔ اسطرح انکا رشتہ مزید مضبوط ہو جاتا۔۔۔ وہ سوچتا ہوا روم میں داخل ہوا۔۔۔ جہاں حیا ۔۔۔ نائٹ ڈریس میں بغیر میکپ کے بالوں کا جوڑا بنائے۔۔۔۔ ڈریسنگ کے سامنے بیٹھی۔۔۔ اپنے کومل بازوں پر لوشن لگا رہی تھی۔۔۔ اور ساتھ ساتھ کانوں میں آئیر فونز پر کسی سے باتیں بھی کر رہی تھی۔۔۔

وہ مسکراتا ہوا اسکے نزدیک آگیا۔۔ اور جھک کر۔ اسکے بالوں پر پیار کر کے۔۔۔ وہ بیڈ پر لیٹ کر اسی کیطرف دیکھنے لگا۔۔۔

حیا نے۔۔ سیل فون اف کر کے۔۔۔ سائیڈ میں رکھا اور اسکی طرف مڑی چہرے پر دلکش مسکان تھی۔۔۔

ڈو یو نو" وہ بولی۔۔۔

نو آئی ڈونٹ نو" وہ ہنسا۔۔۔

سنیں نا۔۔ "حیا نے منہ بنایا۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اچھا بولو۔۔"وہ دل و جان سے اسکی طرف متوجہ ہوا۔۔

آپ کو پتہ۔۔بڑے بھائی نے شادی کے لیے ہاں کر دی ہے"وہ خوشی سے چھک رہی تھی۔۔۔رہبان نے اسکا بازوں پکڑا اور اسکو بیڈ پر اپنے ساتھ لیٹا لیا۔۔۔

یہ تو بہت اچھی بات ہے"وہ اسکے بالوں میں انگلیاں پھیرتے ہوئے بولا۔۔۔

ہاں نہ۔۔۔مجھے تو بہت خوشی ہو رہی ہے دو دو شادیاں ہو گئیں۔۔۔سب کیسے مینیج ہو گا"حیا پریشانی سے بولی۔۔۔

ہو جائے گا۔۔دونوں ہی گھر کی شادیاں ہیں۔۔"رہبان نے کہا۔۔وہ جانتا تھا۔۔۔جو بات وہ حیا سے کہے گا وہ اسے پورا لازمی کرے گی۔۔۔ تبھی پر سکون تھا۔

ہاں یہ تو ہے۔۔۔ارے لڑکی کا تو میں نے بتایا ہی نہیں"وہ ایکدم اٹھ کر بیٹھ گئی۔۔۔رہبان جو آنکھیں بند کر چکا تھا اسکے اٹھنے پر اسکو دیکھنے لگا۔۔۔

میں جانتا ہوں"رہبان نے سیریس ہو کر کہا۔۔۔

اچھ تو پھر بتائیں۔۔۔کون"وہ سکون سے اسکی طرف دیکھنے لگی۔۔۔

ابیھا"رہبان کے اچانک کہنے پر اسے لگا جیسے اسکے سننے میں فرق۔ہو گیا ہو۔۔۔۔۔

جی۔۔"وہ حیران ہوئی۔۔۔

ہاں۔۔۔دیکھو میرا خیال ہے کہ ابیھا اور ارہم کی جوڑی بہترین رہے گی۔۔۔تم اپنی امی اور بھائی سے بات کرو اس موضوع پر "



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آپ آپ یہ کیا کہہ رہے ہیں۔۔۔رہبان ایھاتو ارہم بھائی سے بہت چھوٹی ہے" حیا کی حیرانگی اب بھی کم نہیں ہوئی تھی اسکے لیے یہ بات غیر متوقع تھی۔۔۔

تم بھی مجھ سے عمر میں بہت چھوٹی ہو تو کیا میں نے تمھیں خوش نہیں رکھا ہوا۔" رہبان۔۔کا انداز اچانک ہی سخت ہونے لگا تھا۔۔۔

میں جانتی ہوں مگر ہماری شادی تو پسند کی شادی تھی۔۔۔۔"اسنے یاد دلانا چاہا۔۔۔۔

میری بہن میں کوئی کمی نہیں تمھارا بھائی خود باخود اسے پسند کرنے لگ جائے گا تم بس اپنی امی سے بات کر لو۔" اسنے حتمی لہجے میں کہا۔۔۔

رہبان۔۔۔۔۔وہ۔۔۔وہ۔۔۔ارہم بھائی کسی اور کو پسند کرتے ہیں۔۔۔۔پھر ایسا کیسے ہو سکتا ہے۔۔۔اور اور ۔۔۔میرے خیال سے وٹا۔سٹا کچھ ٹھیک نہیں رہے گا"وہ جھجھک کے اپنے اندیشے بتانے لگی۔۔۔۔

وہ چند لمحے۔۔۔۔اسکی طرف یوں ہی دیکھتا رہا۔۔۔۔۔اور پھر غصے سے بولا۔۔۔

میری بہن کو کبھی اپنی بہن سمجھا ہوتا تو ایسا نہ کہتی" کہتے ساتھ ہی پیچھے کو ہو کر۔۔آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر لیٹ گیا۔

۔۔۔

غصہ تو اسے اسوقت حیا۔پر بہت آرہا تھا۔۔۔

اور یہ بات حیا کو بھی محسوس ہو گئی۔۔۔مگر وہ بھی کیا کرتی۔۔۔ایک عرصے بعد اسکا بھائی۔۔۔۔خوش تھا۔۔۔

عروش اسکو پسند تھی پھر اب وہ اپنے بھای کی خوشیاں کیسے برباد کر دیتی۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

نہیں وہ ایسا نہیں کر سکتی تھی۔۔۔۔۔۔

رہبان آپ بات سمجھنے کی کوشش "

شیٹ اپ حیا۔۔"ابھی اسکی بات ادھری تھی کہ وہ غصے سے چلایا۔۔

اب مزید مجھ سے بات مت کرنا۔۔۔ سمجھیں "وہ وارن کرنے والے انداز میں بولا۔۔۔حیا کی آنکھیں آنسوں سے لبریز ہو گئیں۔

اوکے میں امی سے بات کروں گی۔۔۔"وہ ہلکی سی آواز میں منمنائی۔۔۔

ضرورت نہیں ہے اس احسان کی "وہ اب بھی ترخ کے بولا۔۔۔

پلیز رہبان مجھے کچھ ٹائم تو دیں۔۔"وہ رو دینے کو تھی۔۔۔ مگر رہبان پیٹھ موڑ کر لیٹ گیا۔۔۔۔

جبکہ حیا اسکی بے رخی پر دوسری سائیڈ پر لیٹ گئ۔۔اسکی آنکھ سے آنسو ٹوٹ ٹوٹ کر تکیے میں جزب ہو رہے تھے کمرے کی خاموشی میں اسکی مدھم سسکیاں رہبان کو بے سکون کر رہیں تھیں۔۔۔۔

کچھ دیر تو وہ اسکے چپ ہونے کا انتظار کرتا رہا۔۔۔پھر جھٹکے سے پلٹا اور اسکو اپنے نزدیک کھینچ کر۔۔اسکے سسکتے لبوں پر۔۔۔۔اپنا بھاری ہاتھ رکھ دیا۔

اب آواز نکلی تو یہیں گردن دبا دوں گا"بڑی بڑی آنکھوں سے اسے گھورتے ہوئے بولا۔۔

مجھے مثبت جواب چاہیے حیا۔۔۔"اسکے کان میں سرگوشی۔۔کرتے ہوئے۔۔۔وہ اپنی من مانیوں پر اترنے لگا تھا ۔۔۔۔جبکہ حیا کا دماغ ارہم کے گرد تھا۔۔۔۔وہ کسی صورت یہ بات نہ مانتا۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مگر تا دیر نہ رہ سکا۔۔رہبان کی بڑھتی جسارتیں اسے خود میں سمیٹنے پر مجبور کر رہیں تھیں۔۔

------------------------------

تقریباً ایک ماہ بعد آج وہ اپنی امی کے گھر آئی تھی تبھی بے پناہ خوش تھی۔۔۔بڑے بھائی کو تو دیکھ کر۔۔۔ آنسو ہی نکل آئے تھے کیونکہ اس بار وہ دو سال بعد آئے تھے۔۔۔۔

سب نے ہی اس سے شکوے کیے کے عید پر نہیں آئی۔۔امی تو بقائدہ ناراض بھی ہوئیں۔۔۔ مگر اسنے جلد ہی سب کو منا لیا۔۔۔رہبان بھی ساتھ ہی آیا تھا۔۔۔گھر کا داماد ہونے کی حثیت سے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا۔۔ گیا تھا۔۔ مگر وہ زیادہ دیر نہ رک سکا۔۔

کھانا کھا کر وہ اپنے کسی دوست کے ہاں چلا گیا تھا۔۔۔۔

حیا نے جھجھکتے ہوے امی سے رہبان کی بات کی۔۔۔۔دل تو اسکا بلکل نہیں تھا یہ بات کرنے کا مگر کیا کرتی۔

رہبان نے کبھی اسکے دل کی نہیں سنی تھی۔۔۔۔

حیا۔۔۔میرے بیٹے نے ایک عرصے بعد مجھ سے فرمائش کی ہے۔۔۔اور وہ اس لڑکی کو پسند بھی کرتا ہے ۔۔بر گیڈیر نواز کی بیٹی ہے۔۔ تمھاری شادی میں آئی تھی۔ "

میں جانتی ہوں امی۔۔۔میں خود بھی ایسا کچھ نہیں چاہتی۔۔۔ مگر کیا کروں میری تو کچھ سمجھ میں نہیں آرہا۔۔۔۔

رہبان میری کوئی بھی بات سننے کے لیے تیار ہی نہیں ہیں۔۔۔۔"وہ بے بسی سے بولی۔۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کیاباتیں ہورہی ہیں بھئی۔۔"ارہم ڈھیلے سے ٹراوزر شرٹ میں فوجی کٹ بالوں اوراپنی سرخ وسفید رنگت پر بڑھئی ہوی بریڈز سمیت بہت خوبرولگ رہاتھا۔۔وہ دونوں بہن بھائی ہی۔۔۔خوبصورتی کی مثال آپ تھے۔۔۔

وہ صوفے پر حیاکے برابر میں بیٹھ گیا۔۔۔۔

جبکہ امی سامنے بیڈ پر بیٹھی تھیں۔۔

لیڈیز خیریت ہے۔۔۔۔اتنی سنجیدگی۔۔"ارہم نے دونوں کو سوچ میں ڈوبا دیکھاتو۔۔۔زور سے بولا۔۔۔

کیاہے بھائی بندہ کچھ دیر خاموش بھی نہیں رہ سکتا۔۔"حیانے منہ بنایا۔۔۔تو ارہم نے اسکے سر پر چپیت لگائی۔۔۔

میری چڑیا چہکتی ہوی اچھی لگتی ہے۔۔۔اوکے۔۔۔اور آپ دونوں عروش سے مل آئیں۔۔۔میں نے اسکوانفارم کر دیاہے"ارہم نے بتایا۔۔۔

اچھاجی۔۔۔۔رابطے بھی ہیں"حیانے مسکراتے ہوے چھیڑاتووہ بھی مسکرادیا۔۔۔

میڈیم میرے کارنامے پھر بھی تمھارے شوہر کے کارناموں سے کم ہے۔۔۔۔"حیاجھینپ گئی۔۔۔یہ تو حقیقت تھی رہبان کی دیوانگی کسی سے چھوپی ہوئی کہاں تھی۔۔۔اوروہ کون ساچھوپانا جانتا تھا۔۔۔

وہ ہر معاملے میں بے باک تھا۔۔۔۔

ارہم کافون بجنے لگا۔۔۔۔عروش کاہی فون تھا۔۔حیانے اسکافون جھپٹ کر خوداٹینڈ کیا۔۔جبکہ وہ ارے ارے کرتارہ گیا۔۔۔

اور پھر۔۔۔۔وہ عروش سے بہت دیر تک باتیں کرتی رہی۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارہم بھی ساتھ ہی باتیں کر رہا تھا۔۔حیانے محسوس کیا اسکا بھائی بہت خوش ہے۔۔۔اور وہ کیسے اپنے بھائی کی خوشیوں کے بیچ میں آگی ہے۔۔

رات کا کھانا کھا کر وہ رہبان کے ساتھ۔گھر آ رہی تھی۔۔

گاڑی میں۔۔۔بلکل خاموشی تھی۔۔۔۔

حیا کا دماغ سوچ سوچ کر تھک چکا تھا۔۔۔کہ وہ کیسے رہبان کو منع کرے۔۔۔۔

تم نے آنٹی سے بات کی"وہ اچانک ہی بولا۔۔۔

جبکہ وہ چونک گئ۔۔۔۔

جی۔۔۔جی کی تھی۔۔"وہ سر جھکاے اپنی انگلیوں سے کھیل رہی تھی۔۔۔رہبان۔۔ڈرائیونگ کے دوران اسپر بھی نظر ڈال لیتا۔۔۔۔

پھر کیا کہا انھوں نے "

رہبان۔۔۔۔"اسنے ہمت مجتمع کرتے ہوے۔۔دوبارہ اس سے بات کرنا چاہی۔۔

ہم بولو "



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

رہبان۔۔۔ہماری ابیھا کے لیے۔۔۔ایک سے بڑھ کے ایک رشتہ مل جائے گا بڑے بھائی۔۔۔تو ویسے بھی کسی اور کو پسند کرتے ہیں۔۔۔اور آپ جانتے ہیں۔۔۔ہماری ابیھا کے لیے ہی مشکل ہو جائے گی" رہبان نے خاموشی سے اسکی بات سنی۔۔۔مگر کوئی جواب نہیں دیا۔۔۔

جبکہ اسکی خاموشی حیا کو کھلنے لگی۔۔۔۔۔

اسنے دو تین بار اسکو مخاطب کرنا چاہا۔۔۔مگر اسکی خاموشی نہیں ٹوٹی۔۔۔اتنے میں گھر بھی آگیا۔۔۔اور وہ اسی طرح خاموشی سے۔۔۔گاڑی سے اتر کر۔۔۔اندر چلا گیا جبکہ وہ۔۔۔اپنی ساس کے کمرے میں سلام کرنے چلی گئی۔۔۔

وہاں سے باہر نکلی تو۔۔۔کوریڈور سے گزرتے ہوئے اسے بالکنی میں کوئی بولتا ہوا محسوس ہوا۔۔۔

اسنے قدم بالکنی کی طرف بڑھادیے۔۔۔۔

احد۔۔۔تھا۔۔۔اسکے انداز سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ۔۔۔وہ کسی لڑکی سے بات کر رہا ہے۔۔۔حیا کو اسکے کھسر پھسر والے انداز پر۔۔۔بہت ہنسی آئی۔۔۔صبح اس سے بات کرنے کا ارادہ کر کے۔۔۔۔وہ اپنے کمرے میں آگئی۔۔۔اسے رہبان کو سوتا دیکھ شدید جھٹکا لگا۔۔۔وہ کبھی بھی اسکے بغیر نہیں سوتا تھا۔۔۔حیا کو جی بھر کے رونا آیا ۔۔۔۔

اسنے وارڈروب سے سادہ سا سوٹ نکال کر پہنا اور بستر پر آکر لیٹ گئی۔۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ جانتی تھی۔۔اسکی اس حرکت پر بھی۔۔رہبان کو شدید غصہ آتا تھا۔۔۔اسنے اپنی مرضی سے اسکو کئی نائٹ ڈریس لا کے دیے تھے مگر جب وہ نہیں پہنتی تھی تو وہ غصہ کرتا تھا۔۔ مگر آج۔۔۔وہ بھی تو اپنی عادت کے خلاف گیا تھا تو وہ کیوں نہیں۔۔۔

حیا بھی اس سے پیٹھ موڑ کے لیٹ گئی۔۔۔۔

\-----------

صبح وہ اسکے اٹھنے سے پہلے اٹھ گیا تھا۔۔۔۔

حیا کو اندازہ ہو گیا۔۔ کہ بات اب تک بگڑی ہوئی ہے۔۔۔وہ جلدی سے ڈریس چینج کر کے۔۔۔بغیر چہرے پر کچھ لگائے سادے منہ سے سر پر دوپٹہ رکھ کر کمرے سے باہر آ گئی۔۔۔اسے یہ دیکھ کر شرمندگی سی ہوئی کہ سب ہی جاگ گئے تھے اور اسکی ساس ناشتہ بنا رہی تھی وہ پل کی چوتھائی میں۔۔۔کچن میں انکے پاس پہنچی۔۔۔

مگر انکے انداز۔۔۔اکھڑے اکھڑے سے تھے۔۔

وہ ایک لفظ بھی اس سے نہیں بولی تھی۔۔۔

اسے رونا آنے لگا۔۔۔۔ مگر پھر بھی وہ انکی ہیلپ کرتی رہی۔۔۔اور باہر ڈیبل پر سب کے سامنے ناشتہ بھی لگا دیا اب وہ رہبان کی کافی بنا رہی تھیں

۔۔آنٹی آپ رہنے دیں یہ کافی میں بنا دیتی ہوں۔۔"اسنے انکے ہاتھ سے سامان لینا چاہا مگر انھوں نے ہاتھ جھٹک دیا ۔۔۔۔وہ حیرت سے انکی طرف دیکھ رہی تھی گلے میں آنسوں کا گولہ پھنسنے لگا۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

لازمی رہبان انھیں سب بتا چکا تھا۔۔ تبھی انکارویہ ایسا تھا۔۔۔

جاو۔۔۔ڈیبل پر جاکرں اشتہ کرو" انکے لہجے میں واضح۔۔ سختی تھی۔۔۔۔

وہ چاہ کہ بھی مزید بات نہ کر سکی۔۔۔ آنسو کو گلے میں اتارتے ہوے۔۔۔وہ باہر ٹیبل ہر آگئ۔۔۔

رہبان کی ساری توجہ نیوز پیپر پر تھی۔۔۔احد موبائل میں مگن تھا۔۔۔ جبکہ انکل بھی نیوز پیپر دیکھ رہے تھے علیشبہ ابھا ابھی ناشتے کی ٹیبل پر نہیں آئ تھیں...

وہ خاموشی سے سر جھکائے بیٹھی تھی۔۔۔ اتنے میں آنٹی بھی آگئیں۔۔۔ رہبان کے آگے کافی کا مگ رکھا جو اسنے فورن لبوں سے لگالیا۔۔۔اور احد کو گھورا۔۔۔

تمھیں ابھی تھوڑی دیر پہلے کہا تھا ان دونوں مہارانیوں کو بھی اٹھادو" وہ سخت تیوروں میں بولیں احد تو گڑبڑا ہی گیا ۔جبکہ انکل اور رہبان اب بھی اپنے کام میں مگن تھے۔۔

آنٹی میں بولا لاتی ہوں۔۔۔ احد تم ناشتہ کرو" وہ احد کو کہتے ہوے اٹھی۔۔۔۔

میں نے تم سے بات نہیں کی۔۔۔ حیا۔۔۔ میں جسے کہہ رہی ہوں۔۔۔ اسے ہی کرنے دو۔۔۔ اور احد کے معملے میں تم مت بولا کرو۔۔۔ بگڑنے لگ گیا ہے یہ" سرد لہجے میں کہتے ہوے۔۔۔ انھوں نے احد کو گھورا۔۔۔

جو اپنی بھابھی کی ہی طرف دیکھ رہا تھا۔۔ اسے خود پر غصہ بھی آیا۔۔۔ اسکی وجہ سے انھیں ڈانٹ پڑ گئ تھی۔۔

وہ چپ چاپ۔۔ اٹھ کر ان دونوں کو اٹھانے چلا گیا۔۔ جبکہ حیا کو لگ رہا تھا اسکا وجود پتھر کا ہو چکا ہے۔۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آنکھوں میں آنسوؤں کا سیلاب امڈ رہا تھا۔۔۔وہ حیران و پریشان کبھی رہبان کو تو کبھی آنٹی کو دیکھ رہی تھی جو اپنے اپنے ناشتے میں مگن تھے۔۔۔

بیٹی تم بیٹھ کر ناشتہ کرو۔۔" آنکل نے اسکے چہرے کے اڑتے رنگوں کو دیکھا تو بولے۔۔۔

اور آسیہ بیگم جب آپ سے کام نہیں ہوتے۔۔۔تو ہماری بہو ہے۔۔ خیر سے سو گھڑ ہے اس سے کرایا کریں۔ مگر کام کر کے۔۔ غصہ مت ہوا۔ کریں" وہ نرمی سے بولے جبکہ انٹی نے انکی کسی بات کا جواب نہیں دیا۔حیا کرسی پر گیر سی گئ۔

اوکے امی میں چلتا ہوں۔۔۔رات میں ملاقات ہوگی۔۔۔" رہبان آفس جانے کے لیے اٹھا۔۔ماں باپ سے دوعائیں لی اور اسکی طرف دیکھے بغیر باہر نکل گیا۔۔۔

حیا۔۔ نم آنکھوں سے اسکی پشت کو دیکھتی رہ گئ۔۔۔

حیا آج تمھاری طبعیت ٹھیک ہے یا نہیں۔۔۔رہبان تمھارا ہی شوہر ہے۔۔۔باہر تک اسکے ساتھ روز جاتی ہو پھر آج کیا ہوا ہے۔۔" آنٹی نے کڑے تیروں سے اسے گھورا۔ تو وہ گڑبڑا کر اٹھی۔۔

اور رہبان کے پیچھے گئ جو گاڑی پورچ سے نکال رہا تھا۔۔۔

شام میں جلدی آیئے گا۔۔" حیا نے معملول کی طرح۔۔اسے مسکراتے ہوے کہا۔۔ جبکہ وہ تو ایسا بن گیا جیسے سنا ہی نہ ہو۔۔۔...بغیر کچھ بولے گاڑی میں بیٹھ کر وہ زن سے گاڑی پورچ سے نکال کر چلا گیا۔۔ جبکہ اب حیا کی برداشت ختم ہو چکی تھی۔۔ دونوں ہاتھوں میں چہرہ چھوپا کر وہ وہیں رو دی۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

---------------------------

آج صبح سے آنٹی کا اسکے ساتھ رویہ بہت برا تھا انھوں نے اسے کسی کام کو ہاتھ نہیں لگانے دیا۔۔ حیا کی کسی بات کا کوئی جواب نہیں دیا۔۔

بلکہ جب جب ایبھا علیشبہ اس سے بولتیں وہ انھیں بلاوجہ جھڑک دیتیں۔۔۔

احد۔۔۔سے اسنے خود سے کوئی بات نہیں کی تھی۔۔۔

اور آنٹی نے بھی آج اسے۔۔ اپنے کاموں میں الجھایا ہوا۔۔ تھا...

ایسا ماحول اسکے لیے پیچھلے چھ ماہ میں نہیں تھا جیسا آج تھا۔۔۔ حیا کا دم گھٹ رہا تھا۔۔وہ کمرے میں آکر خوب روئی ۔۔۔

دل ہلکا کر کے۔۔۔ اپنی امی کو فون ملایا۔۔

اور انھیں ساری روداد ایک بار پھر سے رو رو کے بتائی۔۔ تو وہ بھی پریشان ہو گئیں۔۔ انھوں نے ارہم سے اس موضوع پر بات کی تھی مگر اسنے صاف انکار کر دیا تھا۔۔اور وہ ایک انچ بھی اپنے فیصلے سے ہٹنا نہیں چاہتا تھا۔۔۔

انھوں نے یہ بات حیا کو بھی بتا دی۔۔۔ جبکہ اب۔۔۔وہ مزید رونے لگی تھی۔۔

امی میں کیا کرو۔۔۔ "رونے سے اسکی آنکھیں اور لب سرخ ہو چکے تھے۔۔۔۔

حیا تم رو تو نہ اپنی طبعیت خراب کر لو گی۔۔" انھیں بیٹی کی فکر ہونے لگی تھی۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

چھوڑ دیں امی میری طبعیت کو۔۔میرا دم گھوٹ رہا ہے مجھ سے نہیں رہا جا رہا یہاں۔۔۔ایکدم۔۔اجنبی ہو گئے ہیں رہبان میرے لیے.. آپ آپ بھائی سے بات کر کے دیکھیں۔ایک بار پھر۔۔"وہ جانتی تھی وہ خود غرض ہو رہی تھی۔۔۔

مگر اگر اسی طرح حالات رہتے تو۔۔۔وہ یقیناً رہبان کی بے رخی برداشت نہ کرتے ہوئے مر جاتی۔۔۔امی نے اسے تسلی دی۔۔۔ تھی کہ وہ دوبارہ بات کریں گئیں مگر وہ دونوں ہی جواب جانتی تھیں۔۔۔

فون بند کر کے۔۔وہ بیڈ پر لیٹ گئ۔۔۔رو رو کر سر بھاری ہو رہا تھا۔۔ تبھی اسکی آنکھ لگ گئ۔۔

---------------

اسکی آنکھ کھلی تو کمرے میں ہلچل سی محسوس ہوئی۔۔اسنے گھڑی کی طرف دیکھا سات بج رہے تھے مطلب رہبان بھی آ چکا تھا۔۔وہ شاور لے رہا تھا تبھی پانی گیرنے کی آواز واشروم سے آ رہی تھی۔۔۔اسے شرمندگی ہوئی۔۔ وہ کتنی دیر۔۔تک سوتی رہی آنٹی کیا سوچ رہی ہوں گی۔۔۔ابھی وہ بیٹھی انھیں سوچوں میں گم تھی کہ۔۔۔ رہبان شاور لے کر باہر آ گیا۔۔۔

اسنے ایک پل کے لیے اسکی طرف دیکھا۔۔۔اور اتنے میں ہی وہ اسکا جائزہ لے چکا تھا۔۔۔ملگجے سے کپڑوں میں ۔۔۔اترے ہوئے چہرے کے ساتھ۔۔۔وہ اسے بلکل اچھی نہ لگی۔۔۔۔۔۔

تیار ہو جاو ایک دوست نے بلایا ہے دعوت پر"روکھے لہجے میں کہتے ہوئے اسنے بالوں میں برش پھیرہ۔۔۔

حیا کو دوبارہ رونا آنے لگا یہ ہی بات وہ پیار سے بھی کہہ سکتا تھا۔۔۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آنکھوں میں نمی لیے۔۔وہ اٹھی۔۔۔اور اسکے پیچھے جا کر کھڑی ہو گئ۔۔۔رہبان اور اسکا عکس شیشے میں واضح ہو رہا تھا۔۔۔رہبان نے اسکی موجودگی کا نوٹس لیے بغیر۔۔اپنے اوپر سپرے کیا۔۔۔

تبھی حیا نے اسکی پشت پر سر ٹکا دیا۔۔۔۔

پلیز رہبان میرے ساتھ ایسا رویہ مت رکھیں "گلگیر لہجے میں کہتے ہوے اسنے۔۔۔اسکی پشت پر ہاتھ باندھ لیے

۔۔۔۔

حیا ہٹو اور تیار ہو جاو۔" لہجے میں اب بھی خفگی ضرور تھی مگر سختی نہیں تھی۔۔

حیا کو مزید رونا آیا۔۔۔

رہبان۔۔۔آپ آپ جو کہے گے ویسا ہی ہو گا۔۔۔پلیز مگر میرے ساتھ ایسا مت کریں۔۔۔"ہر بار کی طرح حیا نے اپنے سارے ہتھیار گیر الیے۔۔۔تھے۔۔۔وہ نہیں جانتی تھی وہ ایسا کیوں کہہ رہی ہے۔۔۔

مگر تمھارا بھائ۔۔ذلیل انسان وہ پھر بھی نہیں مانے گا۔۔"اچانک ہی رہبان نے غصے سے اسکے ہاتھ جھڑک دیے ۔۔۔اور پلٹ کر بیڈ پر بیٹھ گیا۔۔۔جبکہ حیا۔۔جلدی سے پلٹ کر اسکے سامنے۔۔آ گئ اور دونوں ہاتھوں میں اسکا چہرہ تھام کر۔۔وہ اس سے وعدہ کر رہی تھی۔۔۔۔

یہ جانے بغیر کہ مقابل اسکا بھائ ہے۔۔۔۔

مگر پھر بھی رہبان۔۔۔کے لیے وہ کچھ بھی کر سکتی تھی۔۔

نہیں ایسا نہیں ہو گا۔۔۔میں انھیں منا لوں گی۔۔۔میں وعدہ کرتی ہوں۔۔۔ "



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بس اتنی سی بات تھی رہبان۔۔۔کے چہرے کے تاثرات نرم پڑ گئے۔۔۔اسنے۔۔۔حیا کی کمر پر ہلکا سا دباو ڈال کر اسے اپنی گود میں بیٹھا لیا۔۔۔

تمھیں پتا ہے حیا۔۔۔ایبھا مجھے بہت عزیز ہے۔۔۔۔میں اسے احد سے بھی چھوٹا سمجھتا ہوں۔۔۔۔وہ بہت نازک مزاج ہے۔۔۔اور میں کسی غیر کو دے کر۔۔۔اپنے آپ کو پریشان نہیں کرنا چاہتا۔۔۔اور آئی ڈیم شور۔۔۔ ار ہم اسکے ساتھ خوش رہے گا" وہ مسکرایا۔۔۔

حیا بس اسکی خدغرضی دیکھتی رہ گئی۔۔۔سولی پر تو وہ لٹکی تھی۔۔۔

مگر اسکے مسکرانے پر وہ بھی ہلکا سا مسکرائی۔۔۔۔تبھی رہبان نے جھک کر اسکی مسکراہٹ کو پیار کیا۔۔۔۔

جان من آپکی سمائل میں ہماری جان بستی ہے۔۔۔۔کل سے اب تک بڑی مشکل سے رہا ہوں" وہ اپنی ہی بات پر کھل کر ہنسا۔۔۔حیا کے چہرے پر سرخی سی پھیل گئی۔۔۔پھر یاد آنے پر بولی۔۔

آپ نے آنٹی کو بھی بتا دیا۔۔۔"وہ آنکھوں میں نمی لیے بولی۔۔۔

جان عزیز۔۔۔آپکی ساس بار بار پوچھ رہی تھیں تو میں نے بتا دیا" اسنے کندھے اچکائے۔۔۔

انکا بیہیو میرے ساتھ بلکل اچھا نہیں تھا۔۔۔"اسنے جیسے شکوہ کیا۔۔۔

سب ٹھیک ہو جائے گا ڈونٹ وری۔۔۔اور یہ اپنا حلیہ دیکھنا۔۔کیا ماسی بنی ہوئی ہو" اسنے اسکے ملگجے کپڑوں پر چوٹ کی۔۔۔تو وہ مسکرائی۔۔۔

آپکا ہی قصور ہے آپکی ناراضگی نے مجھ سے میرے سارے رنگ چھین لیے۔۔ "



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تو میں دوبارہ بھر دو گا۔۔۔وہی رنگ اسی طرح" وہ معنی خیزی سے بولا تو حیا جلدی سے اسکی گود سے اٹھ گئ۔۔۔

شرمیلی سی مسکراہٹ نے چہرے پر قوس قزہ بکھیر دیا تھا۔۔۔

اب شرمانا بعد میں ابھی تو چلو سکندر نے خصوصی تمھیں انوائٹ کیا ہے۔۔۔" وہ بیڈ پر سکون سے لیٹتا ہوا بولا

اچھا جی" اسنے کہتے ہوئے وارڈروب کھولی اور کپڑے نکالنے لگی۔۔۔۔رہبان کے نرم رویے نے اسے پر سکون کر دیا تھا وہ نہیں جانتی تھی وہ اپنا وعدہ کیسے پورا کرے گی۔۔۔اسوقت وہ صرف یہ جانتی تھی اسکا شوہر اسکے اتنے سے وعدے سے خوش ہو گیا ہے۔۔۔

اسنے پوری الماری میں کپڑوں پر توجہ ڈالی۔۔۔ڈریسنگ کے لیے رہبان بہت کونشیس رہتا تھا تبھی ایک سے بھڑ کر ایک ڈریس اسکے پاس تھا۔۔۔ مگر پھر بھی اسنے۔۔۔یلو کلر کا۔۔کامدار فراق نکال لیا۔۔۔۔اور۔۔۔شاور لینے کی غرض سے۔۔۔واشروم جانے لگی۔۔۔۔ تبھی رہبان کی آواز پر رکی۔۔۔

تم یہ پہنو گی۔۔"اسنے پوچھا جبکہ حیا نے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔

میڈیم۔۔۔۔آپ میری بیوی ہیں تو یہ کومن۔۔۔ کلرز نہ ہی پہنو۔۔وہ چیز پہنو کہ سب دیکھتے رہ جائیں۔۔۔۔"وہ اسکے ہاتھ سے ڈریس چھینتا ہوا بولا جبکہ حیا مسکرا دی۔۔۔وہ ایسا ہی تھا۔۔۔۔وہ جانتی تھی۔۔۔اور ایسا ہی وہ اسکو بہت پسند تھا۔۔۔

رہبان نے وہ ڈریس دوبارہ ہینگ کر کے۔۔۔پوری الماری کا جائزہ لیا تو اسے سب کچھ ہی پرانا لگا۔۔۔

تم نہ کل میرے ساتھ چلنا ہم شاپنگ پر چلیں گے۔۔۔یہ سب پرانے ہو گئے ہیں" وہ وہیں سے بولا۔۔۔۔



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

## اسلام علیکم

ہمارے ارد گرد بہت سے کردار ہیں جو کہ ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے۔۔اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو لکھ رہے ہیں تو ریڈرز چوائس آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہے ہیں جہاں آپ ان کہانیوں نہ صرف اچھے سے بیان کر سکیں گے بلکہ آپ کی صلاحیتوں کا لوہا بھی منوا سکتے ہیں۔ریڈرز چوائس کا حصہ بنئے اور اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے ہم کو اپنی تحریر (ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، مضامین، کوکنگ ریسپی) اردو میں لکھ کر ہم کو بھیجیں۔ہم آپ کی ان تحریروں کو ایک ہفتے کے اندر اپنے ویب بلاگز (ویب سائٹس)، سوشل میڈیا گروپس، اور پیجز پر پبلش کریں گے انشاءاللہ۔مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

Email Address: mobimalik83@gmail.com

READERS CHOICE

Facebook ID; https://web.facebook.com/mubarra1

Instagram; https://www.instagram.com/mobi8741/?hl=en

کمرے میں پھولوں کی سجاوٹ.. سے وہ مزید.. پر کشش بن گیا تھا.. ارہم اس سے پہلے دروازہ بند کر کے.. ابیھا کیطرف پلٹتا.. ابیھا.. تیزی سے دوسرے کمرے میں.. چلی گئ.. اور دروازہ.. بند کر لیا... ارہم نے پلٹ کر.. دیکھا تو.. وہ وہاں نہیں تھی..

ابیھا دروازہ کھولوں مجھے بات کرنی ہے" اسنے دروازہ بجایا.. مگر جواب نادر..

بہت بار دروازہ بجانے پر بھی جب کوئ جواب نہیں آیا اور دروازہ نہیں کھولا تو اسنے اندرونی دروازے کو کھولنا چاہا جو عروش والے کمرے میں تھا تو وہ بھی بند تھا ...

ارہم.. بہت غلط کیا ہے ہم نے... ہم دونوں کو ایسے نکاح نہیں کرنا چاہیے تھا.ِ کسی کے حق پر ڈاکا ڈال لیا میں نے" عروش... بولتے بولتے رونے لگی تو.. ارہم کے ماتھے پر بل ڈل گئے ...

تم میری پریشانی کو مزید بڑھا رہی ہو" اسنے اسکی طرف قدم بڑھاتے ہوئے کہا ..

یہ پریشانی تم نے خود مول لی ہے" عروش نے جیسے اسے یاد دلایا تو وہ ہنس دیا ...

تو مجھے تو دل وجان سے قبول ہے.. یہ پریشانی" اسکے آنسوں لبوں سے چنتے ہوئے.. وہ گھمبیر لہجے میں بولا ...

ارہم..." اس سے پہلے ارہم کی جسارتیں اور منہ زور جزبات اسکے اوسان خطا کرتے وہ جیسے ہوش میں آئ.. ہمم بولو" اسنے اسکا چہرہ ہاتھوں میں بھرتے ہوئے پوچھا ...

ارہم.. ابیھا آپ کی پہلی بیوی ہے.. آپ کو اسکو پہلے حق دینا چاہیے.." عروش نے کہا... تو ارہم نے اسکی طرف ایک پل کے لیے دیکھا.. اور پھر اسکے لبوں کو.. اپنا قیدی کر لیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

چند منٹ کے توقف کے بعد اسنے...اسکو دیکھا..جو بھیگے لب لیے شرمائی شرمائی سی لگی ...

پہلی محبت تم ہو..اور آخری بھی..تو محبت کو پہلا حق دینا چاہیے.."کہہ کر..اسنے اسکی ناک کی نتھلی..پر لب رکھے ...

اب مزید باتیں نہیں...باتیں کل کریں گے..آج..احساسات کو زباں بننے دو.."پیار سے کہہ کر..اِسنے..اسکے ماتھے کا بوسہ لیا..جبکہ عروش..مسکرا کر اسکی بانہوں کا حصہ بنی..

...........

جو منظر ابھی ابھی اسکی آنکھوں کے سامنے تھا ایک حقیقت کے روپ میں کیا نام دیتی وہ اسے ...

وہ...اسکی حثیت....اسے آج..پہلی رات میں ہی..پتہ چل گئ تھی..دیوار سے سر ٹیکائے..وہ کب سے زمیں پر بیٹھی تھی فجر کی آزانیں ہو چکیں تھیں اب تو ہلکا ہلکا اجالہ نکل رہا تھا..

رات سے وہ اپنا قصور..اس سب معملے میں سوچ رہی تھی...

ایک عام لڑکی کی طرح اسکی..شادی ہو گئ تھی.اور اسی عام لڑکی کی طرح اسنے اپنے شوہر کو...دل کے محل میں بادشاہ کا درجہ دے دیا تھا ...

اسے اس سیاست کی کیا خبر تھی بھلہ....جو اسکے پیچھے کھیلی گئ

تکلیف...تھی...

بہت تکلیف تھی..آخر کس کس بات کا ماتم کرتی.



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کیا ارہم... کی دوسری شادی کا..

اپنے دل کے کرچی کرچی ہو کر بکھرنے کا ...

اپنے آپ کو آئینے میں دلہن بنے دیکھنے کا...

اپنے بھائی کی خودغرضی کا ...

اپنی بھابی کی بزدلی کا ...

اور اپنا آپ کسی کے منہ سے.. مجبوری سننا... کا

آج اسے محسوس ہوا تھا.. کہ وہ.. ریجیکٹ ہو چکی ہے.. اور اسکی جگہ.. کوئی اور لے چکا ہے ...

کتنی تکلیف ہوتی ہے.. جب آپ کسی کے سر پر مسلت ہو جائیں یہ کوئی آپکو گلے میں پڑا ڈھول کہہ دے ...

اسوقت اسے اس شادی سے.. ہی نفرت ہو رہی تھی.. اسکی عمر کیا.. تھی.. صرف انیس سال ...

تو کیا جلدی تھی اسکی ماں کو اس شادی کی... کیا وہ بھاگ رہی تھی .....

کیا وہ اتنی بری تھی. کے کسی پر مسلت کر دی گئی..

یہ جب وہ شادی نہیں کرنا چاہتا تھا تو اسکی بھابی نے کیوں مجبور کیا ...

اپنا آپ.. بے ریا ہونا.. بہت کھل رہا تھا ...

اسنے اپنا سراروپ سروپ.. نوچ دیا تھا... مٹے مٹے میکپ.. اور مسلسل بہنے والے آنسوں.. نے اسکی حالت.. چند لمحوں میں ہارے ہوئے جوائری کی مانند کر دی تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مگر ایک بات...

گزرتی ..رات ..اسکے دل کو سخت کر گئ.. تھئ...اور یہ سختی...ارہم...رہبان ..اور حیا کے لیے تھی ....

شاندار آفس میں وہ شاندار شخص فائل میں سر دیئے بیٹھا تھا..اسے اس وقت کافی کی شدید طلب تھی اور وہ تین بار کنول کو کافی لانے کا کہہ چکا تھا جبکہ کنول..جو کہ اسکی دوست ہونے کے ساتھ ساتھ اسکے آفس میں ایک اچھے عہدے پر فائز تھی اسکی اس حرکت سے سخت عاجز تھی..اور اسی کام کی زیادتی کے باعث کوئ بھی سیکڑی زیادی عرصے سکندر کے پاس نہ ٹکتی تھی ...

کافی کا مگ..اسکی ٹیبل پر پٹختے ہوئے کبول نے اسکو گھور کر دیکھا ...

سکندر...یہی چلتا رہا تو لازمی یہ پروجیکٹ ہمارے ہاتھ سے نکل جائے گا..ایک تم کام کر رہے ہو تو کیا میں تمھارے کام کرتی رہو.. کبھی یہ لادو کبھی اسکو بلادو.. کبھی یہ فائل دے دو..تو بار بار کافی دے دو" وہ غصے سے بولی جبکہ سکندر نے کافی کا مگ لبوں سے لگا کر دوبارہ فائل کیطرف دیکھا کنول کو تو جیسے آگ ہی لگ گئ ...

تم کیا سمجھتے ہو مجھے...بیوی ہوں کیا تمھاری جو..میں یہ کام کروں" اسنے بھڑک کر کہا جبکہ وہ مسکرا دیا ..

تو بن جاو کیا خیال ہے.." اسنے نظروں اٹھا کر اسکو دیکھا جو شعلہ بار نظروں سے اسے گھور رہی تھی ..

شادی شدہ ہوں میں.." اسنے گھورا..تو سکندر ہنس پڑا..میں بھی تو ہوں" اسنے مزے سے اسکے سرخ چہرے کو دیکھا..

تو..اپنی بیوئ کو بولا لو.وہ تمھارے یہ کام کر دے گی "



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سکندر نے سنجیدگی سے اسکی طرف دیکھا ...

بس... کر دیا میرا موڈ اف سکون آ گیا" اسنے فائل ٹیبل پر پٹختے ہوئے... کہا تو.. کنول.. نے اسکو دیکھا ...

اور چئیر پر ٹک گئی..

دیکھو.. میں صاف کہہ رہی ہوں. اب تمھارا موڈ اف ہو یہ اون... میں نہیں کروں گی تمھارا کام... اور ویسے بھی اس میں کیا مسلہ ہے کہ اگر تم اسے.. آفس اپنے کاموں کے لیے لے آو" کنول نے سمجھاتے ہوئے.. چئیر کی بیک پر ٹیک لگا لی...

اس پینڈو لڑکی کو.. آفس کا کچھ نہیں پتہ اور تمھارے مشورے.. سننے والے ہیں "..

اسے آفس کا نہیں پتہ مگر تمھارا تو پتہ ہے وہ تمھارا کام تو کر سکتی ہے..." اسنے کہا.. تو سکندر... نے کافی کا خالی مگ ٹیبل پر پٹخا ...

وہ گاوں میں ہے "..

تو بلا لو" کنول نے شانے اچکائے جیسے یہ کوئی بڑی بات نہیں ....

میں اسے ایک پل کے لیے اپنے ساتھ برداشت نہیں کر سکتا.. اسکا.. میرے ساتھ کھڑے ہونے کا سٹینڈر نہیں ہے اور تم مجھے... اسے.. ہر وقت اپنے سامنے رکھنے کا مشورہ دے رہی ہو.." اسنے جیسے جھنجھلا کر اسکو دیکھا..

دیکھو سکندر.. اس وقت شاہ آنڈسٹری کے.. لیے.. یہ پروجیکٹ بہت ضروری ہے" اسنے ایک ریڈ فائل پر ہاتھ رکھ کر اسکیطرف دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور... اگر.. ان حالات میں تم مجھے یوں ہی ڈسٹرب کرتے رہے.. تو... میں کسی بھی قسم کی ذمہ دار نہیں ہوں.... فلحال... سیکڑی تمھاری اشد ضرورت ہے... اور اگر تم اس لڑکی کو ایز آ سیکڑی ہی لے آو تو کوئ.. مزائقہ بھی نہیں... تم مت شو کرنا یہ تمھاری بیوئ ہے.. کم از کم اسطرح تمھارا کام بھی نکل جائے گا اور... تمھاری ایمیج بھی.. زندہ سلامت رہے گی "...

کنول نے اسکو کہا.. اور فورا کھڑی ہو گئ.. جبکہ سکندر.. پر سوچ نظروں سے اسکو باہر جاتا دیکھ رہا تھا...

اسے اسکا مشورہ.. اب کچھ ٹھیک لگ رہا تھا.

کم از کم وہ اس پروجیکٹ پر کوئ ریزک نہیں لے سکتا تھا.

..................

وہ رات گئے آفس سے واپس آیا تو تقریبا نوکر بھی جا چکے تھے...

اسے سخت بھوک لگی تھی.. اور کھانا بھی گرم نہیں تھا.. اسے اسوقت اپنے نوکروں پر شدید غصہ آیا.. کیا فائدہ تھا.. ایسے نوکر رکھنے کا جو ضرورت کے وقت کام نہ آئیں.. خیر وہ ارادہ کر چکا تھا... کہ.. اس پینڈو لڑکی سے تھوڑا فائدہ ہی اٹھا.. لے...

وہ اور کچھ نہیں کر سکتی.. تو کم از کم اسکے کھانے پینے کا تو خیال کر سکتی ہے.. اسنے گاوں فون کر دیا تھا.. سکندر کا فون دھنک کے.. لیے شاکڈ کی مانند تھا.. اور یہ بات اسکی آواز سے واضح ہو رہی.. تھی جب اسنے اسے آنے کو کہا.. تو.. وہ کیسے بلکل چپ ہو گئ تھی...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اب یہ ان ایکسپیکٹڈ خوشی کی خاموشی تھی...یا پھر وہ آنا نہیں چاہتی تھی وہ نہیں جانتا تھا..بس اسے اپنے کام سے مطلب تھا ...

اسنے مرے مرے انداز میں گرم کیے بغیر ٹھنڈا کھانا کھایا..حالانکہ اون سامنے ہی تھا. مگر وہ اسقدر تھک گیا تھا کہ ..بس اپنا پیٹ بھرا..اور کمرے کی راہ لی... آج صبح سے ہی..ارہم کے بھی فون آئے جارہے تھے..مگر اس میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ وہ کسی کی سنتا یہ..اپنی سناتا ...

تھکاوٹ تھی..شدید....

اور وہ چاہتا تھا..کہ..اس تھکاوٹ کو...وہ کسی..اور میں منتعقل کر دے ...

اسنے گرم پانی کا شاور لیا..تو نیند مزید ہاوی ہو گئ ...

اور پھر..وہ..ویسے ہی..بیڈ پر لیٹ کر... نیند کی وادیوں میں اتر گیا...

..................

ایبھا کا اب تک روم سے باہر نہ آنا..حیا کے لیے حیران کن تھا..جب کہ اسکا بھائ ناشتے سے بھرپور انصاف کر رہا تھا..امی بھی خاموش تھیں ...

یہ تو شکر ہے رہبان ساتھ نہیں آیا تھا..وہ احد کے ساتھ پہلے علیشبہ کے ہاں ناشتہ دینے گئ علیشبہ کا روشن چہرہ ہی بتا رہا تھا وہ کتنی خوش ہے... جبکہ..اب وہ ایبھا کے..پاس آئ تو ایبھا اب تک کمرے سے باہر نہیں نکلی..احد بھی اپنے کسی دوست کے ہاں چلا گیا تھا..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بھائی" اسنے بلآخر بھائی کو مخاطب کیا..

ہمم "پوری کا نوالہ منہ میں ڈالتے ہوئے اسنے ہنکارہ بھرا ..

ابیھا کے بغیر ہی ناشتہ کر لیا آپ نے.. "حیا نے اسکی طرف دیکھا ..

تو ارہم نے نیپکین سے ہاتھ صاف کرتے ہوئے بہن کیطرف دیکھا..

حیا تم جانتی ہو.. میں بھوک برداشت نہیں کر سکتا " .

مگر آپ اپنی دلہن کا ویٹ تو کر سکتے ہیں.. "حیا کے لہجے میں ناگواریت سی تھی.. امی کی خاموشی بھی اسکی سمجھ سے باہر تھی...

ہاں... کر سکتا تھا.. بلکہ میں اپنی دولہن کے ساتھ.. ہی ناشتہ کر لوں گا" اسنے ہلکے پھلکے انداز میں مسکرا کر کہا ...

کس والی کے ساتھ کرو.. گے بیٹے یہ بھی بتا دو "امی کی خاموشی بلآخر ٹوٹی... تو جہاں حیا بری طرح چونکی وہیں ارہم نے ماں کو دیکھا ...

بتا دو... کس والی دولہن کے ساتھ.. کرو گے.. وہ... جو تمھاری من چاہی ہے.. یہ وہ.. جسے تمھارے سر پر مسلط کیا گیا ہے "امی نے طنزیہ لہجے میں اسکی طرف دیکھا... جبکہ

حیا.. کی ہوائیاں اڑنے لگیں تھیں ...

جو وہ سمجھ رہی تھی... ویسے بلکل نہیں ہونا چاہیے تھا ...

ب... بھائی" وہ اٹکتے ہوئے.. ارہم سے بولی... آنکھوں میں بے چینی اضطراب کیا کیا نہیں.. تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارہم ابھی اس بات کو کھولنا نہیں چاہتا تھا مگر شاید.. اب کچھ چھوپا نہیں رہنے والا تھا...

میں عروش سے شادی کر چکا ہوں کل رات ہی " اسنے بلآخر حیا پر جان لیوا انکشاف کیا... حیا ایکدم بیٹھے سے اٹھ کھڑی ہوئی... جبکہ اسکے دونوں ہاتھ.. حیران کن انداز میں لبوں پر بے ساختہ ٹھر گئے ...

اس بات کا تو اسے بلکل اندازا نہیں تھا ...

وہ شاکڈ میں کھڑی رہ گئ ...

کیا یہ ناانصافی نہیں تھی تمھارے بھائ کے ساتھ کہ وہ اپنی زندگی میں من چاہا ہمسفر شامل نہیں کر سکتا.. وہ بھی تمھارے شوہر کی سو کولڈ ضد کی بنا پر " ارہم بھی اٹھ کر اسکے نزدیک آیا.. جو... زاروقطار رو رہی تھی... رہبان کے ہاتھوں اپنی موت اسے صاف دیکھائ دے رہئ تھی ....

اللہ اللہ کر کے.. کل رات اسکا موڈ پیچھلے دنوں کی نسبت کچھ ٹھیک ہوا تھا.. اور یہ خبر تو شاید.. اسکے سسرال میں بم بن کر گیرتی...

حیا... میری خوشی میں خوش نہیں ہو گی " اسنے... حیا کا ہاتھ تھامہ.... اور مان سے پوچھا.. مگر شاید وہ اسوقت یہ سطب ایکسپیکٹ نہیں کر رہی تھی

ب.. بھائ ایبھا کا کیا قصور تھا.. " وہ ہچکیوں کے درمیان بولی.. امی کی بھی آنکھوں میں آنسو آ گئے...

تمھیں کس نے کہا ہے.. میں اسے بیوئ.. کا درجہ نہیں دوں گا.... یہ اسکی وجہ سے میں نے ایسا کیا ...

جب میں خوش ہوں تو افکورس میں اسکو بھی خوش رکھو گا " ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارہم نے اسے سمجھانا چاہا.. جبکہ حیا.. نے اس سے اپنا ہاتھ چڑھایا ...

امی...امی.. رہبان کو پتا چل گیا.. تو.. وہ.. اس سے بھی زیادہ برا کریں گے میرے ساتھ "وہ روتی ہوئی ماں کے قدموں میں ٹک گئ .....

امی نے بھی اسکے سر پر ہاتھ رکھا وہ دونوں ہی رو رہیں تھیں جبکہ دور کھڑی عروش کی بھی آنکھوں سے متواتر آنسو گیر رہے تھے.. یہ سب اسی کی وجہ سے ہوا تھا ...

آپ لوگوں کو کیا ہو گیا.. ہے...وہ کچھ نہیں کرے گا.... اور اگر اسنے کچھ کرنے کی کوشش کی تو.. وہ بھی نہ بھولے کے.. اسکی بہن.. میرے پاس ہے.. جتنی وہ میری بہن کو تکلیف دے گا اتنی اسکی بہن اذیت میں رہے گی..." ارہم نے مشتعل ہوتے ہوئے... کہا... جبکہ وہ چینخ ہی اٹھی..

سب میرا قصور ہے.. سب میرا ہی قصور ہے.. اگر میں اسی وقت.. انکار کر دیتی اور بزدلی.. نہ دیکھاتی تو آج.. اس تکلیف میں نہ ہوتی... آپکو آپنی من مانی مبارک ہو بھائ... اب میں نہیں جانتی آپ کا یہ عمل میرے ساتھ کیا .. کرے گا.." اسنے بیگ اٹھایا.. اور

لاونج سے باہر جانے... لگی ..

حیا..." ارہم نے اسکو پکارا مگر بے سود.. اسوقت وہ یہاں نہیں رہنا چاہتی تھی ...

....................

صبح آنکھ کھولتے ہی.. اسنے اپنے سامنے اسکو دیکھا تو حلق تک کڑوا ہو گیا...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اسی طرح تھی... وہی اندازا... وہی چہرا.. اور سر جھکائے.. سکوت... کی مانند ...

اور بھلہ سکندر شاہ کو.. ایک ٹھرے ہوئے سمندر میں کیا دلچسپی.. ہوتی... وہ تو خود ایک موج تھا.. چنچل لہروں کا شوکین ....

اسنے.. بلینکیٹ سائیڈ پر کیا.. اور بیک کراون سے ٹیک لگا کر دھنک کو دیکھا جو لیمن کلر کے ڈریس میں... اسے تو بلکل اچھی نہیں لگی ..

جبکہ دھنک کو اسے گاوں.. میں سب.. سورج.. کی پھیلی چمکتی کرن کی طرح کہتے تھے ...

شفاف اجلا اجلا چہرہ.. اور نوجوانی کی بھار.....

وہ سکندر شاہ کو نہ جانے کیوں نہیں بھاتی تھی ...

اسنے.. آگے بڑھ کر.. اسکو کافی کا مگ دیا...

جو سکندر نے تھام لیا.. مگر نظریں اب بھی دھنک پر تھیں.. جبکہ ان نظروں سے دھنک کی جان پر بن آئی تھی

...

سائیں م... میں جاو" وہ گھبراتے ہوئے بولی... تو جیسے وہ چونک گیا... اسکی.. آواز کو تو اسنے پہلی بار محسوس کیا تھا ...

اسکی آواز... سکندر شاہ کو خاصی بھلی لگی ...

وہ کچھ نہیں بولا تو.. دھنک.. نے.. اپنی پلکوں کی چلمن اٹھا کر اسکو دیکھا ...

سکندر کی عارپار ہوتی نظریں اسکا دل بری طرح دھڑکا رہی تھی...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسکے چہرے کی سفیدی میں.. سرخی گھلنے... لگی ...

جاو" سکندر کی گھمبیر آواز... ابھری تو اسنے جان بخشی.. پر شکر ادا کرتی ...

پلٹ گئ ...

روکو..." اسکے.. تیز تیز اٹھتے قدم سکندر کی پکار پر روکے... اور وہ پلٹی مگر پلکیں نہیں اٹھیں ....

کیا تمھارے پاس اس سے بہتر کپڑے نہیں" اسنے کافی کے مگ سے... سیپ لیتے.. ہوئے کہا.. تو دھنک غیر ارادی طور پر.. اپنے قمیض پر ہاتھ پھیر کر.. دیکھنے لگی.. اور اسکی یہ ہی حرکت.. سکندر... کا سارا طلاسم جو اسکی آواز سن کر بندھا تھا ٹوٹ گیا ...

اسنے تیوری چڑھا کر اسکو دیکھا...

آج میرے ساتھ آفس چلو گی تم... اور کوئ ڈھنگ کا لباس پہن لینا ...

اور ون مور... اگر تم نے کسی کو یہ بتایا.. کے.. تم.. میری بیوئ ہوتی ہو بد قسمتی سے.. تو تم سوچ بھی نہیں سکتی میں کتنا برا کروں گا تمھارے ساتھ..." اسکے لہجے کی گراہٹ...

دھنک کا چھوٹا سا دل سہم کر.. ابھرا ...

جی..." وہ بس.. اتنا ہی بولی ...

جاواب" اسنے کہا تو وہ گڑاپ سے بائر نکل گئ..

جبکہ سکندر نے کافی کا کپ.. سائیڈ ٹیبل پر پٹخ دیا ...

..................



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تم ایسے کیوں بیٹھی ہو" رہبان نے.. اسکو بیڈ پر بیٹھے دیکھا.. تو... اسکی طرف بڑھا ...

اور اسکے برابر میں ٹک گیا ...

جبکہ.. حیا نے اسکے شالڈر پر.. اپنا سر ٹیکا لیا.. وہ کیا بتاتی اسے ...

طبعیت ٹھیک ہے.. "اسکی خاموشی محسوس کرتے ہوئے.. وہ بولا.. اور اسکے بال میں اپنا ہاتھ پھنسا لیا ...

نہیں. "وہ مدھم آواز میں پھنسی پھنسی آواز میں بولی...

خیریت "وہ ایکدم سیدھا.. ہوا..

چلو ڈاکٹر پر چلتے ہیں.. "اسنے اسکا ہاتھ تھامہ..

نہیں رہبان.. میرا دل نہیں کر رہا.. پلیز.. "اسکی رندھی رندھی آواز پر ترس کھاتے ہوئے.. وہ دوبارہ اسی پوزیشن میں بیٹھ گیا..

لگتا ہے.. میں نے.. اپنی چھوٹی سی جان کو مشکل میں پھنسا دیا" وہ اسکا موڈ بدلنے کے لیے شرارتی لہجے میں بولا.. تو حیا.. مسکرا دی.. جبکہ رہبان.. نے بھی اسکی مسکراہٹ... پر پیار کر کے.. اسکی.. شرم سے گلنار ہوتے چہرے کو محبت سے دیکھا ...

ڈو یو نو ....

اس دل... کی مسند پر.. صرف تمھارا راج ہے ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میری آنکھ... کو پسند آنے والی تم پہلی اور آخری بیوٹی ہو....جو.. میرے ساتھ مل کر... میرے شخصیت کو مکمل کر گئی ہو....اور اب.. ہمارا بیٹا یہ بیٹی .....

وہ ہم دونوں کو مکمل کر دیں گے "اسنے اسکے ماتھے پر بوسہ لیا.. تو حیا کو شدید رونا آیا.. وہ اس محبت سے دور کبھی نہیں ہونا چاہتی تھی ...

یونو.. مجھے نہ بیٹی چاہیے.. "اسنے دوبارہ اسکا سر اپنے کندھے پر رکھتے ہوئے پیار سے کہا..

جبکہ حیا نے نفی میں گردن ہلائی..

نہیں مجھے بیٹا چاہیے.. بلکل آپکے جیسا.. "وہ جلدی سے بولی.. تو رہبان.. ہنس دیا..

اور میرے چندا.. مجھے بیٹی چاہیے.. بلکل تمھارے جیسی.. "اسکو.. لیٹا کر خود بھی ساتھ لیٹاتے ہوئے ..

وہ اسکو باتوں میں الجھا گیا.. تھا ...

جبکہ ابھی ابیھا کے بارے میں پوچھنا بھی رہتا تھا

..................

وہ روم سے باہر نکلی.... سادھے سے.. جوڑے میں وہ کہیں سے بھی دو دن کی دولہن نہیں لگ رہی تھی...

کل گزرنے والے ولیمے پر بھی اسکی خاموشی کا کفل نہیں ٹوٹا تھا ...

بھائی امی.... حیا...اور باقی سب آنے والے مہمانوں سے بھی اس نے کوئی بات نہیں کی ...

بس سر جھکائے..وہ.. خاموشی سے... اس ڈرامے کا حصہ بنی رہی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور جب وہ گھر.. آئی تو.. تقریباً سب مہمان تھے... مگر.. اسنے اپنے کمرے کی راہ لی ...

اور دوبارہ اپنے کمرے میں بند ہو گئی..

تعاجب سے سب اسکی یہ حرکت دیکھتے رہ گئے... ارہم نے بھی ضبط سے اس منظر کو برداشت کیا ...

وہ آج اس سے بات کرنا چاہتا تھا.. مگر وہی.. نہ اسنے دروازہ کھولا ....

اور نہ اسکی کوئی بات سنی.. سنتی بھی کیا ...

کچھ تھا ہی نہیں جو اسکے ساتھ ہوئی زیادتی کا مدعوا کر سکے ...

نکاح کے.. بول سے دل میں اٹھنے.. والے جزبات جیسے سرد ہو گئے تھے.. ارہم یہ ارہم کے ہونے سے اسے بلکل کوئی فرق نہیں پڑ رہا تھا... آج صبح سے بھی وہ کمرے میں ہی.. تھی.. مگر جب.. بھوک کا احساس تمام احساسات پر غالب آیا.. تو وہ.. دروازہ کھول کر.. باہر نکلی... عین اسی لمحے.. عروش بھی باہر نکلی... دونوں کی نظریں ملیں... عروش اس کم عمر سحر انگیز لڑکی کو ایک پل.. کے لیے دیکھتی رہ گئِ ....

ایبھا نے بھی عروش کی طرف دیکھا.. مگر اس نظر میں ایسی کوئی بات نہیں تھی... جس کے باعث عروش کو کوئی شرمندگی ہوتی.. مگر اسکا ضمیر بار بار ملامت کر رہا تھا.. تبھی وہ.. نظریں جھکا گئی.. اور ایبھا.. بغیر کچھ کہے آگے نکل گئی... جبکہ عروش دوبارہ کمرے میں چلی گئی... ارہم کے بغیر.. اسطرح گھر میں پھیرنا اسے کچھ اکورڈ لگا تبھی وہ دوبارہ اندر چلی گئی...

سڑھیوں سے نیچے اترتے ہوئے ایبھا نے لاونج میں اپنی ساس کو بیٹھے دیکھا تو انکے نزدیک چلی آئی



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسلام و علیکم"

اسنے سلام کیا تو.. وہ اسکی طرف متوجہ ہوئیں جبکہ وہ اسی کے بارے میں سوچ رہیں تھیں...

وسلام آو آو بیٹا.. بیٹھو" اسکے کمرے سے باہر نکلنے پر انھیں خوشگوار حیرت ہوئ....

نہیں آنٹی... مجھے بھوک لگ رہی تھی... تو بس کھانا کھانا ہے" اسنے کہا تو وہ کھڑی ہو گئیں

تم بیٹھو... میں لے آتی ہوں. تمھارے لیے کھانا.. "انھوں نے مسکرا کر کہا.. مگر.. اسنے نفی میں سر ہلایا...

نہیں.. میں خود لے لوں گی... اگر آپ کو کچھ چاہیے.. تو میں بنا دیتی ہوں..." وہ بولی.... تو... انکو کچھ سکون سا ہوا...

کتنا اچھا ہوتا اگر سب ٹھیک طرح ہو جاتا...

ٹھیک ہے پھر کھانا کھا کر چائے لے آو.. ادھر ہی.. "انھوں نے بھی تکلف کی دیوار کو گیرایا.. تو وہ سر ہلا کر کچن کیطرف چلی گئ..

انھوں نے اسکے سفید جوڑے.. کو افسوس سے دیکھا.. دو دن کی دلہن اور کتنی مرجھائ ہوئ تھی...

کچھ ہی دیر بعد وہ چائے کے دو مگ لے کر انکے پاس آ گئ...

آنٹی میں آپ سے ایک بات کرنا چاہتی ہوں" چائے کا مگ انھیں دے کر وہ سامنے صوفے پر بیٹھ گئ..

انھوں نے بھی کپ سائیڈ پر رکھا...

اور اسکی طرف متوجہ ہوئیں..

دیکھو بیٹا... جو کچھ بھی ہوا.... بہت غلط ہوا.. میں جانتی ہوں.. ارہم نے تمھارے ساتھ زیادتی کی ہے اور "



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آنٹی پلیز..."اسنے انھیں بیچ میں ہی ٹوک دیا ...

میں اس موضوع پر بات نہیں کرنا چاہتی... میں......."ابھی وہ کچھ بولتی ہی.. کہ لاونج میں ارہم کی آمد سے وہ ایکدم چپ ہو گئ ...

اسلام و علیکم امی..."اسنے انسے سلام کیا جس کا جواب انھوں نے سر کے اشارے سے دیا.. ارہم نے ایک اچٹتی نگاہ ..ایبھا پر ڈالی.. اور عروش کو ڈھونڈنے کے لیے نظر دوڑائ تو وہ اسے نظر نہیں آئ..

عروش کدھر ہے..."اسنے ماں کیطرف دیکھا تو.. انھوں نے کوئ جواب نہیں دیا..

آپ لوگ جب یہاں بیٹھے تھے تو اسے بھی بولا لیتے"اسنے سرسری سا کہا در حقیقت اسے برا لگا تھا ....

ایبھا... کو مزید وہاں بیٹھنا فضول ہی لگا... تو اٹھ کھڑی ہوئ...

روکو..."ارہم نے اسکو پکارا... جبکہ اسکی پکار.. پر ایبھا... کے پاوں تھمے.

بات کرنی ہے مجھے تم سے"اسنے کہا... نظر اسکی پشت پر پھیلے تراشیدہ بالوں پر تھی ...

مگر مجھے کوئ بات نہیں کرنی آپ سے"ایبھا نے ارہم کو بے خوفی سے دیکھتے ہوئے کہا... ارہم اس لڑکی کے لہجے پر چونکا ضرور مگر.. کور کر گیا.. امی بھی کھڑی ہو گئ.. در حقیقت وہ ایبھا.. سے ایسا لہجہ ایکسپیکٹ نہیں کر رہیں تھی .. مگر اچھا ہی تھا.. بات ہو جائے.. ابھی.. تو ایبھا کے گھر والوں کو کچھ نہیں پتا تھا.. خاص طور پر رہبان...

کیوں نہیں کرنی"ارہم نے سنجیدگی سے اسکیطرف دیکھا..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کیونکہ مجھے نہیں لگتا.. ہمارے درمیان.. ایسا کوئی بھی رشتہ ہے... جس کے باعث میں آپ سے یہ اُپ مجھ سے مخاطب ہوں.. "ابیھا... نے فورا کہا.. اسکے لہجے میں ہلکی سی بھی لچک نہیں تھی ...

اچھا... تو کیا دو دن پہلے ... تم میرے نکاح میں نہیں آئی... اس گھر میں میری بیوی کی حثیت سے نہیں آئی" ارہم نے ...اسکی جرت پر بمشکل غصہ ضبط کرتے ہوئے کہا ...

آپ اس کاغزی رشتے کی بات کر رہیں.. ہیں... تو میں آج آپ کو.. بتا دوں.. میری نظر میں اسکی ایک پرسینٹ بھی اہمیت نہیں ہے.. "آنکھوں میں اڈتے آنسوں کو پیچھے دھکیلتے ہوئے وہ بڑی ہمت سے بول رہی ...

اور اس سے پہلے ارہم اسکا دماغ ٹھکانے لگاتا وہ بغیر اسکی سنے.. اوپر کی جانب.. بڑھ گئ... جبکہ وہ پیچھے مٹھیاں بھینچ کر رہ گیا.. اسنے اپنی ماں کی جانب دیکھا.. ایک چھوٹی سی لڑکی.. کیسے.. اسپر بول کر چلی گئ تھی.. جبکہ انھوں نے ایک لفظ نہیں کہا ...

امی نے بھی.. اسکی جانب... دیکھا.. انکے تو گمان میں بھی نہ تھا.. ابیھا.. اس قسم.. کا ریکشن رکھے گی.. مگر وہ بھی اپنی جگہ ٹھیک تھی.. تبھی وہ کچھ بولے بغیر وہاں سے چلیں گئیں..

....................

دھنک نے اسکی ٹیبل پر کافی کا مگ رکھا... اور سامنے صوفے پر جا کر بیٹھ گئ ....

اور سکندر کے سرخ و سفید چہرے کو غور سے دیکھنے لگی ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# اسلام علیکم

ہمارے ارد گرد بہت سے کردار ہیں جو کہ ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے۔۔ اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو لکھ رہے ہیں تو ریڈرز چوائس آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہے ہیں جہاں آپ ان کہانیوں نہ صرف اچھے سے بیان کر سکیں گے بلکہ آپ کی صلاحیتوں کا لوہا بھی منوا سکتے ہیں۔ ریڈرز چوائس کا حصہ بنئے اور اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے ہم کو اپنی تحریر (ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، مضامین، کوکنگ ریسپی) اردو میں لکھ کر ہم کو بھیجیں۔ ہم آپ کی ان تحریروں کو ایک ہفتے کے اندر اپنے ویب بلاگز (ویب سائٹس)، سوشل میڈیا گروپس، اور پیجز پر پبلش کریں گے انشاءاللہ۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

Email Address: mobimalik83@gmail.com

READERS CHOICE

Facebook ID; https://web.facebook.com/mubarra1

Instagram; https://www.instagram.com/mobi8741/?hl=en

Facebook Groups; READERS CHOICE, NOVELS FOR YOU ALL IN ONE, REQUEST NOVEL ONLY READERS CHOICE

یہ وہ شخص تھا.. جس کا اسے بچپن میں ہی بتا دیا گیا تھا.. کہ دھنک نے صرف سکندر کا ہونا ہے.. ساری سہلیاں بھی اسے اسکے نام سے چھڑتی تھیِ.. چونکہ تعلیم کا خاندان میں کوئ رواج نہیں تھا تبھی.. اسنے کبھی سکول کی شکل نہیں دیکھی تھی ...

مگر وہ ایک شوخ چنچل سی لڑکی تھی.... خوبصورت ہنر مند.... اکثر اسکی سہلیاں.. کہتی تھیں کہ.. سکندر تیرے حسن کا ضرور دیوانہ ہو جائے گا... مگر.. اب اسے یہ باتیں سوچ کر بھی تکلیف ہوتی تھی.. جس کے خواب اسنے صبح شام بنے...وہ ایک نظر کرم بھی نہیں ڈالتا تھاوہ ایک سادی سی لڑکی تھی.. صرف سکندر کو چاہنے کے لیے بنی تھی... ہاں وہ سکول جا کر.. ڈگریاں حاصل نہیں کر سکی تھی... مگر.. محبت کے سکول میں اسکے پاس عشق کی ڈگریاں تھی.. جو وہ سکندر پر لٹا دیتی.. مگر شادی کے بعد اسے اچھی طرح احساس ہو گیا سکندر... اسکی اس گھسی پٹی محبت سے.. سکندر کو رتی بھی فرق نہیں پڑ تا تھا.. وہ آزاد پنچھی تھا... تبھی آزادی پسند کر تا تھا ...

اسے سادگی... میں دلچسپی نہیں تھی..

وہ اچھے سے جان گئ تھی.. وہ ایک ٹک اسے فائلز میں مگن دیکھ رہی.. تھی ...

وہ پیچھلے کچھ دنوں سے اسکے ساتھ آتی تھی.. اور بس اسکے.. لا تعداد.. کام کرتی رہتی.. اور.. جب فارغ ہوتی تو صوفے پر بیٹھ کر اسے دیکھنے لگ جاتی ...

ابھی بھی وہ روز کیطرح اسکو دیکھ رہی تھی...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کہ آفس کا دروازہ دھاڑ سے کھولا.... اور.. کوئی بلیک پینٹ شرٹ میں خوبصورت سا نوجوان... اندر داخل ہوا تو جہاں سکندر چونکا.. وہیں دھنک بھی اپنی جگہ سے اٹھ گئی..

مگر اس نوجوان نے دھنک کو نہیں دیکھا صرف سکندر کو دیکھا.. اور اسکی طرف.. ہنستے ہوئے... دونوں بازو کھول کر بڑھا.. تو سکندر بھی فائل چھوڑ کر اسکیطرف بڑھا.. دونوں بغلگیر ہو کر الگ ہوئے...

کب.. پاکستان آئے تم" سکندر نے اسے چیئر کیطرف اشارہ کرتے ہوئے بیٹھنے کا کہا...

وائز... امریکہ میں پڑھائی کے دوران اسکا دوست بنا تھا.. اور آج.. اسے اپنے سامنے دیکھ کر سکندر کو دلی خوشی ہوئی...

بس.. ایک ہفتہ پہلے ہی پاکستان شفٹ ہوا ہوں...

جب.. انتظامات سے فارغ ہوا تو.. سوچا تجھ سے ہی مل لوں." اسنے سکون سے کہا.. تو.. سکندر مسکرا دیا..

اچھا کیا... بتاو کیا لوگے.. کافی.." اسنے انٹر کام اٹھاتے ہوئے کہا...

ہاں یار زبردست سی.. کافی منگا لے" وائز نے کہا.. اور ادھر ادھر اسکے آفس میں نظریں گھمائی تو.. پیچھے صوفے کے پاس کھڑی.. ایک.. لڑکی کو دیکھ کر.. اسکے لب مسکرائے...

یہ" اسنے سوالیہ نظروں سے سکندر کی طرف دیکھا...

سکندر نے بھی دھنک کی جانب دیکھا.. جو گلابی سوٹ میں گلابی گلابی ہی لگ رہی تھی..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سیکٹری ہے میری.. "سکندر نے کہا... تو وائز کا قہقہ نکل گیا.. جبکہ دھنک... کو اس لفظ کا مطلب تو سمجھ نہیں آیا.. مگر اس لڑکے کا قہقہ.. اسکی آنکھوں میں نمی بھرنے لگا...

تیری چوائس... چینج ہو گئی کیا. "وائز نے آنکھ مارتے ہوئے پوچھا ...

تو سکندر نے دھنک کیطرف دیکھا ...

نہیں...چوائس نہیں بدلی... بس مجبوری تھی "

کیا" شاید وہ اسکی بات کا مطلب نہیں سمجھا تھا ...

یار لڑکی مجبور تھی تبھی جاب پر رکھ لیا..."وہ جھنجھلا کر بولا ...

اوو اچھا اچھا بٹ شی از.. یو نو... وائف ٹائپ... ماٹیریل.... انوسینٹ "وائز نے دھنک کو گھیری نظروں سے دیکھا...

جو سر جھکائے کھڑی تھی... سکندر نے بھی اسکیطرف دیکھا ...

جو دھنک کو ہی دیکھ رہا تھا ...

میری کافی بناو جا کر" لہجے میں سختی لیے اسنے دھنک کو کہا تو.. وہ.. جلدی سے باہر نکل گئ.. جبکہ وائز گھیری سانس بھر کر مسکرا دیا... سکندر کو.. اسکی مسکراہٹ.. اچھی نہ لگی ....

اور سنا... کیا ہو رہا ہے.. "وایز کے سوال پر اسنے... بڑی بڑی آنلھوں سے اسکو گھورا... تو وائز نہ سمجھی سے اسے دیکھنے لگا..

کیا "...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کچھ نہیں کافی پی..."(اور چلا جا)وہ مراوت میں اسے چاہنے کے باوجود نہ کہہ سکا ...

یار..اسی لڑکی سے..میری بھی بنوا دے"کافی کا مگ سائیڈ پر کر کے..اسنے..سکندر کو کہا..تو..سکندر کا دل کیا

.کافی کا مگ..اسپر ہی الٹ دے ...

ساتھ ساتھ دھنک پر بھی بلاوجہ غصہ آنے لگا...اسنے انٹر کام اٹھایا..اور..اپنے لیے بھی کنٹین پر سے کافی منگوائی جو

اسے بلکل پسند نہیں تھی ...

جبکہ وائزا اسکی حرکت کو سمجھے بغیر شانے اچکا گیا ...

اور پھر دونوں ہلکی پھلکی باتیں کرنے لگے... جبکہ دوبارہ دھنک کمرے میں نہیں آئی تھی ...

....................

ایک ہفتہ ہو گیا ہے...ایبھا گھر نہیں آئی...اور نہ کوئی یہاں سے گیا.. چلو..یہ تو ٹھیک ہے شادی کے شروع دن ہیں

..میں نے تمھیں دو ماہ جانے نہیں دیا تھا یہ تو پھر ایک ہفتہ ہے... مگر پھر بھی..اب..بات کچھ اور ہے..علیشبہ تو دو

بار آگئی ہے..ایبھا نہیں آئی..سوچ رہا ہوں رات ہم دونوں چل لیتے ہیں پھر اسکو لے کر آئیں گے." آئینے کے

سامنے کھڑے ہو کر.. کفلینگز لگاتے ہوئے اسنے..نائیٹ ڈریس میں بیڈ پر بیٹھی حیا کو دیکھتے ہوئے کہا..

جبکہ حیا کے چہرے پر ایک سایہ سا لہرا گیا..اگر رہبان وہاں جاتا تو..ضرور..وہ دوبارہ اس گھر میں کبھی نہیں آتی ...

اوو میڈیم...میری بیوٹی..کن سوچوں میں ہیں میں کچھ بول رہا ہوں" اسکے سامنے..چوٹکی بجا کر اسے اپنی طرف

متوجہ کر کے اسنے بیڈ پر سے کوٹ اٹھا کر پہنا..اور حیا کے پاس بیڈ پر بیٹھ گیا..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسکے کپڑوں میں سے آٹھنے والی خوشبوں حیا کے اعصاب...پر سوار ہونے لگی..اسنے..رہبان کے کندھے پر تھکے تھکے انداز میں سر رکھ لیا ...

چندا ایسی مرجھائی مرجھائی سی کیوں ہو رہی ہو.."اسنے شرارتی نظروں میں معینی خیزی لیے اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرا..توحیانے..اسکو شانے پر ایک معمولی سے مکہ مارا...شرم کی سرخیوں سے..اسکا چہرہ مزید گلنار ہو رہا تھا ...

آپ خوش ہیں رہبان "دوبارہ اسکے شانے پر سر ٹکاتے ہوئے اسنے نہ جانے کیوں پوچھا ...

ہاں خوش ہوں خوش ہونا بھی چاہیے میری دونوں بہنیں اپنے گھر کی ہو گئیں ہیں..ہمارے ہاں ایک ننھا مہمان آنے والا ہے..اور..باقی سب بھی ٹھیک جا رہا ہے" ..

اسنے بتایا..توحیا خاموش ہو گئی ...

رہبان کو خوش اور اطمینان دے کر اسنے بدلے میں خوف خرید لیا تھا ...

وہ کچھ نہیں بولی تو رہبان نے اسکے ماتھے پر بوسہ لیا ...

اور اسکا سر تکیے پر رکھ کر خود کھڑا ہو گیا ...

بات کی ہے میں نے..ایک دوست سے وہ اپنی میڈ بھیج دے گا ایک دو دن تک پھر تم آرام سے ریسٹ کرنا..اور ہاں کچھ کھا پی کر..انرجی بڑھا لینا..رات میں ابیھا کیطرف چلیں گے " ..

پھر سے اپنے بال سیٹ کرتے ہوئے وہ بولا..توحیا ایکدم اٹھ گئی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

نہیں رہبان آج نہیں.. میری طبعیت ٹھیک نہیں ہے" وہ بے چارگی سے بولی تو رہبان ہنس دیا.. اور اسکا چہرہ دونوں ہاتھوں میں لے کر اسکے لبوں پر جھک گیا ...

چند لمحوں کے توقف کے بعد اس سے جدا.. ہو کر.. اسنے اسکے شرمائے لجائے چہرے کو دیکھا ...

ٹھیک ہے.. کل صبح چل لیں گے میں چھوٹی کر لوں گا آفس سے... آج ہم سیچڑے نائٹ بنا لیں گے.. مگر اس کے لیے نو لیم ایکسکیوزیز" وہ انگلی سے اسے وارن کرتا... روم سے باہر نکل گیا.. جبکہ حیا...

فل وقت اسکو ٹال گئی تھی لیکن کب تک ....

اور ابیھا بھی نہیں آ رہی تھی.. اگر ابیھا آ جاتی.. تو شاید.. وہ ایسے سوال نہیں کرتا ...

اور نہ وہاں جانے کی بات کرتا ...

مگر ابیھا... یہاں آتی کیوں اور کیسے.. حیا کو اندازا ہو گیا تھا.. ابیھا... کے لیے یہ سب برداشت کرنا اور سمجھنا کتنا مشکل ہے ...

اور امی بھی وقتاً فوقتاً.. ابیھا کے بارے میں بتاتی رہیں تھیں ...

حیا نے.. ان سوچوں سے گھبرا کر سر ہی تھام لیا ...

......................

ابیھا یونیورسٹی جانے لگی تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسنے آنٹی سے پرمیشن لی.. اور یونیورسٹی سٹارٹ کرلی.. شادی کے.. تیسرے دن ہی.. اسے خود کو اس گھر اہم سے دور رکھنے کا ایک یہ ہی زریعہ نظر آیا ...

تبھی اسنے یونیورسٹی سٹارٹ کرلی ..

عروش.. کا گیلٹ دن با دن بڑھتا جارہا تھا ...

ارہم نے بھی دو چار دن میں .. دوبارہ جانا تھا.. وہ اسے اپنے ساتھ لے کر جانا چاہتا تھا.. مگر عروش نے انکار کر دیا ... وہ ادھر ہی رہنا چاہتی تھی ...

وہ اس ماحول کو ٹھیک کرنا چاہتی تھی.. کیسے وہ نہیں جانتی تھی مگر کوشش ضرور کر سکتی تھی ...

ارہم تو اسکو صاف کہہ چکا تھا.. تم میرے ساتھ جاوگی.. مگر.. وہ مسلسل انکاری تھی.. ابھی بھی وہ.. بہت ہمت کر کے کمرے سے باہر نکلی.. تو حسب توقع آنٹی.. لاونج میں تھیں.. ملازمہ کو شاید کچھ کام سمجھا رہیں تھیں ..

عروش نے.. جاکر انکو سلام کیا تو انھوں نے چونک کر اسکو دیکھا.. اور.. اسکے سلام کا جواب دے کر ملازمہ کو جانے کا کہا.. اور خود عروش کو صوفے پر بیٹھنے کا کہا ..

عروش نروس ہورہی تھی بہت.. مگر ہمت کر کے بیٹھ گئ ..

کچھ لوگی.. چائے یا کچھ اور" انھوں نے.. اسے انگلیاں مروڑتے دیکھا تو.. خود ہی بات کا آغاز کیا.. تو اسنے نفی میں سر ہلایا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آنٹی میں آپ سے معافی مانگنا چاہتی ہوں.. اتنے زیادہ کرائیسز صرف میری وجہ سے ہوئے ہیں..." وہ کہتے ساتھ... ہی نم آنکھیں لیے.. اٹھ کر انکا ہاتھ تھام گئ ...

تمھاری کیا غلطی ہے بھلی.. سب میری اولاد کا قصور ہے.. ایک نے کرایا... ایک نے کیا ...

اور کتنی زندگیاں داو پر لگ گئیں ہیں.. مجھے بس. ابیھا کی فکر ہے.. وہ.. نہ جانے کیا اثر لے رہی ہے... کتنی تکلیف میں ہو.. بولتی بھی تو نہیں. "انھوں نے اسکو کہتے ساتھ اپنا خدشہ بھی بتایا..

جی ابیھا کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے... میں ارہم کو روز کہتی ہوں آپ ابیھا سے بات کریں مگر.. شاید ابیھا نہیں کرنا چاہتی" اسنے کہا تو وہ اثبات میں سر ہلانے لگئیں..

وہ جائز ہے اپنی جگہ... اور ایک اور دھڑ کا رہبان کا لگا رہتا.. ہے.. اسے پتہ چل گیا. تو میری بیٹی کا کیا ہو گا..." انھوں نے کہا تو عروش کو ارہم کی بات یاد آ گئ.. رہبان کا ذکر ضرور سنا تھا دیکھا نہیں تھا ...

اور رہبان کے ہی فورس پر یہ شادی ہوئی تھی یہ بھی ارہم نے بتایا تھا ...

آنٹی آپ مجھے معاف کر دیں پلیز" اسنے دوبارہ سے انکی جانب دیکھا.. تو انھوں نے ٹوک دیا..

بہو ہو تم بھی اس گھر کی... میں بس ابیھا کی وجہ سے پریشان ہو جاتی ہوں باقی.. مجھے تم سے کوئی مسلہ نہیں ہے.. تم معافی مت مانگو.. اپنا گھر سمجھو.. چلا پھیرا کرو.. خوش رہو سہا سوہاگن رہو" انھوں نے دعا دی.. جبکہ.. فون بھی بجنے لگا تو وہ اس طرف متوجہ ہو گئیں. عروش کے دل سے ایک بوجھ ہٹ چکا تھا.

..................



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارہم..."اسکی طرف ٹاول بڑھاتے ہوئے.. عروش نے پر سوچ نظروں سے اسے دیکھا ...

بولو" ارہم نے ٹاول کے ساتھ ساتھ اسکو بھی اپنی بانہوں میں قید کیا ...

وہ میں کہہ رہی تھی.. کہ آپ کو. آج ایبھا کے پاس جانا چاہیے. "عروش نے کہا.. تو... ارہم نے ماتھے پر بل ڈالے..

اس بد تمیز لڑکی کا وہ نام بھی نہیں سننا چاہتا تھا ...

میری قربت سے تنگ آگئی ہو جو... وہاں بھیج رہی ہو.. اور کیسی بیوی ہو تم " ...

اسنے کمر پر پکڑ سخت کرتے ہوئے پوچھا ..

میں.. نہیں چاہتی.. خدا مجھ سے ناراض ہو میں کسی کا حق نہیں مارنا چاہتی پہلے ہی.. غلطی کر دی ہے ہم نے "وہ اسکی

شرٹ کا بٹن چھیڑتے ہوئے بولی ..

تمھیں میری محبت غلطی لگتی ہے "

نہیں میں نے ایسا تو نہیں کہا" عروش ایکدم ہی سٹپٹا گئی ..

دیکھو عروش میں نے تم سے محبت کی اور اپنے وعدے نبھائے.. تم بھی مجھ سے محبت کرو باقی سب بھول جاو.. اور

اب میں تمھارے منہ سے صرف اپنی بات سننا چاہتا ہوں باقی کسی کی نہیں..." کہتے ساتھ اسنے سائیڈ پر ٹاول اچھالا

اور عروش کو اپنی محبت کی برسات سے بھیگونے لگا ...

کچھ دیر کے توقف کے بعد عروش اس سے جدا ہوئی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آپ آنٹی کے پاس چلے جائیں وہ رہبان بھائی کی وجہ سے پریشان تھیں" عروش نے اس سے نظریں چراتے ہوئے کہا ...

تو ارہم جو مسکرا کر اسکی گھبراہٹ سے محظوظ ہو رہا تھا.. اچانک سنجیدہ ہو گیا ...

اگر مجھ پر ایک قتل حلال ہوتا تو پہلے میں اپنے ہی دوست کا کرتا..." وہ غصے سے بڑبڑایا.. اور روم کا دروازہ کھول کر باہر نکل گیا جبکہ عروش پیچھے مسکرا دی

......................

وہ امی کے کمرے سے نکلا تو.. چہرے کے تاثرات خاصے سنجیدہ تھے ...

یہ نہیں تھا کہ وہ رہبان سے ڈرتا تھا.. اور اسپر.. یہ حقیقت واضح ہو جاتی تو اسے کچھ فرق پڑنا تھا ..

ایسا بلکل نہیں تھا.. مگر... جب تک بات چھوپی رہے تب تک ہی بہتر.. تھا.. اخاص طور پر اسکی بہن کے لیے ...

تبھی امی کے کمرے سے نکلتے ہی اسنے سوچ لیا تھا.. آج اسے کیا کرنا ہے ..

ابیھا.. اگر اپنے گھر چلی جاتی تو رہبان یہاں نہیں آتا ...

تبھی ابیھا کا جانا ضروری تھا ...

اور دھاگے سے جڑے ان رشتوں کا جوڑا رہنا ہی بہتر تھا ..

اسنے کچن کے ڈراسے.. اپنے.. دوسرے کمرے کی چابی نکالی ...

اور... سڑھیاں چڑھنے لگا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

دروازے کے سامنے پہنچ کر اسنے اپنی بریڈز پر.. ہاتھ پھیرہ اور.. عروش کے کمرے کیطرف دیکھ کر گھیری سانس بھری ....

اور کی حول میں چابی گھومئ...

.............

وہ بیڈ پر بکس پھیلائے... اپنا کام کر رہی.. تھی یونیورسٹی جانا ہی اسنے ارہم کی وجہ سے شروع کیا تھا ...

کہ جب تک وہ سامنے رہتا... ابیھا کو اپنے لیے مشکل... ہی نظر آرہی تھی..

رجسٹر پر اپنا اوارق لکھتے... ہوئے اسے.. دروازے پر سے کلک کی آواز آئ ...

اسنے دروازے کیطرف دیکھا.. اور پھر کمرے میں داخل ہوتے ارہم کو دیکھ کر... وہ کھڑی ہو گئ ...

ارہم خاموشی سے کمرے میں آیا... نظریں اسکی.. بلیک.. ڈریس میں اسکے سفید دمکتے چہرے پر تھی... میکپ کے بغیر بے داغ شفاف حسن.. ارہم کو ایک لمحے کے لیے اپیل کر گیا ...

جبکہ اسکو دروازہ بند کرتے دیکھ.. ابیھا کی جان پر بن گئ ...

آپ...... آپ یہاں کیوں آئے ہیں.. اور یہ دروازہ.. کھولیں.. کیوں بند کیا ہے..." ابیھا... کا دل اسکو دیکھتے ہی زور سے دھڑکا تھا.. مگر.. وہ خود پر خول چڑھاتی مظبوط لہجے میں بولی ...

کیوں میں یہاں نہیں آسکتا.."..ارہم چلتا ہوا.. بیڈ کیطرف آیا... اور اسکی کتابوں کو الٹ پلٹ کرنے لگا.. جبکہ ابیھا.. اسکے بیٹھنے پر.. دو قدم دور ہو گئ ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ارہم نے اسکو نوٹ ضرور کیا.. مگر.. بولا کچھ نہیں ...

چلے جائیں آپ یہاں سے.... آپ یہاں میرے ہوتے ہوئے بلکل نہیں آسکتے" اسنے ارہم کیطرف دیکھتے ہوئے کہا

.. توارہم نے کتابوں پر جمی.. اپنی نظروں کو.. اسکی جانب اٹھایا.. وہ چھوٹی سی لڑکی اسے کچھ کچھ حواس باختہ سی لگی

...

اور میں کیوں نہ آو.. بیوی ہو تم میری" وہ سکون سے لیٹتے ہوئے بولا ...

بیوی..." ابیھا نے حیرت سے اسکی طرف دیکھا..

شاید آپ کو بیویاں رکھنے کا شوق ہے مسٹر ارہم... مگر.. میں اپکے اس شوق میں بلکل بھی آپکی مدد نہیں کر سکتی

.. میری ماں نے مجھے آپ کے ساتھ بندھ دیا ہے.. اور یہ میری مجبوری ہے.. کہ مجھے تب تک بندھے رہنا ہے

.. جب تک حالات.. مناسب نہیں ہوتے... اور جب مجھے موقع ملے گا.. میں خود آپکے منہ پر اس بیوی کا ٹائٹل مار کر چلی جاو.. گی ....

مگر فکر مت کریے گا.. آپکی بہن کے سسرال ہر گیز نہیں جاو.. گی.. انھیں پسند ہو گا.. دوسروں کی زندگیاں برباد کرنے کا مجھے بلکل کوئی شوق نہیں..." وہ غصے سے بولی تو بولتی چلی گئ.. جبکہ ارہم... اسکی بکواس.. پر.. بلکل اوٹ اف کنٹرول ہو گیا...

کیا بولے جارہی ہو جانتی بھی ہو.." وہ ایکدم اسکی طرف بڑھا مگر وہ تو بپھری کھڑی تھی مزید اس سے دور ہوئی..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جانتی ہوں بہت اچھی طرح آپکو بھی.. اور آپکی بہن کو بھی.. اور میں یہ بھی جان گئی ہوں کہ آپ پر میرے بھائی کی وجہ سے زبردستی مسلت کی گئی ہوں.. تو مسلت ہوئی لڑکی کے پاس کیا کرنے آئے ہیں آپ" ارہم کو اس وقت وہ لڑکی کہیں سے بھی انیس سال کی نہیں لگی.. بلکے.. وہ اسے ایک بپھری ہوئی شیرنی لگ رہی تھی ...

جو ہو چکا... شاید ایسا ہی لکھا... تھا... ہم ان معملات کو سنوار سکتے ہیں تمھارا یہ رویہ زیادہ زندگیاں تباہ کر دے گا.. " اسنے اسے سمجھانا چاہا جبکہ ابیھا.. مسکرادی..

تو یوں کہیں نہ.. میرے بھائی نے آپکی بہن کی لگامیں کس دی. تبھی آپ یہاں آئے.. ہیں.. مگر اس معملاے میں میں کچھ نہیں کہہ سکتی... جو میرے ساتھ ہوا ہے.... وہ تو جیسے بہت ٹھیک ہے نہ جو میں بہتری کا سوچوں "..

میں تمھاری کوئی بھی فضول گوئی سننے نہیں آیا.. پہلے تو مجھے لگ رہا تھا.. ایک معصوم لڑکی کے ساتھ زیادتی جر چکا ہو .. جس کا مداوا کرنے میں یہاں آیا تھا.. مگر مجھے.. تم کہیں سے بھی معصوم نہیں لگی..." خوب کہا.. اور مجھ سے.. آپ یہ توقع بھی مت کیجیے گا.. کہ.. مجھے آپکی اس دوسری شادی.. سے ایک پرسنٹ بھی فرق پڑتا ہے.... نہ مجھے آپ میں دلچسپی تھی.. اور نہ ہے.... آپکو آپکی زندگی مبارک.. جائیں یہاں سے" وہ غصے سے بول کتمر منہ پھیر گئی .. جبکہ ارہم مٹھیاں بھینچ کر رہ گیا ...

میری بات سنو.." ایک جھٹکے سے اسکا ہاتھ.. اپنی جانب کھینچ کر اسنے اپنی طرف اسکا.. روخ کیا.. ابیھا کا دل اسے اپنے قریب دیکھ کر زور سے دھڑکا ...

رہبان.. یہاں نہِ. آئے... تم کل ہی اپنی امی کے گھر جا رہی ہو.. " اسنے اسے وارن کرتے ہوئے کہا..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آپکو ڈر لگ رہا ہے.... میرے بھائی سے.. کہ کہیں آپکی بہن بھی... آپکی چوکھٹ پر نہ آکر بیٹھ جائے.. کیونکہ میں گئی ..تو.. مجھے تو.. یہاں سے جانے میں کوئی دقت نہیں ہو گی.. ہاں آگر وہ آئیں.. تو زرا مشکل ہو جائے گی..... کتنی خود غرضی ہے نہ.. سب اہنا اور اپنوں کا سوچ رہے ہیں اور مجھ سے توا قع ہے.. گردن جھکا کر جی حضوری کروں تو آپ کی بھول ہے... میں کہیں نہیں جا رہی... جیسے سب سے.. چھپایا ہے.. اپنی بیوی کو.. اسی طرح ان سے بھی چھپا لیں..." وہ بے خوفی سے اسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولی ...

تم جانتی ہو.. یہ کینچی کی طرح چلتی زبان میں ایک منٹ میں کاٹ دوں گا.." ارہم نے غصے سے اسے گھورت ہوئے.. اسکے دونوں بازوں پر گرفت کی... ایبھا.. خاموشی سے اسکیطر گمف دیکھنے لگی.. اسکی سخت پکڑ کی بنا پر آنکھوں میں نمی بھی اتری ...

مگر وہ ویسے ہی کھڑی رہی ...

ارہم اسکی آنلھوں میں اترتی نمی کو دیکھ کر اس سے دور ہوا ....

اور پھر اسکیطرف دیکھا.. جو اسے ہی گھور رہی.. تھی..

یہ مشکل تھا.

ہاں وہ اس لڑکی کو... آسانی سے قابو نہیں.. کر سکتا تھا ...

بریڈز پر ہاتھ پھیر کر.. اسنے ایک آخری نظر. ایبھا پر ڈالی.. اور روم سے باہر نکل گیا ....

جبکہ ایبھا نے جلدی سے روم کو لاک کیا.. مگر کوئی فائدہ نہیں تھا اب اس لاک کا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ بیڈ پر جا کر بیٹھی... اور تیز تیز دھڑکتے دل کو تھام کر... رونے لگی ....

.....................

یہ کوٹ ہینگ کرو" سکندر نے اسکے ہاتھ میں کوٹ اتار کر تھمایا تو وہ ہینگنگ سٹینڈ کیطرف بڑھی جب پہلے دن اسنے اسے کوٹ ہینگنگ کرنے کو کہا تو اسے hanging کا مطلب ہی سمجھ نہیں آیا اور سمجھتی بھی کیسے اسکے گاوں میں اس قسم کے تکلفات میں نہیں پڑا جاتا تھا.

اور جب وہ کوٹ ہاتھ میں پکڑے کھڑی رہی تو سکندر نے غصے سے اسکی جانب دیکھا اور اپنی چئیر سے اٹھ کھڑا ہوا دھنک نے ڈر کے مارے دو قدم پیچھے لیے سکندر نے اسکے ہاتھ سے کوٹ جھپٹنے والے انداز میں لیا اور ہینگنگ سٹینڈ پر کوٹ ٹانک دیا...

اسے ہینگینگ سٹینڈ کہتے ہیں" اسنے دانت پیستے ہوئے کہا تو دھنک نے شرمندگی سے اثبات میں سر ہلایا ...

Bldy nonsence"

اسنے حقارت سے کہا دھنک کے پلے تو کچھ نہیں پڑا مگر اسے محسوس ہو گیا تھا اسنے کچھ برا ہی کہا ہے... دھنک نے کوٹ ہینگ کر کے اسکی طرف دیکھا.

جو لیپ ٹاپ پر انگلیاں چلا رہا تھا وہ دلچسپی سے اسکی تیزی سے حرکت کرتی انگلیوں کو دیکھنے لگی ...

دھنک یہ فائل دو" اسنے مصروف سے انداز میں کہا.

اور بالوں میں ہاتھ پھیرا ماتھے پر تفکر کی لکیریں تھیں.. جبکہ نگاہ اب بھی لیپ ٹاپ پر تھی..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ دوسری جانب دھنک اسکے لبوں سے اپنے نام کی پچار سن کر ساکت رہ گئ..

اسنے پہلی بار اسکا نام لیا تھا اور لتنا خوبصورت ہو گیا تھا اسکا نام....

چند لمحے گزرنے کے بعد بھی جب دھنک ایسے ہی کھڑی رہی تو سکندر نے اسکی جانطمب گھور کر دیکھا...

کیا" وہ اونچی آواز میں سوالیہ انداز میں بولا تو وہ ایکدم چونکی اور فائل اٹھانے کے لیے آگے بڑھی مگر اس سے پہلے ہی سکندر نے اپنی مطلوبہ فائل اٹھالی... وہ زچ ہو گیا تھا اس لڑکی سے.. اور اب کنول کا مشورہ اسکے لیے زہمت بن گیا تھا...

کتنا اچھا ہوتا وہ اسکی بات نہ مانتا... وہ لڑلی اسے کہیں سے بھی ایکٹیو نہیں لگتی تھی.. مگر اسنے کبھی خود اپنے بارے میں نہیں سوچا تھا کہ ہو سکتا ہے اسکا رویہ.. اس لڑکی.. کو پریشان رکھتا ہو.. اور اسپر جب انا یکسپیکٹڈ حرکت ہو تو...

نہ جانے وہ اس سے کیا چاہتا تھا...

عجیب بے ہوش لڑکی ہے" وہ بڑبڑایا..

اور دعبارہ کام میں مگن ہو گیا..

جبکہ دھنک اسکے لیے کافی بنانے لگی... کافی بنا کر اسنے اسکے سامنے کافی کا مگ رکھا.. اور اس زے پہلے وہ صوفے کی جانب بڑھتی.. سکندر کی پکار پر اسکے قدم روک گئے.



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

یہ فائل باہر ریسیپشینسٹ کو دے دوزرا.. "دھنک نے جلدی سے اسکے ہاتھ سے فائل لی.. اور اثبات میں سر ہلا کر ..باہر جانے والے دروازے کیطرف بڑھی.. کہ کسی نے باہر کیطرف سے دروازہ زور سے کھولا... اور دروازے کو دھکہ لگنے کی بنا پر.. دھنک کے ہاتھ سے فائل چھوٹی.. اور فائل میں مجود کاغزات زمین بوس ہو گئے ...

آہ سوری سوری محترمہ "وائز نے جلدی سے معزرت کی ...

جبکہ دھنک اسکی بات کا کوئی بھی جواب دیے بغیر نیچے جھک کر... کاغز سمیٹنے لگی...

اسکے سر سے.. اسی افراتفری میں دوپٹہ ڈھلک گیا تھا.. جبکہ لمبی ڈھیلی سی چوٹیا. کمر سے.. بازو پر آگے جھک آئی تھی..

آواشہ لٹیں اسکے چہرے کے اردگرد پھیل گئیں...

جہاں... وائز یہ منظر مبہوت سا دیکھ رہا تھا.. وہیں سکندر بھی چند لمحے اس منظر میں کھو گیا..

ایک معصوم سا حسن اسکی توجہ کے سارے دھاگے.. اپنی طرف کھینچ چکا تھا..

مگر اگلے ہک لمحے وائز کو جھک کر کاغز جمع کرتے دیکھ... اسکے ماتھے کی رگیں تن گئیں...

وہ ضبط سے دونوں کو دیکھتا رہا...

یہ لیں آپکی فائل.. میڈیم "وایز نے.. فائل بنا کر اسکے ہاتھ میں تھامائی...

شکریہ "اسنے بس اتنا ہی کہا اور باہر نکل گئی .....

بیوٹیفل "واہز منہ ہی منہ یں بڑبڑایا... اور دلچسپی سے اسکی پشت دیکھتا رہا جب تک وہ باہر نہ نکل گئی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسکے چلے جانے کے بعد وہ سکندر کیطرف بڑھا...

کیسے ہو یار "

مسکرا کر کہتے ہوئے وہ اسکی ٹیبل کے سامنے چیئر پر ٹک گیا۔۔۔

سکندر نے کوئی جواب نہیں دیا...ہاں اسے یہ کہنے میں بلکل بھی جھجھک نہیں تھی کہ وائز کی دھنک پر پڑتی نظریں اسے سخت زہر لگتیں تھیں ...

بات یہ نہیں تھی کہ وہ دھنک سے عشق میں چند لمحوں میں ہی گرفتار ہو گیا تھا... مگر وہ شاہوں کے خاندان سے تھا ..

اور انکی روایت اور.. عزت کے خلاف تھا کہ کوئی انکی عورتوں کو دیکھے.. بھلے سے وہ خود کتنیں ہی عورتیں رکھ لیں ...

عجیب.. روایتیں تھیں جب خود پر نظر پڑے تو آنکھیں نکال لو.. جب کہ خود ہر طرح سے آزاد تھے.. وہ کچھ بھی کر سکتے تھے ...

پھر چاہے وہ بدکرداری ہی کیوں نہ ہو ...

مگر انکی عزت انکی عزت تھی ...

اووو بھائی.. کیا سوچنے لگا" وائز نے اسکو متوجہ کرنے کے لیے اسکے سامنے ہاتھ ہلایا... تو وہ چونک کر اسکو دیکھنے لگا..

وائز میں مصروف ہوں.." اسنے بے لچک لہجے میں کہہ کر بے مروتی کی انتہا کر دی.. وائز ا منہ ہی اتر گیا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اوکے میں تمھیں ڈسٹرب نہیں کروں گا بس ایک کپ کافی پیلا دوہ بھی اپنی سیکٹری کے ہاتھ کی "وہ شوخی سے بولا ..تو سکندر نے.. مٹھیاں بھینچ لیں ..

وہ بیزی ہے..کافی پھیر صیحی.".وہ اب بھی لحاظ کر رہا تھا..ابھی..یہی بحث جاری تھی کے..دھنک بھی کمرے میں آ گئ..

آہ شی از کم "وائز چھکا..

پلیز آپ ایک کپ کافی پیلا دیب گنئیں "اسنے برار ہست..دھنک سے کہا تو اسنے اثبات میں سر ہلایا ...

بھلہ وہ اسکے مہمان کو کیسے منع کرتی اسنے سکندر کے ہی کپ میں کافی بنائ اور وائز کے سامنے رکھ دی ..

وائز نے..مزے لے لے کر کافی پی..اور ہر گھنٹ کے ساتھ اسکی تعریف کر تا رہا ...

جبکہ سکندر لیپ ٹاپ پر سر جھکائے... اس کو برداشت کر رہا تھا ...

میں نے آج سے پہلے اتنی شاندار کافی نہیں پی... آپکے ہاتھوں میں تو جادو ہے..."اسنے اٹھتے ہوئے ایک بار پھر سے اسکی تعریف کی..جب کہ حیا نے جھجک کر سر جھکا لیا ...

اوکے یار چلتا ہوں... پھر دوبارہ جلد ہی ملقات ہو گئ.."اسنے سکندر سے کہا.. مگر سکندر نے سر اٹھا کر اسکو دیکھنا بھی ضروری نہیں سمجھا ..

اس وقت وہ صرف دھنک کی گردن دبانا چاہتا تھا ..

وائز نے جواب نہ پا کر شانے اچکائے اور باہر نکل گیا..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

......................

اسکے جاتے ہی.. سکندر اپنی چیئر سے جھٹکا کھا کر اٹھا.. اور کافی کپ اٹھا کر پورے طاقت سے دیوار پر دے مارا ...

کپ کی کرچیاں ادھر ادھر بکھر گئیں دھنک خوف ذدہ سی اسکیطرف دیکھنے لگی.. جو..چیئر کو دھکا دے کر اسی کیطرف آرہا تھا.. اس کا دل کیا...وہ یہاں سے اڑ جائے.. سکندر کے انداز خطرناک تھے.. مگر وہ اپنی غلطی نہیں جانتی تھی ...

کیوں آئی تم کمرے میں.. "اسنے اسکے.. بالوں کو مٹھی میں قید کر لیا.. ایک بے بس چیخ دھنک کے لبوں سے آزاد ہوئی ...

سائیں.. "اسنے اپنے بال چڑھانے چاہے.. مگر.. سکندر کی پکڑ میں مزید سختی آ گئی ...

میں نے پوچھا ہے.. تم کیوں آئی اسکے سامنے...اور کس کی اجازت سے تم نے اسکے لیے کافی بنائی" وہ پھنکارا... جبکہ دھنک کی سانس.. تو جیسے گلے میں ہی اٹک گئی خوف سے اسکا رنگ سفید پڑنے لگا ...

جبکہ سکندر نے اسے.. دھکا دے کر دیوار سے لگا.. دیا ....

میں.. تمھیں سانس تمھاری مرضی سے نہ لینے دوں اور تم.. اپنی من مانی کرو گئی.. مجھے چیڑانے کے لیے.. تم دوسروں کے سامنے اسطرح آو گئی" وہ بات کو کچھ اور ہی رنگ دے گیا تھا.. اسکا چہرہ اپنے ہاتھ کی سخت گرفت میں لے کر.. دھاڑا.. تو دھنک کے ٹپ ٹپ.. آنسوں گیرنے لگے.. لب کپکپا ہی گئے.. سکندر نے اسکی حالت.. کو دیکھا .. مگر...دماغ میں وائز...کی نظریں...اسکی بیوی پر جو اٹھ رہیں تھیں...چیپک ہی گئیں..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہاں اسکی بیوئ جسے آج تک وہ بیوئ کی حثیت اور درجہ نہ دے سکا.

سائیں آپ غلط سمجھ رہے ہیں...وہ وہ تو.. آپکے مہمان... تھے.. میں.. بس..." وہ اچانک چپ ہو گئ...بولو بولو.. واہ...

زبردست.. جس لڑکی کی زبان بھی نہیں کھولتی تھی.. میرے سامنے.. اب کیسے.. چل رہی ہے..." سکندر نے..

اسکی.. کمر.. پر گرفت کی.. تو.. دھنک کا دل دھک سے رہ گیا...

پہلی بار اس شخص کی قربت میں تھی.. اور... بس...

وہ اسے ایسے ہی دیکھتی رہ گئ.. وہ بھول گئ تھی.. اسکی پکڑ میں کتنی سختی ہے.. اتنی کہ آنکھ سے نکلتے آنسو.. کب بہنے لگے.. اسے اندازا نہیں ہوا.. وہ بھول گئ تھی.. وہ شخص اسپر غصہ کر رہا ہے.. یہ اسکو غلط سمجھ رہا ہے...ہاں وہ یہ بھی بھول گئ.. کہ وہ شخص اس سے نفرت کرتا ہے.. اور اسکا جائز حق ناجائز.. دوسروں کو بانٹتا ہے.. وہ اپنی بے عزتی.. اپنی تزلیل بھولائے اسکی قربت میں سن کھڑی تھی

وہ سب بھول گئ.. تھی...

اسکے چہرے کے تاثرات سکندر نے غور سے دیکھے.. ماتھے پر پڑنے والی.. شکنیں.. پل میں ہٹیں... اسکی.. نم آنکھوں.. میں.. نہ جانے کیسا جزبہ تھا.. جو اسے باندھ رہا تھا.. وہ اسے چھوڑنا چاہتا.. تھا.. دھتکار.. کر.. اسے خود سے دور کر دینا چاہتا تھا.. مگر اسکی آنکھیں.. ہاں اسکی آنکھیں سکندر کو خود میں بندھ رہی تھیں.. پھر.. اسکے... پنکھڑی مانند لب.. جو ابھی کچھ پل پہلے اسکے غصے سے کانپ رہے تھے...

ایک دوسرے میں پیوست.. بلکل سنجیدہ سے تھے...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سکندر نے... اسکے چہرے کو.. آپ ہی آپ.. دونوں ہاتھوں میں تھامہ... وہ اس وقت... ایک ٹرانس میں تھا... دھنک کا.. دل... پھسلیوں.. سے ٹکرانے لگا.. اسے دل کے دھڑکنے کی آواز کانوں میں سنائی دینے لگی ...

جبکہ سکندر.. بھی ان دھڑکنوں کے شور کو خوب سن رہا تھا.. پہلی بار دھڑکنوں کا یہ رکس اسے اچھا لگا ...

سکندر نے اپنی آنگوٹھے کی مدد سے.. اسکے ہونٹوں کو چھوا ...

اور دل بغاوت پر اترنے لگا ...

اور اس سے پہلے.. وہ جھک... کر.. اسکے.. بے مثال حسن کو خراج دیتا ...

آفس کا دروازہ کھول.. کر کنول اچانک ہی اندر آئی ...

سکندر یہ فائل... "وہ وہیں تھم گئی جبکہ سکندر بھی جھٹکا کھا کر اس سے دور.. ہوا ...

اور دھنک تو.. خود کو سمبھالے بغیر... لہرا کر صوفے پر گیری.. دونوں نے ہی.. اسکو دیکھا ...

سو.. سوری" کنول نے معزرت خوانہ انداز میں کہا ...

تو سکندر بریڈز پر ہاتھ پھیر کر.. اسکو دیکھنے لگا.. یہ وہ کیا کر رہا تھا... کیوں کر رہا تھا.. یہ کیسا جادو تھا ...

وہ بس سوچ کر رہ گیا ...

اور بغیر کچھ کہے.. کنول کے نکلتے ہی.. خود بھی باہر نکل گیا... جبکہ دھنک اب بھی خود کو سمبھال نہیں پائی تھی.

.....................



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کیسی ہو ابیھا" رہبان نے بہن کو گلے لگانا چاہا تو.. وہ کچھ فاصلہ اختیار کر کے صوفے پر بیٹھ گئی.. سادہ سے لباس میں وہ نئی نیویلی دلہن بلکل نہیں لگ رہی تھی.. رہبان کا چہرہ بہن کی حرکت پر خفت پر سرخ پڑ گیا.. جبکہ دوسری طرف حیا تو جیسے سولی پر لٹکی ہوئی تھی...

کیا ہو.. کچھ غلط نہ ہو جائے.. رہبان کو پتہ نہ چل جائے ابیھا.. کیا بولے گی ..

جیسے کی سوال.. اسکی جان بیٹھے بیٹھے کھا رہے.. تھے.. وہ بے چینی سے.. پہلو بدل کرہ گئی..

امی نے رہبان کو بیٹھنے کے لیے کہا تو وہ سنجیدگی سے بیٹھ گیا ...

آپ کیسے ہیں بھائی. اور کیسے آنا ہوا. " ابیھا نے بھی سنجیدگی سے پوچھا تو رہبان اسکے لہجے کو محسوس کیے بغیر نہیں رہ سکا ....

امی بھی پہلو بدل کر رہ گئیں کس کو روکتیں.. اور کیسے روکتیں ...

مجھے تمھاری یاد آرہی تھی.. تو بس... اسی لیے" وہ شاید پہلی بار... کنفیوز ہوا تھا.. وہ بھی اپنی ہی بہن کے رویے سے ..

میری یاد کیوں... میری تو شادی ہو گئی.. اب.. میری یاد تو نہیں آنی چاہیے.. "وہ مدھم سا مسکرائی ...

کیسی بات کر رہی ہو ابیھا... تمھیں ایک مہینہ ہو گیا ہے.. تم گھر نہیں آئی آنٹی تمھیں بہت مس کرتیں ہیں.. اور تمھاری شادی ہوئی ہے.. تو... کیا ہوا.. تم اور تمھاری یاد.. تو آئے گی ہی " .

حیا..نے.. مسکراتے ہوئے بات سمبھالی.. تو ابیھا.. آنکھیں اچکا کر رہ گئی



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

حیا... وائے آر یو سو مچ انسکیور... میں تمھیں کبھی نہیں چھوڑو گا... تمھارے بغیر.. رہبان بھی کچھ نہیں ہے... "اسنے اسکے ہاتھ تھام کر محبت کا مان بخشا... تو اسنے سر جھکا لیا.. اور دل میں مظبوطی پیدا کرتے.. ہوئے اسے سب بتانے کا فیصلہ کیا..

میں نہیں چاہتی تھی... ابیھا کی بھائی سے شادی ہو ...

...بھائی عروش سے پیار کرتے تھے ...


Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میں...میں آپ سے محبت... نبھانے...کے لیے اتنی خود غرض ہو گئی رہبان.. کے باپ جیسے بھائی.. کی خوشیوں کا نہیں سوچا.. اس بھائی کی خوشیاں جس نے.. میرے لیے.. مجھے.. دنیا بھر کی آسائشیں دینے کے لیے... دن رات محنت کی ...

میں نے نہیں سوچا... کہ وہ کسی سے محبت کرتا.. ہے.. وہی.. محبت.. نہ جو میں آپ سے کرتی ہوں...." آنسو ٹپ ٹپ گیر گیر کر.. رہبان کے ہاتھ بھگو رہے تھے ..

مگر اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا.. وہ یہ ذکر کیوں کر رہی ہے.. مگر وہ خاموش رہا... وہ اسکے اندر.. دبی بات کو نکلوانا چاہتا تھا ...

مگر آپ کی خواہش.. آپ کی ضد کو پورا کرنے کے لیے.. میں نے انھیں منا لیا ...

وہ مان گئے میرے لیے.. زبردستی کا رشتہ.. جوڑنے کے لیے وہ تیار ہو گئے ...

ہم نے یہ کیوں نہیں سوچا وہ ایبھا.. کو.. زبردستی اپنے ساتھ.. بندھنے پر وہ خوشیاں دیں گے.. جو وہ ڈیزرو کرتی ہے ...کیا وہ خوش رہے گی ..

وہ معصوم کم عمر تھی ...

میرے بھائی سے اچھے اسے.. مل جاتے.. ہم نے نہیں سوچا رہبان.. ہم نے جھونک دیا.. اسے.. اس جھنم میں... جس... میں.. جا کر.. وہ پہلی رات.. ہی... جب.. حسین خواب. ایک لڑکی کی آنکھوں پر سج جاتے ہیں.. اپنے ہمسفر کی ہمراہی کا تصور... ہی اتنا حسین ہوتا.. ہے... مگر نہیں.. ایسا کچھ نہیں ہوا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ ایک رات میں ہی...بڑی ہو گئ ...

وہ زمانے کی زد میں.. آ گئ ....

میرے بھائ نے اسکے جزبوں کی قدر نہیں کی رہبان ...

اسپر....اسپر.. پہلی رات ہی.. س... سوکن..لے کر میرے بھائ نے....اسپر واضح کر دیا..کے..وہ اسپر مسالت کر ی گئ ہے ......

وہ بہت مشکل میں ہے رہبان.... "کہتے ساتھ ہی.. اسنے اسکے ہاتھوں پر پیشانی ٹیکالی..اور بے اسان ہو کر رونے لگی .. جبکہ دوسری طرف رہبان...نے.. اسکی جانب غور سے دیکھا ...

کیا بکواس کر رہی ہو جانتی بھی ہو" اپنے ہاتھ اسکی گرفت سے آزاد کرتے ہوئے.. اسنے.. حیا.. کو دیکھا ...

اسکے لہجے میں.. صرف حیرت بھری سنجیدگی تھی..نہ غصہ نہ جلال..........

میں.....میں سچ کہہ رہی ہوں...." حیانے.. اسکیطرف دیکھا...اور اچانک..ہی.. رہبان..نے.. اسکو رے دھکیلا... حیا پیچھے تکیوں پر جا گیری ..

رہبان" حیانے اسکو پکارا.. مگر..وہ بیڈ بلینکیٹ..ایک ہاتھ سے اپنے اوپر سے ہٹاتا..بیڈ سے اٹھا ...

اور..سائیڈ ٹیبل پر سے کی چین اٹھائ ...

بات سنیں میری" وہ روتے ہوئے اسکے پیچھے.. بغیر دوپٹے.. بغیر پاوں میں جوتے کے.. دوڑی..رہبان کمرے سے باہر..نکلا..تو..باہر سب ناشتہ کر رہے تھے..اسے.ایسے نکلتے اور پیچھے حیا کو دیکھ کر سب کھڑے ہو گئے ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

رہبان بات تو سنیں" وہ بولتی جارہی تھی.. مگر وہ کسی کی سنیں بغیر.. باہر کیطرف دوڑا ....... ....

اور.. پھیر حیا.. پیچھے گھسیٹتی رہ گئی.. مگر وہ بغیر کچھ سنیں.... گاڑی پورچ سے باہر نکال لے گیا ......

.......................

شاید گاڑی کی سپیڈ اتنی تیز نہیں تھی جتنی اسوقت اسکے دل کی دھڑکن تیز تھی ....

دل کے دھڑکنے کے آواز اسکے کانوں میں گونج رہی تھی ...

شادی کے بعد بدلتا.. ابیھا کا رویہ... اسکی شکواہ بھری آنکھیں .....

اسکا فون پر رونا ....

رہبان.. کے سر پر ہتھوڑوں کی طرح گزرے منظر.. آپس میں پٹخ رہے تھے ....

اسمے. گاڑی کی سپیڈ مزید بڑھائی.. اور آج تمام سگنلز توڑتے ہوئے... وہ چٹانوں جیسی سختی... ہرے پر سجائے... ارہم کے گھر کیطرف جارہا تھا .....

سوسائیٹی میں داخل ہوتے ہی.. گھر کے پاس ھمگاڑی اتنی زور سے روکی.. کے ٹائیر بھی آنپس میں چرچرائے .....

اسکا موبائل مسلسل بلینک کررہا تھا... حیا کی کالز.. کے فورن بعد.. احد کی کالز آنے لگی ...

مگر اسنے موبائل دیکھنے کی زہمت نہیں کی ....

اسوقت وہ صرف اس حقیقت کو دیکھنا چاہتا.. تھا... جو.. حیا.. نے اسے بتائی ....

گاڑی کا دروازہ ایسے ہی کھلا چھوڑے... وہ گھر کے اندر داخل ہوا.....ِ تولاونج میں کوئی نہیں تھا... کچن سے کھٹ پٹ کی آواز آرہی تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اسی جانب چلا .....

اس سے پہلے وہ کچن میں دیکھتا.. عروش ہاتھ دوپٹے سے صاف کرتی .....

باہر نکلی...اور سامنے ہی...رہبان کو دیکھ کر..وہ ایکدم ڈر ہی گئ ...

اسے دو قدم پے پچھے لیے..رہبان.. غور سے اسے دیکھنے لگا..اسکے چہرے...کی سرخی..اور اس میں شدید سختی..

عروش کا دل سہم ہی گیا ...

نام "اسکے لب..ہلے.... عروش...کی آنکھوں میں آنسو بھرے ...

رہبان بیٹا" آنٹی کی خوفزدہ زدہ پیچھے سے آتی آواز سن. کر بھی وہ نہیں پلٹا ...

عروش کچھ نہیں بی تو رہبان نے اسکیطرف قدم اٹھایا ...

ع...عروش "وہ ڈر کر فورن بولی ......

پورا نام "وہ پھیر بولا....

تو عروش کو اپنا آپ زمین میں گڑتا محسوس ہوا....

اپنی اصل شناخت بتاتے ہوئے..اس وقت اسپر گڑھو پانی پڑ رہا تھا ...

مسز ارہم..." اسنے ہلکی آواز میں کنپتے لہجے میں بتایا ...

رہبان نے ایک قدم پیچھے لیا ...

بے یقینی ہی بے یقینی تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسکا دل کیا.. اپنے بال نوچ لے .....

یسے کیسے.. وہ اپنی معصوم بہن... کی تکلیف نہیں سمجھ سکا .....

کسک سی بھر گئ... وہ پلٹا تو سامنے ہی آنٹی کھڑی.. تھی..

بیٹا ہمیں معاف کر دو" انھوں نے.. اسکیطرف دیکھا... مگر وہ نفی میں سر ہلاتا... باہر نکل گیا ...

اور یوں... ارہم کی دوسری شادی پر.. اسکی آنکھوں سے لگتی.. مہر.. کے بعد وہ اسی حلیے.. میں.. کوئٹہ کے لیے نکل گیا ....

......................

کیا ہوا ہے.. کیوں ایسے رو رہی ہو.. اور وہ ایسے کہاں گیا.. ہے اللہ خیر کرے... میرا دل ڈر رہا ہے حیا کچھ بتاو" امی نے... حیا کو دیکھا... جو وہیں زمین پر بیٹھی کب سے روئے جا ہی تھی.. اپنی حالت کی پروا کیے بغیر ...

بھابھئ آپکی طبعیت خراب ہو جائے گی.. میں بھائ کو فون کر رہا ہوں.. وہ آجائیں گے" ان سن کو بس اتنا ہی لگ رہا تھا.. شاید ان دونوں کی لڑائ ہو گئ ہے..

وہ سب ہی جانتے تھے.. رہبان کتنا جزباتی ہے ...

حیا اٹھو یہاں سے.." امی نے کہہ کر اسکا ہاتھ تھامہ ...

اور اسکا اٹھایا.. تو اٹھ گئ ...

اور انکے ساتھ اندر.. آ گی ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

انکل گھر پر نہیں تھے وہ آج صبح ہی جا چکے تھے..انھوں نے احد سے...پانی منگایا..

حیا..نے پانی پیا...اور اپنا سر تھام لیا..ایک بار پھیر وہ آنے والے وقت..کا چ کر کانپ اٹھی ...

ابھی آنٹی کچھ بولتی ہی..کہ..

حیا کا موبائل بجا...تو وہ ایکدم..اپنے کمرے کیطرف دوڑی....مگر شاید بد قسمتی نے اس وقت اسکو ....

اپنے قبضے میں لے لیا تھا ....

اسکا پاوں مڑا اور منہ کے بل..وہ زمین پر کا گیری

حیا...."آنٹی کی دلخراش چینخ پر..احد نے بھی پلٹ کر دیکھا..تو وہ حیا کیطرف دوڑا ...

جبکہ حیا..اپنا پیٹ تھامے..زمین پر بری طرح مچل رہی تھی ....

.........................

دھاڑ سے آفس کا دروازہ کھول کر..وہ بے تابی..بے چینی سے...اندر داخل ہوا..تو اسکی پیشانی پر پسینے کے قطرے..اور چہرے پر گھبراہٹ کے اثار شاید ہی..پہلی بار اٹھاے..تھے ....

مگر آفس کے روم میں...روزی کو بڑی شان سے اپنی چیئر پر بیٹھے دیکھ..سکندر کا جیسے خون ہی کھول گیا ......

یو..باسٹرڈ"وہ بھوکے شیر کیطرح دھاڑا ...

اور اسکی..شدید دھاڑ پر باہر کھڑے گارڈز کیبن میں داخل ہو گئے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آ آ آ "مائے بیبی.... ایسے نہیں کرتے.... اتنا چلاوگے تو اپنا نقصان کروگے.... "روزی مسکراتی ہوئ اٹھی.. اور سکندر کو بڑے پیار سے دیکھا.. جب سکندر ...

کا دل کیا آفس کی ایک ایک چیز تباہ کر دے ...

اسکی محنت.. اسکا مان.. اسکا غرور تھی یہ فرم... جو آج روزی کی چال.. سے اس سے چھین گئ تھی .....

اسکا پروجکٹ جیسے حاصل کرنے کے لیے اسنے اپنی ساری پروپرٹی داوپر لگا دی تھی.. صرف اس یقین کے ساتھ .. کہ...وہ پروجیکٹ صرف اسی کو ملے گا اور اسطرح اسکی فرم مزید ترقی کرتی.. اور پاکستان.. کی سب سے بڑی لیدر فرم بن جاتی ...

مگر امریکہ کی جس پارٹی کے ساتھ اسکا پروجکٹ.. تھا رات انکی پارٹی میں.. اس سنے شدید ڈرنک کرلی تھی اسطرح کہ.. اسے کچھ سجھائی نہیں دے رہا تھا ...

بس اسے اتنا یاد تھا.. کہ اس سے کچھ کاغزات پر زبردستی سائین لیے گئے ...

اور.. جب وہ صبح اٹھا.. تو جیسے ان کاغزات کے بارے میں سوچ کر... اسکے قدموں تلے.. زمیں کھسک گئ.. وہ بغیر چھ سوچے سمجھے.. اپنے آفس کیطرف دوڑا.. اور نتیجہ اسکے سامنے تھا ...

اسنے خون آشام نظروں سے...روزی کیطرف دیکھا ...

میں نے تمھیں کہا تھا.. سیدھی طرح.. تم سے.. تیس کروڑ مانگے تھے.. تمھارے لیے تو یہ بہت آسان تھا ...

تم نے.. مجھے.. یعنی روزی کو انکار کیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور اب.. اس انکار کا انجام تمھارے سامنے ہے ....

کیسا لگ رہا ہے.. ڈئیر سکندر.. خود کو برباد ہوتا دیکھ...

ضرور برا لگ رہا ہو گا...ہاہاہا" روزی اپنی ہی بات کا مزہ لینے لگی.. جبکہ دوسری طرف پہلی بار.. نہ جانے کیسے.. اسے خود معلوم نہیں تھا.. سکندر.. کی آنکھ سے آنسو ٹوٹا تھا..

یہ فرم اسکا عشق تھی ...

اور آج.. وہ اپنے ہاتھوں سے کس طرح خود کو برباد کر چکا تھا...

شاید.. کسی معصوم... کو روندنے کی سزا... بھی اسے کم ملی تھی ....

مگر.. اسکا غرور اسے پل میں پاش پاش کر گیا تھا...

حاکم سے فقیری تک کا سفر اسنے بس.. ایک رات میں تہہ کر لیا تھا....

جاو جاو.. میڈیا بھی ابھی تمھارا ویٹ کر رہی ہے...

اور ہاں.. وہ جو تمھارا شاندار محل ہے نہ..

زرا وہاں سے بھی باہر.. نکلو اپنا بوریا بستر ا اٹھاو... خالی کرو... تا کہ میں وہاں سیٹل ہو سکو "..

بکواس بند کرو اپنی "سکندر اسکیطرف بڑھا تو دونوں گارڈز نے اسپر بندوق تان لی.. اسنے رک کر روزی کو دیکھا.. جبکہ روزی کے منہ پر فتح مند مسکراہٹ تھی..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

نکالو اسکو یہاں سے اور آج کے بعد ادھر نظر آئے.. تو اسکو جان سے مار دینا" روزی نے بلند آواز میں غصے سے کہا...

تو گارڈز نے...اسکو باہر کیطرف دھکا دیا...

یہ نہیں تھا وہ کمزور تھا.. یہ ان دونوں کا.. مقابلہ ہیں کر سکتا تھا .....

وہ عرش سے فرش پر پٹخا گیا تھا ...

اسکا وجود ٹوٹ گیا تھا ..

اسکا عشق اس سے چھوٹ گیا تھا..

وہ اپنی تصویر کی جانب دیکھنے لگا.. جس کو روزی نے.. اتار کر زمین پر پھینکا ...

اور اسپر اپنے جوتے سے کانچ کو توڑا .....

سکندر کے وجود میں ابال سے اٹھے.. وہ روزی کیطرف دوڑا ...

مگر.. گارڈز نے اسکو.. پکڑ لیا...

اور فرم سے باہر.. اسے.. دھکا.. دے دیا ...

سکندر کی حالت اسوقت.. کسی ہارے ہوئے جواری کی مانند لگ رہی تھی.....

...............

ارہم" وہ لاونج میں داخل ہوتے ہی.. دھاڑا .....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

توسب سے پہلے ابیھا.. باہر آئ.. کل ہی تو وہ واپس گیا تھا ...

اور آج پھر سے اسے اپنے سامنے دیکھ کر ...

اسے خوشی ہوئ تھی... وہ اپنوں میں رہنے والی ایک خوشباش لڑکی ان سناٹوں میں رہ رہی تھی ...

بھائ.. "ابیھا اس سے پہلے اسکیطرف بڑھتی.. ارہم بھی روم سے باہر نکلا.. مگر ان دونوں کے روم علیدہ تھے

کیا ہوا..... "ارہم نے سنجیدگی سے اسکیطرف دیکھا ...

رف سے حولیے میں. وہ اسے خاصا مظطرب.. اور پریشان ہی لگا...

بر حال کچھ بھی تھا.. وہ.. ہمیشہ ویلڈ ریس ہی رہتا تھا... اور آج وہ اپنی عادت کے بر خلاف تھا ...

کیا ہوا... "رہبان اسکیطرف بڑھا.. اور اچانک ہی اسپر.. جھپٹا ....

اور ایک مکہ اسکے منہ پر مارا ...

ارہم اس حملے کے لیے بلکل بھی تیار نہیں تھا.. تبھی.. دو قدم پیچھے لیے... مگر رہبان نے اسکو بلکل بھی محلت نہیں دی.. اور پے در پے پڑنے والے مکوں سے ارہم.. نہ سمبھلتے ہوئے.. زمین پر گیرا... اسوقت رہبان اسپر شدید حاوی.. تھا ....

بھائ.. "ابیھا کو خود کچھ سمجھ نہیں آئ یہ اچانک ہوا کیا ہے.. اسنے رہبان کو پکڑنا چاہا.. مگر اسنے اسکا ہاتھ جھٹک دیا ...

میں تجھے جان سے مار دوں گا.. تو نے میری بہن.. کی زندگی تباہ کر.. دی ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میری بہن پر کتنا بڑا ظلم کیا تونے اور میں مجھے پتا بھی نہیں چلا ...

آج میں تجھ سے تیری بہن کا شوہر بن کر.. نہیں.. پوچھ رہا... میں اسکا بھائی ہوں... اسکا بھائی ....

جواب دے کیا قصور تھا میری بہن کا.. جو تو اسپر سوکن لے آیا ...

سالے تو تو میرا دوست تھا..." وہ اسے بری طرح پیٹتے ہوئے.. چیخنے لگا ...

ارہم نے اسے زور سے دھکا دیا ...

کیا دوست کیسی دوستی.. تو نے کب نبھائی دوستی.. تو نے کیوں نہیں سوچا میں تیرا ہی دوست ہوں ...

تو نے میری بہن کو کیوں بلیک میل کیا ...

کیوں نہیں سمجھا تو.. کہ تیری طرح میرے دل میں بھی دل ہے.. اگر میں کسی سے محبت کرتا ہوں تو سالے.. تو کیوں لایا.. بیچ میں.. میری محبت کے کسی اور کو.. تو نے کیوں نہیں سمجھی ....

تو قصوروار ہے.. اپنی بہن کا بھی.. میرا بھی ..

سمجھا.. بات کرتا...." ہونٹوں سے نکلتے خون واسنے ہاتھ سے رگڑتے ہوئے.. رہبان کے منہ پر بھی مکے برسائے..

جبکہ ایبھا.. ان سے کچھ فاصلے پر کھڑی بس آنسو ضبط کرتی رہ گئی ...

تو تو انکار کرتا... اتنی محبت کی آگ بھڑکی تھی تو انکار کرتا صاف.... کیوں کی تو نے اس سے شادی ...

اس معصوم کی زندگی تباہ کر کے.. میرے سامنے اکڑ رہا ہے.. کمینے اگر تیری بہن کے ساتھ میں یہ سب کروں تو ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تو کیا محسوس کرے گا تو" رہبان نے اسکا گریبان پکڑا جبکہ ارہم نے بھی بدلے میں اسکا گریبان پکڑ لیا..

تیری اتنی ہی اوقات ہے... میرے انکار پر تو میری بہن. پر سانس لینا بھی حرام کر دیتا ...

اسکی سانسیں بھی روک دیتا ...

اور میرے انکار سے وہ ساری زندگی تڑپتی بہتر تھا.. میں اسکی بات مان لیتا.. مگر تجھے دیکھانا بھی ضروری تھا زبردستی رشتے نہیں بنتے...اسے مجھ سے.. بہت بہتر مل سکتا تھا ...

مگر تو تو.. صرف یہ چاہتا ہے.. تیرے منہ سے نکلا سب پورا ہوں...باقی کسی کو انسان سمجھا تو نے کبھی... تیری بہن تیرا کیا بھگت رہی ہے "

اور جواب تیری بہن بھگتے گی.... طلاق دے.. ابھی ...

تیرے جیسے کمینے کے پاس تو اب میں ایک سیکنڈ بھی نہیں چھوڑو گا اسے.... طلاق دے..." رہبان نے اسکو جھٹکا تو ارہم...نے.. اسکو گھور کر دیکھا .....

طلاق تو میں بلکل نہیں دوں گا.. میں بھی دیکھتا ہوں کس کے باپ میں اتنی جرت ہے.... اور... اچھا ہی ہے.. میری بہن.. پر تیری حقیقت واضح ہو.. کب تک وہ.. تیری اس نسور جیسی محبت کے سہارے...زندگی گزارے گی"

ارہم نے نخوت سے کہا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تجھے میرا پتہ نہیں ہے ارہم... شاید جب میں حیا کو طلاق دوں.. تب.. تجھے... اندازا ہو جائے. کہ.. میں.. تیری سانسیں کس طرح روک سکتا ہوں....... "رہبان نے غصے سے کھولتے ہوئے کہا... جبکہ ابیھا... کا اسکی اس بات پر دل پھٹنے کو ہو گیا ...

بس س... بس کریں ......

کون ہوتے ہیں آپ دونوں یہ فیصلہ کرنے والے.. کے کون کس کو طلاق دے گا ...

تماشہ ہیں ہم.... دل نہیں ہے ہمارے پاس کھلونہ ہیں. جس سے جس کا دل چاہے گا کھیلے گا.. آخر کوئی ہماری کیوں نہیں سنتا ...

سب.. اپنے ہی فیصلے کیوں مسلط کرتے ہیں.. ہم لوگوں پر.. جرم صرف اتنا ہے.. کہ ہم عورتیں ہیں ....

تو کیا... تو کیا.. گلہ گھونٹ دیں گے آپ لوگ ...

سب اپنی مرضیاں اپنے فیصلے تھونپ دیتے ہیں. نفرت نفرت ہو رہی ہے.. مجھے آپ دونوں سے گھن آ رہی ہے.. یہ سوچ کر بھی.. کہ..

آپ دونوں ایک باشعور پڑھے لکھے مرد ہو ....

کیا.. کیا.. بتائیں مجھے کس وجہ سے آپ بھابھی کو طلاق دیں گے.. اس لیے انھوں نے آپکی بات مانی ...

اس لیے... کہ.. جب سے شادی ہوئی ہے.. اپنے انھیں صرف اپنے چنگل میں قید کر کے رکھا ...

بلاوجہ بے تکی بات پر انکے منہ پر تھپڑ مار دیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

# اسلام علیکم

ہمارے ارد گرد بہت سے کردار ہیں جو کہ ایک لکھاری ہی جان سکتا ہے۔۔اگر آپ ایک لکھاری ہیں اور ان کرداروں کو لکھ رہے ہیں تو ریڈرز چوائس آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کر رہے ہیں جہاں آپ ان کہانیوں نہ صرف اچھے سے بیان کر سکیں گے بلکہ آپ کی صلاحیتوں کا لوہا بھی منوا سکتے ہیں۔ریڈرز چوائس کا حصہ بنئے اور اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے ہم کو اپنی تحریر (ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، مضامین، کوکنگ ریسپی) اردو میں لکھ کر ہم کو بھیجیں۔ہم آپ کی ان تحریروں کو ایک ہفتے کے اندر اپنے ویب بلاگز (ویب سائٹس)، سوشل میڈیا گروپس، اور پیجز پر پبلش کریں گے انشاءاللہ۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

Email Address: mobimalik83@gmail.com

READERS CHOICE

Facebook ID; https://web.facebook.com/mubarra1

Instagram; https://www.instagram.com/mobi8741/?hl=en

Facebook Groups; READERS CHOICE, NOVELS FOR YOU ALL IN ONE, REQUEST NOVEL ONLY READERS CHOICE

جب جی چاہا.. کمرے سے باہر نکال دیا ....

دو دو ماہ انھیں انکے گھر والوں سے نہیں ملنے دیا ...

یہ نہیں لگتا آپ لوگوں کو کے آپ سب ذہنی مریض ہیں.. چاہتے کیا ہیں. آپ ... ہم سے ....

آپ نے آپ نے زندگی برباد کر دی بھائی میری.. بھابھی کا تو قصور بس اتنا ہے کہ وہ ایک بزدل لڑکی ہیں.. اور آپ کے اشاروں پر ناچنے والی ایک کٹھپتلی.. جس کی خود کوئی سوچ نہیں ہے.."وہ رہبان کا گریبان پکڑے...بری طرح روتے ہوئے چلا رہی تھی جبکہ وہ دونوں ہی مرد جیسے زبان تالو سے لگائے کھڑے تھے ....

اور آپ مسٹر ارہم... کیوں نہیں دیں گے مجھے طلاق... سمجھا کیا ہے.. مجھے... نفرت کرتیں ہوں میں آپ سے آپکے وجود.. سے.. آپکے ہونے کے احساس تک سے... ایک مرد ہو کر.. اتنی بزدلی.. دیکھائی ہے.. اپنی محبت کے لیے... زرا سا بھی ڈیفینس نہیں کر سکے.. تو بھاڑ میں گئی یہ محبت محبت ...

محبت کے نام پر.. صرف لوٹ مار کرنی آتی ہے ....

اگر اتنی ہی محبت ہے.. تو محدود رکھیں.. اپنی عروش تک.. اور بخش دیں مجھے..... جب میں آپ کے ساتھ رہنا ہی نہیں چاہتی.. تو روک کر دیکھائیں آپ مجھے.... آپ لوگوں کا پروبلم صرف اتنا ہے کوشش کر کے.. عورت پر اپنی برتری.. واضح کر دیں.. ارے برتری بعد میں دیکھایئے گا.. پہلے اسے اسکا مان.. اسکے حصے کی عزت تو دو ....

کہ وہ فخر سے سر اٹھا کر جیے...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مجھے آپ سے طلاق چاہیے ارہم کیوں کے میں آپکے ساتھ نہیں رہنا چاہتی..."وہ بلا خوفخطر اسکی آنکھوں میں دیکھ کر بولی..

اور اس سے پہلے..وہ کچھ بولتا..اسکا فون.بلینک کرنے لگا..

امی کا نمبر دیکھ کر..اسنے فون اٹھایا..دوسری طرف وہ بری طرح رو رہی تھیں..

امی"اسنے پریشانی سے پکارا..

ارہم ارہم..حیا کی حالت بہت بری ہے..بیٹے..ڈاکٹرز نے اسکی حالت خطرے میں بتائی ہے..اور بچے کی بھی.."انھوں نے بتایا..

ہوا کیا ہے.اچانک ِ ِ"ارہم نے رہبان کیطرف دیکھا..اگر اس سب کے پیچھے آج یہ شخص ہوا تو ضرور وہ اسکا قتل کردے گا...

اس..اسکا پاوں مڑ گیا..وہ...گیر گئی ہے..ارہم مجھے بہت خوف آرہا ہے.."وہ پھیر سے رونے لگیں..

میں پھنچتا ہوں..ارہم نے کہ کر فون بند کیا..اور پاکٹ مٰیں ڈال کر..اسنے..رہبان کیطرف دیکھا...

حیا گیر گئی ہےِ.بچے اور اسکی حالت نازک ہے..."اسنے کچھ جتاتے ہوئےِ اسکو اطلاع دی..ایبھا..نے..منہ پر ہاتھ رکھ..لیا..جبکہ رہبان..کا چہرہ..ایکدم...سفید پڑا..اسے یاد آیا جس طرح وہ رو رہی تھی..اور اسکے پیچھے دوڑی...

اچانک ہی وہ تینوں..باہر پورچ کیطرف دوڑے..کچھ بھی تھا..ِ

حیا..اور اسکے بچے کی زندگی..سب کو ہی عزیز تھی..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

.......................

وہ فل سپیڈ میں گاڑی چلا رہا تھا..

گھر کی پورچ میں گاڑی رکی.. تو... سکندر نے... دروازے سے باہر.. دھنک.. اور پریشان حال کھڑے سب ملزموں سمیت بی جان کو بھی دیکھا.. اسوقت اسکا وجود خود اسقدر ٹوٹ چکا تھا.. وہ کسی اور کو کیا. دھلاسہ دیتا ... باہر پھینکوا انکا سامان.. میڈیم کا حکم ہے.. "ایک آدمی اپنے بہت سارے گارڈز سمیت.. اسکے گھر.. کی ایک ایک ایک چیز اٹھا اٹھا کر پھینک رہا تھا... کتنی محنت سے یہ سب بنا تھا.. اور آج ...

اسکا دل کیا دھاڑے مار مار کے روئے.. یا سب.. کو تباہ کر دے.. مگر بے بسی کی مورت بنے وہ سب ہوتا دیکھ رہا تھا ..

کیا ہو رہا ہے بیٹا یہ "بی جان نے پریشانی سے اسکے لٹھے کی مانند سفید چہرے کو دیکھا ...

برباد "بے آواز اسکے لفظ پھڑ پھڑائے ...

اور وہ بغیر کچھ کہے... دوبارہ باہر نکل گیا ...

اسوقت کچھ بھی اسکی ملکیت میں نہیں تھا ...

سکندر... "بی جان.. اسکے پیچھے بمشکل آئیں ...

انکے ساتھ دھنک بھی تھی..

کیا کر رہا ہے بیٹا... کیا ہو رہا ہے یہ سب "انھوں نے پھیر سے اس سے پوچھا تو شاید وہ اب کی باری ضبط کھو گیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

شراب کے نشے میں ۔ اپنی ساری دولت جائیداد جو... سالوں کی محنت تھی ۔۔ سب سب ۔۔ شراب کے نشے میں ۔۔ ضائع کر دی بی جان... اپکے اس بیٹے نے سب اپنے ہاتھوں سے برباد کر دیا ۔۔ سب دے دیا ۔۔ اپنی محنت اپنی فرم... وہ سیٹ جہاں میں بیٹھتا تھا ۔۔ وہاں اب کوئی اور بیٹھا ہے ۔ دیکھیں بی جان سکندر کا غرور خاک ہو گیا... سکندر کا عشق ۔۔ جدا ہو گیا ...

مر گیا سکندر... وہ فرم..... میرے دن رات کی محنت ۔۔ تھی ۔۔ میرا حلال رزق ...

میں نے سب تباہ کر دیا ہے بی جان...

بکھاری بن گیا ...

سڑکوں پر آ گیا ہوں "

اسوقت وہاں کھڑے ایک ایک ملازم نے سکندر کی آنکھ میں پہلی بار آنسو دیکھے تھے ۔۔ بی جان نے تو سدمے سے ۔۔ دل ہی تھام لیا جبکہ دھنک ۔۔ نے بھی ۔۔ پریشانی سے اسکی جانب دیکھا ۔۔ جس کی آنکھ سے نکلتا آنسو اسکے دل پر پڑ رہا تھا ....

.....................

صبح سے رات ہو گئی ۔۔ وہ سب اب تک ۔۔ وارڈ میں کھڑے تھے ۔۔ ڈاکٹرز نے ۔۔ کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا تھا ۔۔ ابھی کچھ دیر پہلے ہی ۔۔ وہ تینوں بھی پہنچے... امی اور آنٹی ۔۔ کا رو رو کر برا حال تھا ۔۔ رہبان کے بھی ڈاکٹر سے ڈسکشن کرنے کے بعد دلی کفیت بہت بری تھی ۔۔

حیا کا معصوم چہرہ بار بار اسکی نگاہوں کے سامنے گھوم رہا تھا ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ آئی سی یو کے باہر دروازے سے ٹیک لگائے.. آنکھیں بند کیے کھڑا تھا.... اسکے ساتھ گزارا ایک ایک پل ... آنکھوں میں گھوم رہا تھا ...

اسکے ساتھ.. کیا کیا کیا اسنے ...ہمیشہ اسکی چھوٹی سی جان کو مشکل میں رکھا.. آج اسے امی کی مانی گئی بات پر شدید دکھ تھا.. اگر وہ.. انکی یہ بات نہ تا تو آج سب ایک دوسرے سے نگاہیں چراتے نہیں پھیر رہے ہوتے.. ٹھیک ہی تو کہا تھا. ارہم نے ...

اسنے دوستی کب نبھائی ...

اسنے اپنی بہن کا نہیں سوچا ....

وہ پچتاوں میں گھیرہ کھڑا تھا.. جبکہ جان.. حیا کی وجہ سے سولی پر لٹکی ہوئی تھی ...

امی اور آنٹی سمیت ابیھا بھی ورد کر رہی تھی.. حیا سمیت بچوں کی جان بچ جانے کی بھی سب ہی دعا گو تھے ...

رہبان نے ایک نظر.. ابیھا کو دیکھا.. ہاں.. وہ سب اسکے گناہگار تھے ...

سب اسکی گھوٹی ہوئی سسکیوں کی زد میں تھے ....

رہبان ہارے ہوئے قدموں سے ابیھا تک پہنچا ...

ابیھا نے آنسو بھری آنکھیں اسپر اٹھائی ...

امی اور آنٹی بھی انھیں ہی دیکھ رہیں تھیں ...

اور پھیر وہ ہوا.. جو شاید کسی نے کبھی نہیں دیکھا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ہاں رہبان..وہ جو.. کبھی اپنی غلطی پر بھی بچپن میں بھی کسی سے معافی نہیں مانگتا تھا... آج اپنی بہن کے سامنے ہاتھ جوڑے کھڑا تھا ...

اپنی عزت اپنی انا اپنے غرور میں..وہ سب سمیت خود بھی ٹوٹ گیا تھا..اور اگر آج..سکے بچے..یہ بیوی کو کچھ ہو جاتا تو شاید وہ ساری زندگی سر اٹھانے قابل بھی نہیں رہتا ...

ایبھا..کا دل زوروں سے دھڑکنیں لگا... اسکا بڑا بھائی..اسکے آگے ہاتھ جوڑے کھڑا تھا ...

ایبھا مجھے معاف کر دو.... میں تمھاری زندگی کے یہ قیمتی پل نہیں لوٹا سکتا ...

مگر بلیومی..میں اب کوئی نہ انصافی نہیں ہونے دوں گا تمھارے ساتھ... مگر میں ارہم یہ تمھیں بھی فورس نہیں کروں گا ...

جو تم فیصلہ کرو گی..میں تمھارے ساتھ ہوں... بس پلیز... پلیز ایبھا... میرے بچے کے لیے دعا کرو... حیا کے لیے دعا کرو..سب میری وجہ سے ہوا ہے ...

اس میں ان کا کوئی قصور نہیں سب میری زبردستی ہوا ہے..."بولتے بولتے اسکا لہجہ روند گیا ...

جبکہ ایبھا نے اسکے ہاتھ تھام لیے ...

بھائی..."اسکے آنسو ٹپ ٹپ گیرنے لگے ....

میں میں نے کبھی..بد عا نہیں دی..پلیز آپ یہ مت سوچیے گا ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اللہ سب بہتر کرے گا... بھابھی اور بچہ دونوں ہی.. ٹھیک ہو جائیں گے..." اسنے اپنے اتنے مظبوط بھائی کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر آنسو صاف کیے...

تو آنٹی نے سوالیہ نظروں سے ان دونوں کو دیکھا.. احد اور انکل بھی.. الجھن سے ان دونوں کو ہی دیکھ رہے تھے....

آنٹی میں نے عروش سے شادی کر لی... ہے... اسی رات.. جس رات ابیھا میرے نکاح میں آئی تھی..." اور کتنا چھپاتے اس بات کو.. ارہم نے خود ہی ان سب کو بتایا.. تو ان تینوں کی آنکھیں حیرت سے پھیل گئیں...

رہبان "امی نے غصے.. سے اسکیطرف دیکھا.. اور اس سے پہلے وہ کچھ التا سید ھا بتیں. رہبان نے انھیں ہاتھ اٹھا کر روکا...

پلیز امی.. ابھی میں کوئی بات نہیں کرنا چاہتا..

اور جو بھی ہوا ہے.. سراسر.. میری اور آپکی وجہ سے ہی ہوا ہے... نہ آپ مجھے کہتیں. اور نہ میں ابیھا کو فورس کرتا...

اور نہ ہماری پھولوں جیسی بہن.. کو اتنے دن عزیت میں رہنا پڑتا "...

بے شرم بے غیرت تیری غیرت اتنا ہی گوارا کرتی ہے.. کہ تو.. یہ سب جاننے کے بعد بھی سکون سے کھڑا ہے..." انھوں نے ٹھتے ہوئے اسے بری طرح لتاڑا...

تو انکل نے انھیں سختی سے ٹوکا..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بس کریں.. بیگم.. اور کتنا.. آپ بچوں کو.. اپنی مرضیاں تھوپیں گئیں " .....

ہاں میں ہی غلط ہوں ایک میری بچی.... "وہ ابیھا کیطرف بڑھیں اور اسے سینے سے لگا... لیا ...

ماں کا لمس ملتے ہی... ابیھا نئے سیرے سے بکھری... خون سفید ہو گیا.. رہبان تیرا.. "وہ ابیھا کے رونے پر.. غصے سے چینخیں.. تو رہبان.. نے انکیطرف دیکھا ...

ابھی وہ کچھ بولتا ہی کہ ابیھا بول پڑی ...

خدا کے واسطے امی.. چپ ہو جائیں... "اسنے عاجز آ کر انکے آگے ہاتھ جوڑے ....

اور اسی وقت.. آئی سی یو سے ڈاکٹر باہر نکلی ...

تو سب اسکیطرف متوجہ ہوئے ..

سوری سر.. اپکے ٹوئنز بیبیز میں سے ہم ایک کو نہیں بچ سکے.. جب کہ ایک بچہ ایرلی پیدائیش کی وجہ سے انتھائی نگھداشت میں ہے.. اور آپکی وائف

سکیور ہیں.... "اسنے تفصیلی... سارا معملہ.. ان سب کو بتایا ...

تو جہاں سب کو.. اسکے ایک بچے کے مرنے پر افسوس ہوا.. وہیں حیا اور ایک بچے کی جان بچ جانے پر وہ سب ہی خوش ہوئے.. سوائے آنٹی کے.. وہ یہ سن کر چپ چپ ڈرائیور کے ساتھ.. گھر چلیں گئیں ..

امی نے بھی نم آنکھوں سے انھیں دیکھا ...

رہبان حیا کی جان بچ جانے پر جتنا خدا کا شکر ادا کرتا اتنا کم تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اپنے بچے کے مرنے کا اسے بھی دکھ تھا...

مگر.. اسکا ایک بچہ بچ گیا تھا ...

اور بیوئ بھی.. اب وہ انکے جلد صحت یاب ہونے کے لیے دعا گو تھا......

................................

عرصے عد وہ گاوں پلٹا تھا... اں سے شاید وہ بھا گا تھا ...

کیونکہ اسے گاوں گاوں کے لوگ اور ماحول لکل پسند نہیں تھا...

اور آج قسمت کی کیسی ستم ضرفی تھی.. وہ دوبارہ پلٹ کر وہیں آ گیا تھا..

اس کی خاموشی بی جان سمیت دھنک کو بھی کھل رہی تھی ...

تین دن سے.. وہ بس.. ایک چرپائ.. پر لیٹا.. آسمان کو گھور رہا تھا.. نہ اسے کھانے کی ہوش تھی...نہ پینے کی.. بی جان.. بھی پوتے لی.. اس حالت پر گھٹ گھٹ کر رو رہیں تھیں ...

اور آج بھی جب دھنک نے بی جان کو کھانا.. دیا کہ وہ سکندر کو دے دیں اور خود کو مصروف ظاہر کیا ...

کہ جیسے وہ کام کی وجہ سے.. نہیں دے پا رہی. تو بی جان.. ٹرے تھامیں رونے لگیں ...

دھنک میں دیکھ رہیں ہوں.. تو میرے بچے کو بلکل بھی حوصلہ نہیں دے رہی ہے" انھوں نے کہا تو وہ انکو دیکھ کر رہ گئ ..

کیا حوصلہ دیتی وہ اسے..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جا جا کر تو روٹی دے.. اسے اپنے ہاتھ سے کھیلا...

عورت ساتھ کھڑی ہو تو.. مرد کا حوصلہ بلند ہوتا ہے.. "انھوں نے اسکے ہاتھ میں ٹرے دی۔۔۔

تو وہ سکندر کے بارے میں سوچنے لگی

ارے میری بچی کے ساتھ اتنا ظلم ہوتا.. رہا ...

اور آپ یہ سمجھ رہے ہیں... میں اس کو یہاں بسنے دوں گی ...

کبھی نہیں... میری بچی کے ایک ایک پل کا حساب حیا دے گی.... تاکہ.. اسکی ماں.. اور اس ارہم کو... اندازا ہو...

ہائے میری بچی پر ظلم ہوتا رہا اور میں...." وہ مسلسل... غصے سے بولے جا رہیں تھیں.. انھیں اسوقت بلکل بھی حیا یہ

.. اپنی اولاد کی اولاد کی فکر نہیں تھی.. جس کی معصوم جان اب تک خطرے میں تھی...

اور رہبان... کا.. برا حال تھا.. جب سے ڈاکٹر نے اسکے دوسرے بیٹے کی بھی جان خطرے میں بتائ تھی.. جبکہ حیا..

کو جب سے ہوش آیا.. تھا.. اور اسے اپنے بچے کی موت کا پتہ چلا تھا.. وہ تب سے ہی خاموش تھی ....

جبکہ امی اور ارہم.. اسکے خاموشی سے بہتے آنسو پر اسقدر بے چین تھے.. کہ کسی کو.. بھی اس وجود کی خبر نہیں تھی

جو.. گھر پر اکیلا تھا ...

بیگم آپ مجھے اتنا بتا دیں اسوقت کے حالات اور آپ کا یہ بین.. مناسب لگ رہا ہے... کیا.. آپ سلجھے ہوئے دماغ

سے ان باتوں کو.. آنے والے وقتوں پر نہیں ڈال سکتیں.. سوال میرے پاس بھی ہیں ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مجھے بھی اپنی بچی کی فکر ہے .....

مگر یہ وقت مناسب نہیں ...

بیٹے کو دیکھا ہے اپنے... کیسے ٹوٹ چکا ہے.. کبھی اپ نے دیکھا ہے.. رہبان.. کو اسقدر ہارا ہوا ...

اسے کھانے پینے کی ہوش نہیں ہے .....

آپکا دوسرا پوتا.. بھی خدانخواستہ اسکی معصوم جان خطرے میں ہے... اور آپ... حالات کی سمجھ بوجھ نہیں دیکھ رہیں.. "انھوں نے تحامل سے انھیں سمجھانا چاہا ...

ارے بھاڑ میں گئی.. سمجھ بوجھ ...

اور صاف کہہ رہی ہوں میں جو ظلم اس ظالم شخص نے میری بیٹی پر کیا ہے ...

میں اس حیا کو.. نہیں بسنے دوں گی اب .....

وہی ہو گا اسکے ساتھ بھی جو میری مظلوم بیٹی نے سہا "...

میں آپکی جہالت کے سامنے کچھ نہیں کر سکتا .....

آپکو آپکی اولاد ہی بتا دے گی... کہ.. اس کہانی کا آنت کیا ہو گا..

مگر اتنی بات ہے ...

اب میری بیٹی وہاں نہیں جائے گی..."وہ سختی سے کہہ کر.. کمرے سے باہر چلے گئے جب کہ انکا خون کھول رہا تھا....

تبھی انھوں نے سائیڈ پر پڑا موبائل اٹھایا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور ابیھا... کے فون پر کال کی ...

بیل جا رہی تھی جبکہ دوسری طرف کوئ فون نہیں اٹھا رہا تھا ...

اسی آثنہ میں علیشبہ بھی آ گئ ...

امی "جو خبر اسکو سننے کو ملی تھی ...

وہ اسکا دل ہلا رہی تھی ....

تیری بہن کے ساتھ ظلم کیا ہے بڑا ان ظالموں نے..." وہ کہتے ساتھ ہی رونیں لگیں تو علیشبہ کی بھی آنکھیں بھر آئیں اسکی چھوٹی معصوم سی بہن نے کیا کیا فیس کیا اور انھیں علم بھی نہیں ہوا...

اب وہ کہاں ہے.. "علیشبہ نے... انکے آنسوں صاف کیے... تو انھوں نے غصے سے اسکا ہاتھ جھٹکا ....

ارے وہ ان منحوسوں کے پاس ہے.... ہسپتال میں.. فون کر کر تھک گئ.. مجال ہے جو ایک بار بھی فون اٹھایا ہو "

اور... بھابھی... میرا مطلب.. اپ لوگوں نے مجھے پہلے نہیں بتایا ..

کتنا برا ہوا ہے بھابھی کے ساتھ... اور بھائ کی پہلی اولاد..." علیشبہ کی آنکھوں سے آنسو گیرنے لگے جبکہ انھوں نے کھا جانے والی نظروں سے اسے دیکھا ....

کم بخت.. اگر چیل کیطرح فون پر نہ لپکتی تو آج میرے بچے کو بھی یہ دن نہ دیکھنا پڑتا.. مگر.. کبھی.. کبھی جو.. اس نے کوئ سکھ دیا ہو ِ..." انھوں نے سنگدلی کی انتھا کر دی تھی... علیشبہ انھیں دیکھتی رہ گئ ...

امی.. "اسنے حیرت سے انکی جانب دیکھا تو انھوں نے بھی بدلے میں گھورا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

علیشبہ...میں صرف تجھے اتنا کہہ رہی ہوں اپنی بہن کو بولا...اس سے کہہ.. فوراگھر پہنچ کوئی ضرورت نہیں وہاں کھڑے ہونے کی.. کہ جبکہ..وہ ادھر ہم بھی وہیں مر رہا ہو "...

انھوں نے نخوت سے کہا.. تووہ انھیں دیکھتیی رہ گئ..اور انھوں نے سوالیہ نظروں سے اسکیطرف دیکھا ..

جارہی ہوں میں..رہبان بھائی کے پاس ...

اپنے بھائی کے پاس...وہ بھائی.. جس نے...ہماری ہر چھوٹی چھوٹی خواہش کو اہمیت دی..اور شاید ...

انھوں نے اپنی بیوی کو بھی.. کبھی اپنے بہن بھائیوں..یہ..اپ پر کبھی فوقیت نہیں دی...میرا بڑا بھائی ...

جس نے باپ بن کر ہم سے محبت کی اسے ہماری ضرورت ہے ...

اور میں بھی وہیں جارہیں ہوں..."اسنے ماں کو دیکھ کر کچھ جتاتے ہوئے لہجے میں کہا..اور باہر نکل گئ ...

ہاں تو..میرا ابھی خون سفید نہیں ہوا...مجھے بھی تم لوگوں کی ہی پرواہ ہے..."وہ پیچھے سے غصے سے بولیں مگر وہ بغیر کچھ جواب دیے..چلی گئ.. جبکہ وہ پورے گھر میں اکیلی رہ گئیں ...

.........................

حیاکچھ کھالو..."امی نے اسکیطرف سوپ کا چمچ بڑھایا مگر وہ اب بھی ویسے ہی بیٹھی تھی ...

حیا...میرے بچے کھانے سے منہ نہیں موڑاجاتا ....

تھوڑی ہمت دیکھاو...رہبان کو بھی اور اس معصوم زندگی کو بھی.. دونوں کو تمھاری ضرورت ہے...."انھوں ے اسے پیار سے سینے سے لگا کر سمجھایا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ایک دو دن میں ہی...وہ اتنی کمزور لگ رہی تھی ...

پہلے والی حیا تو کہیں سے بھی نہیں لگ رہی.. تھی جسے رہبان ہر وقت سجاتا رہتا تھا..اور وہ اسکی خواہش پر سجتی رہتی تھی ...

وہ دونوں ہی...اپنی اولاد کے غم میں بکھر رہے تھے ...

یہ میرے گناہوں کی سزا ہے نہ...." اسنے انکی جانب دیکھتے ہوئے خشک آنکھوں سے کہا...اور امی کی آنکھیں نم ہو گئیں ....

حیا.....اللہ کو جو منظور ہو...وہی ہوتا ہے...یا جو آپکے لیے بہتر ہو..وہی ہوتا..ہے ...

اللہ کی رضا میں راضی رہو انشااللہ سب ٹھیک ہو جائے گا.." انھوں نے تسلی آمیز لہجے میں کہا....ابھی حیا کچھ

جواب دیتی ہی.. کہ ایکدم دھاڑ سے دروازہ کھلا ...

اور رہبان سرخ آنکھیں...بکھرا سا حولیہ ...

پورانے رف سے کپڑوں میں..وہی کہیں سے بھی وہ رہبان نہیں لگا...جسے وہ جانتی تھی ...

حیا اسکی جانب دیکھنے لگی ....

اسکے پیچھے ابیھا علیشبہ..ارہم احد...اور شاید انکل بھی تھے...مگر وہ اسوقت...صرف رہبان کو دیکھ رہی تھی ...

اسکی آنکھ سے آنسو نہیں گیر رہا تھا.... مگر اسکی آنکھیں چینخ رہیں تھیں...

اور اسکی آنکھوں میں لکھی بات....پڑھ کر..حیا کی ہچکیاں بندھ گئی .....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسے یقین ہو گیا تھا.. اسکا دوسرا بچہ بھی انھیں چھوڑ گیا ہے .....

اسنے دونوں ہاتھوں سے چہرہ چھپالیا... اور پھوٹ پھوٹ کر رو دی ...

کتننا خوش تھے.. وہ... دونوں ہی... مگر کسی نے بھی... ایسا نہیں سوچا تھا ....

شاید انھیں.. کسی کی خاموش آہیں لگ گئیں تھیں ....

اسکو اسطرح روتے دیکھ ....

ایبھا علیشبہ دونوں اسکیطرف بڑھیں جبکہ رہبان ایک بار پھیر باہر نکل گیا.. ارہم بھی اسکے پیچھے دوڑا ...

رہبان ِ" اسنے اسے پکارا ....

وہ رک کر اسکی جانب دیکھنے لگا .....

ارہم کو سمجھ نہیں آئی کیا کہے.. ایسا.. کہ اسکا غم ہلکا ہو..... ان کے پیچھے پیچھے.. احد اور انکل بھی آ گئے ...

سب ہی غمگین تھے .....

رہبان اسی کیطرف دیکھ رہا تھا... مگر اسکی آنکھوں میں کوئی تاثر نہیں تھا.. نہ ارہم کے پاس.. کوئی بات... وہ خاموشی سے آگے بڑھا.. اور اسے... گلے سے لگا... لیا...

سب ٹھیک ہو جائے گا... یار ........

ہم سب نے مل کر بہت کچھ بگاڑ دیا ہے.... اسے اب ہم نے ہی سنوارنا ہے....." اسنے بس اتنے ہی لفظ کہے....

رہبان نے کوئی جواب نہیں دیا ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسے اسوقت کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا ...

اسکے دونوں بچے جلد پیدائش کی بنا پر دنیا میں نہیں رہے تھے... اسکی بیوی اندر تڑپ رہی تھی ...

اور وہ بے بس.. کھڑا تھا.. اسے کبھی کسی کی ہمدردی اچھی نہیں لگتی تھی .....

اسنے کبھی کسی سے تسلی نہیں لی تھی .....

ہمیشہ.. اپنے فیصلوں پر چلنا... کسی بھی مشکل میں خود کو خود ہی تسلی دینا .....

اور آج..... ایسا لگا تھا... جیسے اسے سختی سے جھنجھوڑا گیا ہو .....

جیسے اسے نیند سے جگا دیا ہو ....

اس غافل نیند.. سے جس میں سونے کی بنا پر... اسے.. کسی کے ساتھ ہوا ظلم دیکھائی نہیں دیا.

.........................

تدفین کی جا چکی تھی.. اور حیا سمیت سب ہی گھر آ گئے تھے ...

رشتے داروں کو بھی اطلاع کر دی گئی تھی.. سب ہی افسردہ تھے... حیا سے افسوس کر رہے تھے..

جبکہ حیا.. بلکل خاموش سر جھکائے بیٹھی تھی... خوشیوں کی گھڑیاں کیسے غم میں تبدیل ہو گئیں تھیں ...

مگر اس سب میں کچھ نہیں بدلا تو وہ آنٹی کا حیا کو بری طرح کوسنا .....

جب سے وہ گھر آئی تھی وہ اسے اسکی غلطیاں گنوا رہیں تھیں ....

اور آج دو دن بعد جب سب.. مہمان.. اپنے گھروں کو گئے تو ...

وہ ایک بار پھیر سے حیا کے مگر ہو گئیں...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کوئی اس سے کیوں. نہیں پوچھتا... کہ جب معلوم. ہے اپنی حالت کا تو.. ایسے کیوں دوڑی سر اسر اسکی غلطی ہے..

میرے بچے کی خوشیوں کو آگ لگادی.. "انھوں نے غصے اور نفرت سے اسکیطرف دیکھا.. اب توحیا کو بھی..

صرف اور صرف اپنی غلطی محسوس ہو رہی تھی ....

امی کیا ہو گیا ہے... "ایبھا نے انکی طرف دیکھا... جبکہ.. انھوں نے اسکو گھورا..

میں. کچھ غلط نہیں. کہہ رہی.. ماں بننے جا رہی تھی ...

کوئی خیال ہی نہیں تھا ....

اسطرح ہو گیا تو بن لی یہ ماں.. "اور بس انکے اتنے کہنے کی دیر تھی.. حیا ایک بار پھیر بے اوسان ہو کر رو دی ...

حالانکہ کسی ڈاکٹر نے ایسا کچھ نہیں کہا تھا.. مگر اسکے اندر نہ جانے کیوں. یہ خوف پل رہا تھا...

امی.... پلیز بس کریں. "علیشبہ نے حیا کو سینے سے لگایا.. اور انکی طرف دیکھا... جو اسکو ہی گھور رہیں تھیں...

اسی دوران.. رہبان ارہم احد انکل.. سمیت امی بھی آ گئیں...

حیا کو روتا.. دیکھ وہ اسکیطرف بڑھیں ...

چپ ہو جاو حیا.. جو اللہ کو منظور... بس چپ ہو جاو... تمھیں بخار ہے اور مسلسل رونے کے باعث بخار تیز ہو رہا ہے...

میری بچی بس کرو "انھوں نے اسکے آنسو صاف کرتے ہوئے اس کے نڈھال وجود کو اپنی بانہوں میں سمیٹا ...

ہاں بھئی.. اپنی بچی کی تو بہت لگ رہی ہے ....

اور جو میری بچی پر ظلم کیا.. وہ بڑا درست تھا.... "انھوں نے انکیطرف دیکھتے ہوئے طنزا اچھالا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آنٹی پلیزاس میں کسی کا کوئی قصور نہیں ہے سوائے میرے.... میں ہی ایبھا کا مجرم ہوں...." ارہم نے انھیں ٹوکا

.. کہ قصور تو کسی کا بھی نہیں تھا.. اور کوئی بھی نہیں جانتا تھا.. کہ اسنے شادی کرلی ہے ...

ہاں بھئی ٹھیک کہہ رہے ہو.. تم نے کہہ دیا اور ہمارا زخم تو بھر گیا...." وہ ایکدم غصے سے چینخی تو سب ہی خاموش ہو گئے ...

جبکہ ایبھا.. بھی انھیں کے پہلو میں خاموش بیٹھی رہی ...

ارہم میں...ایک باپ ہونے کے ناطے اپنی بیٹی کے لیے سوال کر رہا ہوں کیا قصور تھا اسکا جو تم نے اتنی بری سزا دی ..." انکل نے بھی اسکیطرف دیکھ کر پوچھا ...

میں کسی اور کو پسند کرتا.. تھا اور کرتا رہوں گا ...

میں نے اسی سے محبت سیکھی ہے...اور میں اسکی جبت میں بے ایمانی نہیں کروں گا ...

جب زبردستی کے رشتے بنتے ہیں.. تو شاید یہ ہی انجام ہوتا ہے... اور مجھے اپنے کسی عمل پر کوئی پشتاوا نہیں ہے

.. میں کیوں پشتاو... مرتا تھا کیا... اسکو میں... کھانے کو نہیں دیا ...

یہ اپنی بیوی کے کہنے پر اسکے ساتھ کوئی ظلم کیا ...

ایسا کچھ نہیں کیا میں نے ....

اگر میں شادی نہ کرتا... تو شاید.. پھیر آپکی بیٹی پر ظلم ہو جاتا... نہ کہ اب... آج ابھی... میں ایبھا کو اختیار دے رہا ہوں

.... جو ہوا.. ہو چکا ہے ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

بہت سے رشتوں کے لیے.. ہم نے.. اپنی اپنی جگہ غلط کیا ہے ...

مگر میں ابیھا کو اختیار دے رہا ہوں.. وہ میرے ساتھ رہنا چاہے تب بھی اسکی اپنی مرضی ہے.. اور نہیں رہنا چاہے گی تب بھی .....

دونوں صورتوں میں میں اسکے ساتھ ہوں ...

اگر وہ میرے ساتھ رہنے کا فیصلہ رے گی تو میں یہ بھی یقین دلاتا ہوں کہ اب تک.. جو میں نے غلطیاں کی انھیں بلکل نہیں دھوراوں گا... رشتہ نبھانے کی کوشش کروں گا "...

ارے نبھاو تم اپنے رشتے میری بچی تمھاری شکل بھی نہیں دیکھے گی.. اور اس اپنی بہن کو بھی لے جاو ....

نہیں رکھوی میں.. اسکو بھی" اسکے چپ ہوتے ہی.. نھوں نے ابیھا کو.. گلے سے لگایا.. جس کے آنسو گالوں پر لڑھک رہے تھے ...

انکی بات سن کر حیا نے سر اٹھا کر رہبان کو دیکھا.. جو اسی کیطرف دیکھ رہا تھا....

اسکی آنکھیں بے تاثر تھیں.. تین دن سے اسنے حیا کیطرف نہیں دیکھا تھا ...

نہ بات کی تھی...

تسلی تو پھیر دور کی بات تھی ....

میری بہن کا کوئی قصور نہیں ہے.. تو کیوں جائے یہ.. "ارہم کو بھی اب غصہ آنے لگا ...

زبان دیکھو.. ایک تو چوری اور اوپر سے سینا زوری ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

لے جاو.. اپنی بہن کو میں کہہ رہی ہوں رہبان میں اس کا وجود بھی برداشت نہیں کروں گی.... اسے رکھ لے یہ ہمیں رکھ لے..." انھوں نے ہاتھ اٹھا کر خاموش کھڑے رہبان کو کہا ...

کیا ہو گیا ہے... کیوں رہ رہیں ہیں ایسی بات... ابیھا کا معملہ.. دیکھیں چھوڑ دیں باقی باتے" انکل نے انھیں ٹوکا تو انکا غصہ مزید بڑھا ...

میں کہہ رہی ہوں میری بچی کے ساتھ ہوا ظلم کسی کو نظر کیوں نہیں آ رہا " ....

انھوں نے پھیر سے خاموش کھڑے رہبان کو دیکھا ....

ارہم لے جاو اپنی بہن کو...." بلآخر وہ بولا... اور حیا کو لگا ...

وہ منوں زمیں تلے جا پڑی ہو....

بہت غلط کر رہے ہو تم" ارہم نے رہبان سے کہا ....

کہ وہ گیر کچھ ولے اپنے کمرے میں چلا گیا ...

جہاں آنٹی کے چہرے پر اطمینان اترا.. وہیں ابیھا نے ترپ کر بھائی کے فیصلے پر اختلاف کرنا چاہا..

مگر وہ سنے بغیر جا چکا تھا .....

دو مہینے ہونے کو آئے تھے ...

مگر سکندر کے رویے میں کوئی تبدیلی نہیں آئی.. دھنک بھی اس سے کتراتی ہوئی پھیرتی رہی.. جبکہ بی جان جیسے تھک چکیں تھیں اسے تسلیاں دے دے کر ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اسے کافی بہادر سمجھتی تھی.. مگر ایسا تھا نہیں..

بات یہ نہیں تھی کہ اسکے ساتھ جو ہوا... دھنک کے نزدیک وہ بلکل درست تھا...بات یہ تھی.. کہ جب وہ مشکل میں پھنس چکا تھا.. تو

خود کو اس مشکل سے کالنے کی کوئ تتبیر کیے بغیر.. وہ ہار کر بیٹھ گیا.. تھا ...

اسے محسوس ہوا ان دو مہینوں میں شاید سکندر کو اس فرم سے کچھ زیادہ ہی...پیار تھا.. تبھی اسکا غم...اسے لے ڈبا تھا

...

وہ سوچ میں پڑ گئ ...

وہ انسان یہ صرف خود سے عشق کر سکتا ہے.. یہ پیسے سے...اسکے ارگرد پیسہ نہیں تھا ...

وہ لوگ جن میں وہ ایک شان سے کھڑا ہوتا تھا وہ لوگ اب اسے دیکھنے کے بھی راوادار نہیں تھے ...

وہ شاید انھیں لوگوں سے چھپ کر بیٹھا تھا...

جس شخص کو اپنی ریپوٹیشن کی اتنی فکر ہو.. کہ وہ اپنی ہی بیوئ کا صرف اپنی ریپوٹیشن خراب ہونے پر.. ایک رات میں حولیہ بگاڑ دے ....

وہ شخص اتنے برے میس ہیپ پر ایسا ہی رد عمل دے سکتا تھا.. کہ دو مہینوں میں اسکا چمکتا دھمکتا.. چہرہ کملا گیا تھا ...

دھنک کو اس سے خوف مزید بڑھ گیا تھا.. تبھی وہ جہاں ہوا تا.. وہ وہاں سے غائب ہی ہو جاتی ....

مگر بی...اسے اکثر اس بات پر.. کافی ڈانٹ بھی دیتیں تھیں کہ.. وہ اس کے ساتھ ایسا کیوں کر رہی ہے ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اب بی جان کو کون بتائے کہ.. دھنک کو بھی بھی سکندر کے پیسے ہونے یہ نہ ہونے سے فرق نہیں پڑا....

بھی اسنے اسکے پیسے کی چاہ کی ہی نہیں تھی ...

اسے تو صرف سکندر کی چاہت تھی ...

سکندر کا ہونا.. اس کے لیے اہم تھا.... مگر سکندر نے جو اسکے ساتھ کیا... کیا وہ ایسے رویے کی مستحق تھی..

کچھ بھی تھا بھلے سے وہ اس سے نفرت کرتا تھا... مگر وہ اسے انسان تو سمجھتا ....

اسنے صرف بدلہ لیا... اور کہانی ختم ...

مگر یہ بھی تھا.. اسکے دل نے.. کبھی.. سکندر کو بددعا نہیں دی.. اسکے ہر برے عمل کے باوجود.. وہ اسکے حق میں اچھے کے لیے دعا کرتی رہی ...

وہ جانتی تھی اسکا مزاج زرا مختلف ہے ...

اور شاید اللہ نے ایک عورت کو دل ہی اتنا بڑا دیا ہے.. کہ.. وہ سب کچھ فراموش کر کے.. پھر سے اپنوں کی ہو جاتی ہے... مگر.. شاید... دوسوں نے کبھی.. انھیں سمجھنے کی کوشش نہیں کی ....

وہ سمجھے تو سہی وہ چاہتی کیا ہے ...

اور یہی باتیں سوچتے ہوئے.. اسنے سکندر کے پاس جامے کا فیصلہ کیا... بہت مت کر کے اسنے لکڑی کے دروازے اوٹ سے دیکھا تو سکندر کو چارپائی پر بیٹھا پایا ...

وہ.. عجیب انداز سے چھت کو گھور رہا تھا..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

دھنک کو ڈر تو بہت لگا ...

مگر دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر اسنے ...اسکی طبعیت او مزاج کو مد نظر رکھتے ہوئے دروازہ بجایا ...

کہ وہ ایسے ہی چلی جاتی تو وہ ایک بار پھیر اسے جاہل انپڑھ ہونے کا طعنہ دیتا...

اندر سے کوئی آواز نہیں آئی تو اسنے دروازہ پھیر سے بجایا .....

ایسے دروازہ بجا رہی ہو جیسے میں کسی محل یں رہ رہا ہوں ..."اندر سے کچھ چیڑی چیڑی ی آواز آئی..نہ جانے کیوں کیسے..اسکے بولنے کے شاید انداز سے..دھنک کے لب مسکرا دیے..مگر..پل میں مسکراہٹ غائب کرتی وہ اندر آئی..تو سکندر جو کچھ دیر پہلے چھت کو گھورنے کے شغل میں تھا..وہ اب..حیا کو..نظروں سے لھا جانے کا رادہ رکھتا تھا ...

جبکہ..حیا اسکو سامنے پا کر کانپنے لگی تھی

...وہ چند کچھ باتیں جو ساری رات جاگ کر اسنے سوچیں تھیں..وہ جیسے ہوا ہو گئیں ...

رہ گیا تو... سکندر کا خوف..اور انکی آخری ملاقات کی..منظر.

ادھر آو..."جیسے ہی اسنے کچھ بولنے کے لیے لب کھولے.... سکندر نے اسے اپنے پاس لا لیا..

ایسا تو کچھ اسنے سوچا ہی نہیں تھا..دھنک کی جہاں دھڑکن تیز ہوئی وہیں..ٹانگوں سے جیسے جان ہی نکل گی ...

میں چھ کہہ رہا ہوں.."جب وہ سر جھکائے ایسے ہی کھڑی رہی..تو اسنے دوبارہ کہا...تو جیسے دھنک خود کو گھسیٹتی ہوئی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

سکندر کی چارپائی تک لے گئ ...

بیٹھو..." وہ اسے اپنے ساتھ بیٹھنے کا کہہ رہا تھا ...

کیوں.. اسکا دل کیا.. وہ جلدی سے بھاگ جائے.. مگر یہ کمبخت ٹانگیں بھی ساتھ دیں..

جو مردہ ہی ہو گئیں.. تھی ...جب وہ یوں ہی کھڑی.. رہی... تو سکندر نے اسے کھینچ کر ساتھ بیٹھا.. لیا.. اور اسکی جھکی

..پلجبوں کو.. دیکھا ..

اسکے سامنے تو.. وہ آنکھ بھی نہیں اٹھاتی تھی ...

بدعادی ھی ہ تم نے مجھے.... دی تھی نہ کہ میں برباد ہو جاو ....

جو میں نے تمھارے ساتھ کیا ...

اسکا بدلہ تم نے.. اتنی شدید لیا ہے.. کہ میری نس نس چیخ اٹھی ہے..." وہ بولا ...

تو جہاں دھنک نے.. تڑپ کر اسکیطرف دیکھا.. وہیں.. اسکا لہجہ.. اور چہرہ بلا کی سمجید گی لیے ہوئے تھا ...

آپ.. غلط سمجھ رہیں ہیں.. میں نے کبھی کسی کو بدعا نہیں دی" بلآخر وہ بولی.. کیسے اس الزام پر خاموش رہتی ...

زبان سے نہیں تو دل سے تو دی ہو گئ... میرے حال پر سب سے زیادہ خوش بھی تم ہی ہو گئ... کہ اچھا ہوا.. ایسا ہی تو

ہونا چاہیے تھا میری ساتھ ...

میرا غرور... میرا عشق مجھ سے... تم نے چھین لیا ...

تمھاری اس خاموش آہ و بکا نے" وہ پھیر سے اسے دیکھتے ہوئے بولا....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ دھنک کی آنکھوں میں آنسو آ گئے..وہ اتنی نفرت کرتا تھا..س سے کہ..اس کے بارے میں کچھ پوزیٹیو بات بھی نہیں سوچتا تھا ...

غرور اللہ کے لیے ہوتا ہے..اور وہ جچتا بھی سی پر ہے..میں نے اپ کو کبھی بدعا نہیں دی..جبکہ یہ بھی سچ ہے..

اپنے برحامیرادل دکھایا ہے ...

آج آپ یہاں ہیں تو یہ بھی صرف آپ اپنے عمالوں کی وجہ سے ہیں ...

اگر آپ س حرامے کو ہاتھ نہ لگاتے..تو..شاید کوئ آپ سے آپ ی فرم چھیننے کا سوچتا بھی نہیں..مگر..آپ نے اپنی کمزوریاں دیں ہیں خود سے سب کو... جس کا بس لوگوں نے فائدہ اٹھایا ہے..." دھیما مگر متریم..کچھ کچھ ہلکا پھولکا... غصہ بھرا لہجہ...وہ اسکے پاس سے اٹھ کر جو منہ میں آیا بولتی چلی گئ..جبکہ سکندر حیرت سے اسکیطرف دیکھنے لگا ...

اس ایک پرسنٹ بھی یقین نہیں آرہا تھا..کہ جو ابھی ابھی..سب باتیں..اسے سنائیں گئیں تھیں وہ..دھنک نے سنائیں تھیں ..

اس لڑکی کو تو وہ گونگا تصور کرتا رہا تھا ..

کہ وہ جو مرضی ہے وہ کبھی اسکے امنے آواز نہیں اٹھائے..گی..یہ شاید سکندر کو اس سے اتنے کنفیڈینس کی امید نہیں تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

نک کو بھی کچھ کچھ احساس ہوا... کہ وہ زیادہ بول گئ ہے.. اور اب شاید سکندر اٹھ کر.. اسکا منہ تھپڑوں سے سجا دیتا ...

وہ آنکھیں جھکائے.. نم نم پلکوں. کو جھپکتی.. کھڑی رہی...

اور جب سامنے سے کوئ جوابی کروائ نہیں ہوئ تو.. اسنے چور نظریں کچھ کچھ سکندر کیطرف اٹھایں تو سکندر نے جان بوجھ کر پیشانی پر پڑے بلوں میں ضافہ کیا.. اور بڑی بڑی آنکھوں سے اسکو گھور کر.. اسنے سکا چھوٹا ادل سہما دیا ...

دھنک نے وہاں سے کھسکنے میں ہی عافیت جانی.. وہ پلٹی.. جبکہ پہلی بار سکندر کا دل کیا.. وہ وہیں کھڑی ہے ...

یہاں آتے ہی زبان لگ گئ ہے تمھاری" جاتے جاتے اسکے کانوں میں اسکی آواز پڑی ....

تو وہ رک گئ ...

آپ نے غلط سمجھا.. تھا ....

دھنک ایک جیتا جاگتا... وجود ہے... آپ.. نہ جانے اس بات کو تسلیم کیوں نہیں کرتے" اسنے اسی دھیمے دھیمے انداز میں کہا.. اور باہر نکل گئ.. جبکہ پیچھے سکندر.. کو اپنی سوچوں میں وہ الجھا چکی تھئ.. وہ نہ چاہنے کے باوجود اپنے ساتھ ہوئے حادثے کو بھلائے.. دھنک کے ساتھ گزرے یہ پندرہ منٹ سوچ رہا تھا...

......................

دوماہ... دوماہ.. اس شخص کو نہ دیکھنا جس.. کے ہونے سے تو حیا تھی ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جس کے لیے..تو وہ ساری دنیا سے لڑ جاتی ....

دو ماہ سے وہ نہ اسے دیکھ سکی تھی نہ محسوس کر سکی تھی ...

مگر اسکے دل میں کسک تھی..اسے دیکھنے کی چاہ بھی تھی.. مگر..اسکے پاس نہ جانے ی یہ خود سے رابطہ نہ کرنے کی ضد بھی ....

وہ کیوں کرتی .....

اسنے بہت بڑی اپنے جرم کی سزا بھگتی تھی ...

اور شاید اب وہ اس گلٹ سے بھی نکل آئی تھی..جون بادن اسکا جینا مشکل کر رہا تھا..یہ ہی..

یہ ہی انجام جو شاید..پانچ ماہ پہلے اسکا ہونا تھا..پانچ ماہ بعد ہو گیا ...

اگر وہ رہبان کی بات نہ مانتی تب بھی تو یہ ہی ہوتا ...

اور اب جب اسنے رہبان اور آنٹی کی خواہش بھی پوری کر دی...تو اب بھی ہوا تو وہی ...

ٹھیک کہا تھا..ابیھا نے..وہ بزدل تھی ...

بہت بزدل ...

شائد وہ اپنے محبوب کے سامنے ایسی ہی تھی ....

مگر اسنے اسکی چاہت کا بھرم کب رکھا...جو سب کچھ ہوا..اسکی سزا..حیا کو دے دی گئی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اکثر وچتی تھی.. کیا بس وہ اور اسکا بھائی ہی غلط ہیں.. کیا انٹی غلط نہیں جنھوں نے یہ خواہش کی اور اسی پر کاربند ہو گئیں ...

کیا... رہبان غلط نہیں تھا.. جس نے اس سے زبردستی یہ سب کرایا ....

نہیں غلطی شاید نس حیا کی تھی ...

کیونکہ سزا اسی کو ملی تھی.... سب نے اسکی دل جوائی کرنے ی کوشش کی تھی... سب ہی.. اسکی دل جوئی میں لگے رہتے.. اور وہ بھی کیوں.. اس بے وفا کے یے اپنوں کو دکھ دیتی ..

وہ بھی اب.. گھر والوں کے سامنے... اپنا رویہ درست رکھنے کی کوشش کرتی تھی ...

حیا.. "کمرے کی کھڑلی سے نیچے لون کو دیکھتے ہوئے وہ یہ ہی سب سوچ رہی تھی کہ پیچھے سے آواز آئی ...

عروش سکراتی ہوئی کمرے میں داخل ہوئی تو اسنے بھی سمائیل کی ...

آو چھت پر چلیں.. اچھی ہوا چل رہی ہے.. "اسنے حیا کے احساس سے ہی.. کہا.. کہ وہ مرجھائی مرجھائی سی تھی.. سب کو دیکھتا تھا ...

وہ شوخی.. وہ رنگ... لباس ...

سب ہی تو... اس پر سے جیسے کھینچ لیا تھا ...

موڈ نہیں" اسنے کہا.. اور بیڈ پر بیٹھ گئی ...

موڈ.. بناو بن جائے گا.. "اسنے پیار سے اسکے گال پر ہاتھ رکھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تو نہ جانے.. ہمدرد لمس پا کر اسکی پلکیں نم ہونے لگیں جسے جھپک.. جھپک کر وہ اندر کرنے کی کوشش کرنے لگئ

...

حیا" عروش نے اسکی کیفیت دیکھی تو.. اسکو سینے سے لگا لیا ...

نہیں بھابھی میں ہیں روہی... "وہ اسکے سینے سے لگی... روتے میں مسکرائ.. تو عروش.. کے دل کو جیسے کچھ ہوا... وہ تو بلکل.. دیوانی تھی.. اس شخص کی...

جانتی ہوں نہیں رو رہی تم.... عزیت میں ہو نہ.. رونا ہیں آتا... بس.. انسو نکل آتے ہیں" عروش نے اسکے رشمی بالوں میں ہاتھ پھیرہ جواب کافی لمبے ہو رہے تھے ...

حیا نے گھیرہ سانس لیا... وہ اس شخص کی بات ہی نہیں کرنا چاہتی تھی ...

بھابھئ... "اسنے عروش کا ہاتھ تھاما.

.ہاں بولو" اسنے اسکی پھیر سے بھیگتی آنکھوں کو دیکھا...

مجھے تو معلوم ہی نہیں تھا.. میرے ٹوئنز بچے ہیں "...

آنکھ سے آنسو گیرہ.. مگر وہ.. انھیں سوچ کر مسکرائ ...

عروش... اسکی حالت سے.. حد درجہ پریشان ہو گئ ...

اگر وہ دونوں ہوتے.. تو.. کتنا اچھا ہوتا نہ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میں جانتی ہوں میرے گناہوں کی سزا میرے معصوم بچوں کو ملی ہے... میں نے.. اتنا دل دکھایا.. ایھا کا... میری وجہ سے... اگر.. میں سٹینڈ لے لیتی.. تو آج ساری خوشیاں ہوتی..

Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ بھی انکے نزدیک آگیا ..

بھابھی بے قصور ہیں.. انھیں.. اس چیز کی سزا نہ دیں جو.. انھوں نے نہیں کیا... یہ تو چیں کی صورت کہانی چلتی گئ..

کہ انھوں نے بھائی کے دباو.. میں آکر ..

اس فیصلے پر ارہم. کو راضی کیا.. میں نہیں چاہتی ...

میری وجہ سے.. انکی زندگی برباد ہو.. میں اپنا فیصلہ لے چکیں ہوں.. اور.. میرا فیصلہ.. ہی.. مجھے تقویت دے رہا ہے.. تو کیوں میں بدلے لوں کسی سے ....

آپ... بھابھی کو لے آئیں "..

اسنے کہا.. تو رہبان.. اپنی بہن کو دیکھنے لگا.. اسے اس وقت اپنا آپ.. بہت چھوٹا سا لگا ...

اسکے ساتھ کی گئ زیادتی ...

کہ مداوا شاید وہ کبھی نہ کر سکے ...

اندر چلو.... " اسنے ان دونوں کو کہا... بغیر ایبھا کی بات کا جواب دیے...

میں ہسپیٹل جارہاہوں " رہبان نے کہا.. اور باہر نکل گیا.. کچھ کھالو پہلے.. " انھوں نے اسے روکا.. جبکہ اسنے نفی میں سر ہلایا..

وہیں کھالوں گا.. " وہ کہہ کر نکل گیا...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ماں کی خاموشی اور بدلہ انداز.. اسے مثبت... سا لگا تبھی ہلکی پھولکی سی مسکراہٹ چہرے پر لیے.. وہ ہسپیٹل... کی جانب چل دیا ...

................ ...

ارہم. کو گھر آئے دو ماہ سے زیادہ ہی ہو گئے تھے ...

مگر حالات چاروطرف اب بھی یکساں تھے ...

نہ ارہم نے اب تک ایبھا کو ڈیورس دیا.. نہ رہبان حیا کو گھر لے کر گیا...

اور نہ سکندر نے دوبارہ گاوں کا رخ کیا ...

اور جب سے یہ بات رہبان کو پتا چلی تھی.. تو سکندر کی اسقدر بزدلی پر اسنے.. آو دیکھا نہ تاو.. سکندر کے منہ پر مکہ مارا ....

جس کا نشان اسکے ہونٹوں پر اب تک تھا ....

اس عورت سے دوبارہ... اپنی پروپرٹی نکلوانا مشکل نہیں تھا... یہ رائے رہبان کی تھی.. کہ جس طرح اسنے.. سکندر کو ٹریپ کیا.. تھا.. اسی طرح اسے ٹریپ کر کے.. سارے پیپرز پر... اور پراپرٹی اپنی کسٹڈی میں کی جاسکتی تھی ...

دھنک نے بھی رہبان کے مشورے کو سہرایا.. مگر ہمیشہ کی طرح لبوں سے ایک لفظ بھی آزاد نہیں کیا.. وہ خاموشی سے.. انکی گفتگو سنتی رہتی... مگر اب کچھ بدلاو تھا ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور یہ بدلاو...اسکے لیے ناقابل یقین ہی تھا...

کہ وہ شخص جو اس لڑکی.. کے معصوم جزباتوں کو صرف یہ کہہ کر روندتا رہتا.. کہ

یہ ایک جاہل لڑکی ہے..وہ رہبان سے بات کرنے کے بعد اسی جاہل لڑکی کے پاس مشورے کے لیے آتا ....

اس کی یہ تبدیلی.. دھنک.. کے دل کو اسکے لیے ایک بار پھر سے رام کر رہی تھی ...

سب کے سامنے اسکا دھنک کو اہمیت دینا ...

اور...دوبارہ اپنی کھوئی ہوئی عزت کو واپس پالینے کا عزم ...

دھنک کو بہت اچھا لگ رہا تھا ...

وہ اسکی زیادتیوں کو بھولائے.. اسکے بدلتے رویے.. میں جینا چاہ رہی تھی ...

مگر ایک بات تھی جو دل میں اب بھی کھٹک رہی تھی ...

سکندر.. نے اب تک اس سے اپنے رویوں اور کیے گئے عمل پر معافی کے دو بول کیا.. پیشمانی کا اظہار بھی نہیں کیا تھا

...

اور اسی بات کو مد نظر رکھتے ہوئے.. جہاں سکندر کا رویہ اسکے ساتھ.. نرم ہو گیا تھا.. وہیں دھنک جان بوجھ کر روکھا رویہ رکھے ہوے تھی ...

جبکہ دوسری طرف عروش نے ارہم کی خدمت اور محبت لوٹانے میں کوئی قصر نہیں چھوڑی تھی...

دوماہ سے.. وہ ایک جگہ.. محتاجوں کیطرح پڑا تھا.. اسکا سارا اہلکا احباب ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسکی خیریت دریافت کر کے جا چکے تھے.. انکی آنکھوں کی ہمدردی... ارہم.. کے دل پر پڑ رہی تھی ...

اسنے کبھی.. اپنے لیے.. کسی کی آنکھوں میں ہمدردی نہیں دیکھی تھی.. بھلے سے کتنے ہی حالات خراب آئے ہوں

مگر ہر کام اپنے بازوں کے زور پر کرنا.. اسکی عادت رہی تھی.. مگر نہ آج.. وہ اپنے قدموں پر کھڑا ہو پا رہا تھا.. اور نہ

ان لوگوں کی آنکھوں سے.. وہ ہمدردی نوچ پا رہا تھا.. جو اسکو دیکھتے ہی... سب کی آنکھوں میں آتی تھی ...

عروش کی بے پناہ محبت بھی اسے چیڑ چیڑا کر رہی تھی... جبکہ وہ اسکی ہر بات کو اگنور کر کے اسے اپنے ساتھ کا مان بخش رہی تھی

اس وقت بھی.. وہ بستر پر لیٹا... عروش کو ہی دیکھ رہا تھا ...

جو کمرے کو ایک بار پھیر سے صاف کر رہی تھی ساتھ ساتھ اپنے مترنم لہجے میں اس سے باتیں بھی کر رہی تھی..

ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی.. ارہم کے ہاتھ سے باول گیرا تھا ...

اور بیڈ سمیت کرپیٹ.. بھی گندا ہو گیا.. مگر اس لڑکی کی آنکھوں میں ہلکی سی بھی ناگواری نہیں ابھری.. اور وہ مسکرا کر سارا صاف کرنے لگی ...

ارہم کو اپنی بے بسی پر شدت سے رونا آیا.. مگر آنکھیں جیسے خشک تھیں.. وہ چاہ کر.. بھی نہیں رو پاتا تھا ...

ایسا کیوں تھا.. وہ اس بے بسی پر بے بس ہونا چاہتا تھا ..

جتنا اسکا دل پھٹ رہا تھا.. اپنی محتاجی پر.. وہ غبار آنسوں کے ذریعے باہر نکال کر ہلکا پھولکا ہونا چاہتا تھا..

مگر.. وہ چاہ کر بھی نہیں رو پا رہا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ایسالگ رہاتھا.. جیسے.. یہ آنسو بھی اسکے اختیار میں نہیں رہے ...

اسکی رگوں میں دوڑتا خون.... وہ ان دوماہ میں.. اس احسان کے بارے میں بھی بارہا سوچتا رہا ...

کیا ضرورت تھی بھلہ اس لڑکی کو. اس احسان کی ..

کم از کم.. اس محتاجی.. میں تو سسکنے سے بہتر تھا.. وہ مر جاتا ...

مگر نہیں.. موت.. نے بھی منہ موڑ لیا تھا ...

اور اس لڑکی ئکا احسان بھی اسکے سر پر تھا.. جسے اسنے.. بڑے تفکر سے کہا تھا.. کے.. وہ اسکی من چاہی نہیں ..

اس وقت ان لفظوں کا کتنا اثر اس لڑکی کی زندگی پر پڑا ...

کتنے دن وہ اپنا منہ چھوپائے ایک کمرے میں بند رہی.. اسکی محسوسات.. اسکے احساست ..

جب اسنے ان کی قدر نہیں کی.. تو.. آج اسکے اندر بھی تو کوئ نہیں جھانک پا رہا تھا ...

وہ کیا محسوس کر رہا ہے ...

وہ ان آنسوؤں کے نہ بہنے پر.. کس قدر عزیت میں ہے.. یہ بات کوئ نہیں جان پارہا تھا ...

عروش بھی نہیں.. جس سے وہ اور وہ اس سے شدت کی محبت کرتے تھے ...

اور ہیں ..

آج بھی اس شخص کے دل میں عروش کی محبت بلکل کم نہیں ہوئ تھی ..

مگر ابیھا کی تکلیف وہ.. شدت سے محسوس کر رہا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اس پر اتری اس وقت کی بے بسی ...

اسے آج اپنی بے بسی ...لگ رہی تھی ...

اور کس طرح اسنے صرف اپنے نفس کی خواہش میں ان چاہی لڑکی پر اپنی بربریت واضح کی ...

کیوں .. اتنا کمزور نفس تھا اسکا ...

کہ وہ .. اپنی محبت سے بھی دغا کر گیا ...

اگر اتنا ہی .. محبت کا مان تھا .. تو کیسے کیوں .. وہ ابیھا کیطرف راغب ہوا ...

کیوں .. اسکے بھائی کے سامنے .. اسکو شرمندہ کر گیا ..

اس وقت وہ کس قدر بے بسی سے اسے دیکھ رہی .. تھی ..

کیا وہ بھول گیا تھا .. کہ .. اسکے یہ آنسو .. اگر کوئی نہیں دیکھ رہا تو .. اسکا خدا تو دیکھ رہا ہے .. جو سب کے دلوں کے حال سے واقف ہے ...

اور آج .. اسے بھی اسی بے بسی میں لا کر پھینکا گیا .. جس میں اسنے .. ابیھا کو پھینکا تھا .. اسکے گرد .. جو احاطہ کھینچا تھا ...

آج ارہم کو وہ گھیر اا اپنے گرد محسوس ہو رہا تھا ..

پشتاوا پیشمانی ...

اسکو اندر ہی اندر گھول رہیں تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

چار مہینے اسکے زخموں کو بھرنے میں لگتے اور چار ماہ تک.. وہ اسی طرح عروش پر بھی ..

وزن بنا رہتا ...

اسنے عروش کیطرف سے آنکھیں پھیر کر.. دوسری طرف دیکھنا شروع کر دیا .....

عروش نے یہ منظر دیکھا.. تو تڑپ کر اس تک پہنچی ...

کیا سوچ رہے ہیں.. "ارہم کے ساتھ ہی بیٹھتے ہوئے اسنے نرمی سے اسکا چہرہ اپنی طرف موڑا ...

تو.. ارہم کا دل کیا اسکے سینے میں چہرہ چھپا کر رو دے.. اور اعتراف کرے.. اپنی ہر غلطی کا.. اور اپنے غرور.. پر

اپنے اللہ سے بھی معافی مانگے...

جسے وہ ناراض کر چکا تھا.. مگر.. پہلے اللہ کی مخلوق کو بھی تو راضی کرنا تھا ...

اڈیوکیٹ احمد کو کال ملاو.. "وہ عروش کی آنکھوں سے گیرتے آنسوں سے نظر چراتا ...

بولا... تو.. اسنے بھی.. اپنی آنکھ کا آنسو صاف کیا اور ارہم. کا موبائل اٹھا لیا...

رہبان سے کہو.. وہ کل مجھ سے ملے... اگر انکار کرے تو کہنا... ارہم ریکویسٹ کر رہا ہے...

"اسنے اپنے موبائل کو گھورتے ہوئے.. کہا... رہبان اب تک اس سے ملنے نہیں آیا تھا.. مگر وہ اس سے نہ مل کر

بھی ہر چیز کا خاصوصی خیال رکھے ہوئے تھا ...

عروش نے اثبات میں سر ہلایا.. اور نمبر اٹھانے پر.. ارہم کے کو سیل دے کر وہ روم سے باہر نکل گئ.. وہ جانتی تھی

اب وہ کیا.. کرنے لگا ہے

..................



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

یہ بات سچ تھی کہ ارہم نے اسے ابھی تک ڈیورس نہیں دی تھی.. اور نہ ہی اس قسم کی کوئی بھی بات گھر پر ہوئی تھی.. مگر پھر بھی ایبھا.. کا دل مطمئین تھا ..

بعض اوقات انسان.. اپنوں پر.. اپنی ہی پریشانیاں ڈال کر.. جیسے.. خود کو بہت ہلکا پھولکا کر لیتا ہے ..

وہ فیصلہ کر چکی تھی.. اب جو بھی کرنا تھا.. رہبان نے کرنا تھا.. تبھی وہ پر سکون سی.. پہلے کیطرح.. اپنی زندگی گزارنے کی کوشش کر رہی تھی ...

یونیورسٹی وہ ریگولر جا رہی تھی ..

مگر.. اسنے ایک بات.. کچھ دنوں سے محسوس کی تھی کہ.. کوئی تھا.. جو اسکا پیچھا کر رہا تھا.. ہر وقت.. خود کو کسی کی نظروں کے حصار میں محسوس کرنا.. اسے عجیب الجن کا شکار کر رہا تھا ...

اب بھی وہ پارکینگ سے گزر کر.. اپنے سٹاپ پر روکی.. کچھ ہی دیر میں احد اسکو پیک کر لیتا.. مگر وہ زیادہ دیر احد کے بارے میں نہیں سوچ سکی.. کہ.. وہ خود پر کسی کی نظریں محسوس کر رہی تھی ..

اسنے ارد گرد دیکھا ..

کوئی نہیں تھا ...

اپنا وہم سمجھ کر.. اسنے.. اپنا ذہن کسی اور سمت جھٹک دیا...

اور پاس پڑے بینچ پر بیٹھ گئی ...

جبکہ دوسری طرف وائز جو خاموشی سے اس لڑکی کا پیچھا کر رہا تھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

آج اس سے بات کا ارادہ بندھ چکا تھا ...

کہ جب سے اسنے.. اس لڑکی کو دیکھا ...

وہ اسکے حسن کا جہاں اثیر ہوا...وہیں.. اسکے کنفیڈینٹ.. پر عش عش کر اٹھا..

کیونکہ وہ لڑکی ہرگیز بھی دیکھنے میں.. ایسی نہیں لگتی تھی.. کہ سامنے والے کی بولتی بند کر دے....

سکندر کی کی گئ حرکت کے بعد وہ کافی حد تک سمبھل گیا تھا ...

یہ نہیں تھا.. کہ وہ کسی قسم کے طوفانی عشق کا شکار ہوا تھا ...

اسے وہ معصوم سی لڑکی پسند آئ تھی.. اور فلرٹ سے بہتر.. اسے ڈیریکٹ شادی لگئ.. مگر جب اسے معلوم ہوا..

وہ.. سکندر کی بیوئ ہے.. تو.. وہ بلکل ہی.. خود کو سمیٹ چکا تھا ...

اور دوبارہ.. بھٹک کر بھی دھنک کا خیال.. نہیں آیا تھا..

مگر جب سے.. ایبھا سے ٹکراو ہوا تھا ...

اسکی جیسے جان مشکل میں آگئ تھی ...

وہ لڑکی اسکے دل ودماغ پر ایسا تاثر چھوڑ گئ تھی ...

کہ وہ.. جان ہی نہیں چھوڑاپایا.. اور بلاآخر ایک بار پھیر اسنے اپنی بے عزتی کرانے کا سوچا.. وہ جانتا تھا.. وہ لڑکی..

اس کی بات سن کر.. اسے شاید جوتیاں بھی مارے ..

مگر اب کچھ بھی تھا ....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ اس انجان لڑکی کو چھوڑ نہیں سکتا تھا ...

وائز بلکل بھی لوز کنفیڈینٹ شخص نہیں تھا مگر آج سارا کا سارا کنفیڈینٹ.. دھرا کا دھرا.. رہتا محسوس ہوا ...

وہ بھی ایک لڑکی کے سامنے.. یہ ...

اچھلتی کودتی محبت بھی عجب فیل ہے.. ہونے کو تو راہ چلتے ہو جائے ...

اور نہ ہونے کو... تا عمر تعلقات پر بھی نہ ہو ....

وہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا.. اسکیطرف بڑھا جو.. بار بار.. کلائی میں بندھی گھڑی کو دیکھ رہی تھی ..

ہیلو.." وائز کی آواز لڑکھڑا گئی ...

جبکہ ایبھا نے.. پیشانی پر بل ڈالے اسکیطرف دیکھا ...

وہ میں...." اسنے گھیرا سانس لیا.. وہ کس خوشی میں ایک اتنی سی لڑکی سے گھبرا رہا تھا ...

میرا نام وائز حیدر ہے.. پہچان تو اپنے لیا ہو گا "..

اسنے مسکرا کر اپنا تعارف کرایا ..

جبکہ ایبھا نے نظریں پھیریں ...

جی نہیں.. میں آپکو نہیں جانتی.. اور نہ پہچانتی" ٹکا سا جواب دینے پر.. وائز کی مسکراہٹ سیمٹی ..

ج...جی.. ہاں.. میں جانتا ہوں... آپ مجھے.. نہیں جانتی.... میں نے بس آپ سے کچھ بات کرنی تھی.." پہلے تو وہ

اسکے روکھے پھیکے انداز پر گڑبڑایا.. پھر بینچ پر اس سے کچھ فاصلے پر بیٹھ کر اسنے اس لڑکی کو غور سے دیکھا....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جبکہ دوسری طرف وہ اس لڑکے کے بیٹھنے پر.. اٹھنے کے لیے پر تلنے لگی 1

وائزنے گھیری سانس لے کر اپنے آپ کو نارمل کیا ...

اور اس پری وش کیطرف دیکھا ...

جسے وہ پانا چاہتا تھا... عزت دینا چاہتا تھا ....

دل نے شدت سے اسکی چاہ کی تھی جسے وہ رد نہیں کر سکتا تھا...

میری شرافت تو یہ ہے کہ میں آپ سے مناسب لفظوں میں آپ کے گھ آنے کی اجازت مانگو ...

چونکہ میرے والدین نہیں ہیں.. بس ایک دوست ہے... کمینا سا... لیکن... اب وہی ہے.... کیا میں.. آپ کے گھر والوں سے.. آپکو مانگنے.. آسکتا ہوں ...

اسنے ٹھرے ہوئے لہجے میں اپنی بات مکمل کر کے ابیھا کیطرف دیکھا.. جس کا چہرہ بلکل زرد ہو گیا تھا.... اور پھر جیسے اسکے وجود میں اشتعال سا دوڑ گیا..

مطپب ایک مرد نے اسکی جان چھوڑی نہیں تھی کہ ایک اور... اسکے لیے تیار کھڑا تھا....

میرا نام جانتے ہیں.. "اسنے بڑے ضبط سے پوچھا تو وہ مسکرا دیا ...

نہیں اور مجھے جاننا بھی نہیں ہے یقینا آپکا نام آپکی طرح خوبصورت ہی ہو گا. بر حال نکاح نامے پر دستخط کے وقت مجھے آپکا نام معلوم ہو تو مجھے زیادہ خوشی ہو گی" ابیھا نے اس شخص کو گھور کر دیکھا جو نا جانے کیا کیا سوچ بیٹھا تھا ...

بند کریں اپنی بکواس.. بلاوجہ بولے جا رہے ہیں ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

نہ آپ میرے بارے میں کچھ جانتے ہیں اور نہ میں آپکے بارے میں پھیر خوا مخواہ منہ اٹھا کر اس فضول گوئی کا مقصد...اور میرا بھائی بھی آگیا ہے.. دل تو کرتا ہے.. آپکی اس فضول گوئی پر آپکا حولیہ بگڑوا دوں...." وہ غصے سے بولتی ہوئی اٹھی تو وائز بھی اٹھ گیا..

کدھر ہیں آپکے بھائی.. کیا میں مل سکتا ہوں....

اف اف اف.... کس قدر ڈھیٹ ہیں.. آپ...چلے جائیں یہاں سے.. ورنہ بہت برا ہو گا....بلکہ آپ کیوں جائیں گے.. میں ہی چلی جاتی ہوں.. "اسنے اپنا بیگ اٹھایا...

اور...احد کی گاڑی کیطرف بڑھی جو.. قدرے سائیڈ پر کھڑی تھی اور وہ شاید کسی سے سیل پر بات کر رہا تھا...

ایبھا نے ایک آخری غضب بھری نظر اسپر ڈالی.. جو مسکرائے جا رہا تھا.. اور آبیھا کو مزید غصہ آ رہا تھا.. اسنے گاڑی کا دروازہ کھولا.. اور بیٹھ کر.. دھاڑ سے دروازہ بند کیا گویا اپنا سارا غصہ دروازے پر نکالا ہو..

کیا ہوا.. "احد نے سیل کان سے ہٹا کر اسکے سرخ چہرے کو دیکھا..

کچھ نہیں.. "اسنے کہا.. تو.. اسنے گاڑی آگے بڑھا دی جبکہ.. وائز وہیں.. کھڑا.. اسے جاتا دیکھ رہا تھا...

بیٹا وائز.. تو پیدا ہی ذلیل ہونے کے لیے ہوا ہے "..

وہ بڑبڑایا اور اپنی گاڑی کیطرف بڑھ گیا

.........



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ایسا نہیں تھا کہ اسے ارہم سے علیحدگی اختیار کرتے ہوئے دکھ تھا.. وہ اس کے ساتھ رہنا ہی نہیں چاہتی تھی اور طلاق کا فیصلہ بھی اسکا خود کا تھا.. مگر ایک لڑکی کے ہاتھ میں شادی کے چند ماہ بعد ہی طلاق کے کاغزات ہوں تو اسکی محسوسات شاید کوئی مہیں سمجھ سکتا...کسے معلوم تھا کہ اس رشتے کا انجام اس طرح ہو گا ...

اس وقت لاونج میں سب ہی کھڑے تھے.. وہ ابھی ابھی یونی سے گھر آئی تھی اور آتے ساتھ ہی اسے یہ خبر ملی تھی کہ ارہم نے طلاق کے کاغزات بھیج دیے ہیں.. سب خاموش تھے شاید کسی کے پاس کوئی الفاظ نہیں تھا.. اور کوئی کسی کو کہتا بھی کیا ...

کچھ قصوروار اور کچھ بے قصور ....

ایبھا نے پیپرز کو وہیں ٹیبل پر چھوڑا اور.. اپنے کمرے کیطرف مڑ گئ.. مگر اسکی یہ خاموشی رہبان کو کھلی ...

ایبھا "اسنے پکرا تو وہ مڑی اسکی آنکھ میں نمی دیکھ کر اسوقت رہبان کا دل کیا.. وہ چند ماہ پیچھے جا کر سب ٹھیک کر دے ..یہ فیصلہ.. جو اسنے لیا...وہ جتنا پشتاتا کم تھا ...

کوئی پریشانی ہے "اسنے ایبھا کے سر پر ہاتھ رکھا ...

نہیں.. "وہ جلدی سے بولی...کیونکہ اسے کوئی مسلہ نہیں تھا.. بس دل چند لمحے کے لیے اداس ہوا تھا.وہ بھی انسان تھی مشینی جزبات نہیں رکھتی تھی ...

خوش ہو.. "رہبان نے پھر پوچھا.. تو وہ نم آنکھوں سے مسکرا دی ....

جی بلکل میں خوش ہوں..."وہ مظبوط لہجے میں بولی.. تو وہاں کھڑے سب لوگوں کو کچھ تسلی سی ہوئی



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

..........

ایھا کو پیپرز بھیج کر جیسے اس پر سے ایک بوجھ اترا تھا ...

جتنی ذیادتیاں اسنے اس کے ساتھ کی تھیں.. اگر اس لڑکی کے دل کو اسی طرح مرہم ملنا تھا.. تو آج اسنے اسے خود سے آزاد کر کے آزادی دے دی ..

اور جہاں وہ پر سکون ہوا تھا.. وہیں اسے یقین تھا.. ایھا بھی اس فیصلے پر مطمئین ہو گئ ...

مگر اپنی بہن کی فکر اسے اب بھی تھی رہبان اسکی ریکویسٹ کرنے پر بھی اس کے پاس نہیں آیا تھا ...

جبکہ اسکی بہن دن بدن... سلگ رہی تھی.. وہ جانتا تھا.. وہ اسکے بغیر نہیں رہ سکتی ....

تبھی اسنے اس معملے کو بھی اپنے امریکہ جانے سے پہلے نپٹانے کا سوچا ...

اور سکندر کو اپنے پاس بلایا ...

تمھارا مسلہ حل ہو گیا..." ارہم نے اسکیطرف دیکھا.. جو اسکے سامنے چئیر پر ریلکس انداز میں بیٹھا تھا ...

ہاں بس... سب کام ہو گیا.. ہے... بس اس بلبل... کو قید کر کے.. اسکی گردن ایسی موڑوں گا.. کہ یاد رکھے گی..

سکندر شاہ سے مقابلہ کرنے کا سوچا بھی کیسے.. "سکندر نے جیسے خیالوں میں ہی روزی کی گردن دبادی تھی ...

ہمم... رہبان سے ملاقات ہوئ تمھاری" ارہم نے کچھ توقف کے بعد پوچھا ...

ہاں یار اسی نے تو ساری مدد کی ہے.. "سکندر نے جیسے آگاہ کیا.. تو وہ اثبات میں سر ہلا گیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کیا تم رہبان کو فون کر کے یہاں بلا سکتے ہو.. "وہ پھر بولا تو.. سکندر ایکدم الرٹ ہوا.. وہ اب.. اسکا لہجہ اور انداز سمجھا تھا.. ورنہ روز کیطرح وہ ارہم سے اسی طرح باتیں کرتا تھا ...

وہ یہاں نہیں آئے گا میں نے اسے ہزار بار سمجھایا ہے.. مگر "سکندر نے جیسے ڈھکے چھپے لفظوں میں اسے اصل بات بتائی...

توکیا.. میری بہن کو چھوڑنے کا ارادہ کر لیا ہے اسنے "

ارہم کی آنکھوں میں دو ماہ بعد پھر سے وہی غصہ اترنے لگا.. جسے سکندر کے ساتھ ساتھ عروش نے بھی دیکھا.. جو کافی کے دو مگ دروازے پر لیے کھڑی تھی ..

تم ریلکس ہو جاو میں بات کرتا ہوں اس سے.. جانتا ہوں.. حیا... کا خیال کرنا چاہیے اسے.. اب تو سب ٹھیک ہو رہا ہے.. "سکندر نے نرمی سے اسے کہا تو اسنے گھیرہ سانس لیا..

بہن ہے وہ میری.... اور تکلیف میں ہے... دن گزر رہے ہیں.. اور میں بلکل بھی اسطرح نہیں جاو گا.. کہ میری بہن بے آسرا پڑی رہے " ...

ارہم نے کہا.. اور عروش کیطرف ایک نگاہ ڈالی.. جس کے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ تھی.. وہ اسوقت اس مسکراہٹ کا مفہوم نہیں سمجھا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اوکے میں کرتا ہوں بات.. اینڈ تھینکس بھابھی.. سارے دن.. اس پیچ کو ٹریس کرنے میں خوار ہو گیا ہے یہ خوبصورت بندہ.. ویسے ہماری بیگم کہاں ہیں.. "اسے اچانک ہی دھنک کا خیال آیا.. جس کے آج کل وہ اوسان خطا کر رہا تھا.. کچھ اسطرح.. کہ وہ اس سے چھوپتی پھیر رہی تھی... بر حال سکندر شاہ کی نفرت جتنی خطرناک تھی اسکی محبت دھنک کے لیے اتنی ہی جان لیوا بنی ہوئی تھی ...

مگر اب بھی مجال ہو جو.. اس شخص نے معافی کے دو بول بھی بولیں ہوں.. مگر محبت کا اظہار وہ برملا کرنے لگا.. تھا ...

دھنک تو.اس کا یاپلٹ کو بس دیکھتی رہ گئ تھی ...

دھنک کے بارے میں سوچ کر اسکے لبوں پر مسکراہٹ ابھری اور وہ.. ارہم کے روم سے نکل گیا.. جبکہ پیچھے عروش بھی مسکرا دی.. دھنک اسے سب بتا چکی تھی.. اسے بہت دکھ ہوا تھا.. سب جان کر.. مگر اب.. شاید اس پیاری سی لڑکی کی زندگی سکندر کی محبت اور توجہ سے مزید پیاری ہو جاتی ...

کیوں مسکرا رہی ہو "بلآخر.. ارہم نے اس کو ٹوک ہی دیا..

کیوں مسکرانے پر پابندی تو نہیں ہے..." وہ اسکے پاس بیڈ پر ہی بیٹھ گئ

پابندی نہیں ہے.. مگر آج کل کوئی وجہ بھی نہیں ہے جس پر مسکرایا جائے" ارہم اب بھی سنجیدگی سے.. بولا.. تو عروش نے اسکیطرف دیکھا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ڈھائی ماہ بعد آپکی آنکھوں... میں غصہ دیکھا ہے... ڈھائی ماہ بعد مجھے محسوس ہوا ہے.. کہ آپ وہی ارہم ہیں..."

عروش نے نرمی سے اسکا ہاتھ تھامہ... تو ارہم نے اسکی گرفت سے ہاتھ آزاد کرا لیا..

تم تھک کیوں نہیں رہی مجھ سے... میں محتاج.. پڑا ہوں.... دن رات.. تم میرے کام کرتی رہتی ہو.. میرے پاس ایک لفظ نہیں تم سے کہنے کے لیے.. پھر بھی.. اس طرح بیہیو دیتی ہو جیسے کچھ نہیں ہوا.." وہ جھنجھلا.. کر بولا..

ڈہائی ماہ میں پہلی بار عروش کو اسکی آواز بھیگی.. بھیگی سی لگی..

ارہم.. آپ کیوں سوچ رہیں ہیں یہ سب کہ.. آپ چند دن اس بستر.. پر آ گئے ہیں تو میں آپ سے اکتا کر الگ ہو جاوگی.. آپ مجھ سے بولیں گی نہیں تو بولنا چھوڑ دوں گی... کیوں سوچتے ہیں.. ایسا...

ہم انسان ہیں ارہم.. غلطیاں ہو جاتیں.. ہیں... گناہ بھی ہو جاتیں ہیں مگر معافی.. کا دروازہ تو کھلا ہے نہ...

ہم دونوں نے ابیھا کے ساتھ جو کیا.. غلط تھا.....

اور ہم دونوں کو ہی اسکی سزا ملی.. مگر ہم وقت پر لوٹ آئے.. ایک درست فیصلہ کر کے.. ہم نے اس لڑکی کوئی زندگی دی.. اگر آپ اسے باندھے رکھتے اسی رشتے میں.. تب آپکی یہ غلطی نا قابل معافی تھی...

پلیز ارہم... مت سوچیں اتنا.. حیا کے ساتھ بھی سب ٹھیک ہو جائے گا...

بس کچھ وقت کی بات ہے.. آپ بھی ٹھیک ہو جائیں گے.. اور پھر میں آپ سے.. بہت نکھرے اٹھواوں گی.. حساب برابر..." وہ روتے میں مسکرائی.. تو.. ارہم کی بھی نم آنکھیں مسکرا اٹھیں... اسنے عروش.. کو اپنی بانہوں میں قید کر لیا... شاید اسے ابھی مزید سہارے کی ضرورت تھی.



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وقت اپنی رفتار آپ چل رہا تھا.. سکندر کی خوشی کا ٹھکانا نہیں تھا کہ آج اس کی محنت اسکا عشق اسکی فرم اسکے پاس تھی لیگیلی وہ دوبارہ اسکا مالک بن گیا تھا ...

بلکل اسی طرح جس طرح روزی نے نشے میں اس سے کاغزات پر دستخط کرائے تھے عین اسی طرح رہبان اور سکندر نے روزی سے کاغزات پر دستخط کرا لیے ..

کام اتنا آسان نہیں تھا.. اگر رہبان اسکی مدد نہیں کرتا ...

چونکہ روزی ایک دل پھینک قسم کی لڑکی تھی تبھی رہبان کی زرا سی توجہ.. اور دو چار تعریفی لفظوں پر.. وہ اسکے پیچھے چند ہفتوں میں ہی دیوانی ہو گئ ...

اور رہبان نے بھی اسے اچھی طرح الو بنایا ...

اور اسکو ہر ممکن طریقے سے یقین دہانی کرائ کے وہ بھی روزی کے حسن کا اثیر ہو گیا ہے.. اور اسی طرح.. رہبان نے.. روزی کو ایک پرایویٹ جگہ پر شاندار ڈنر کرایا... روزی کے بقول وہ اسے پرپوز کرنے والا تھا.. وہ بہت خوش بھی تھی ..

اور ڈنر کے بعد رہبان نے روزی کو اپنے ہاتھوں سے وائن پلائ تو وہ امرت سمجھ کر پینے لگی.. جہاں.. رہبان دوست کے ساتھ مخلصی دیکھا رہا تھا.. وہیں سکندر نے موقع کا فائدہ اٹھا کر اسکی چند تصویریں اچھے وقتوں میں چوکا لگانے کے لیے کھینچ لی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

برحال..اپنی کمینگی سے تو وہ بعض نہیں آسکتا تھا ...

اور وائن پیتے ہی..روزی مدہوشی میں وہ سب کام کرتی گئ جو رہبان نے اس سے کرائے..وہ تمام پیپرز پر دستخط کر کے..نشے میں دھت وہیں گیر گئ..جبکہ وہ دونوں ہاتھ جھاڑ کر آخری نفرت بھری نگاہ اسپر ڈال کر وہاں سے نکل آئے..اور سکندر..تو جھوم ہی گیا..

وہ سب جو اسکی محنت تھی آج اسکے ہاتھ میں تھا..جسے اسنے بھول جانے کا جان لیوا تصور کر لیا تھا..وہ سب اسے واپس مل گیا تھا ...

سکندر کے لاکھ فورس کرنے پر بھی رہبان گھر میں داخل نہیں ہوا تھا...

یار پلیز اندر آ..کیا ہو گیا ہے..بھول جا سب..در حقیقت ہم تینوں کو ہی سدھرنے کی ضرورت تھی..اور مجھے آج یقین ہو گیا ہے..ہمیں یہ مختصر سے جھٹکے قدرت کیطرف سے ہی لگے ہیں..کہ وہ جو غرور..ہم خود پر سجائے پھیر رہے ہیں وہ غرور ہم انسانوں پر نہیں جچتا..." سکندر نے..کہا جبکہ رہبان کی نظر..تو اس میرر وال کے اسپر جھلکتے عکس پر تھی ...

اوو بھائی سن بھی راہا ہے.." سکندر نے اسکا ہاتھ ہلایا تو وہ..چونکا..

ہم..ہاں ٹھیک کہہ رہا ہے..چل پھیر ملتے ہیں.." رہبان نے کہا..اور..گاڑی میں بیٹھنے سے پہلے ایک بار پھر دیکھا..مگر اب وہ عکس اسے محسوس نہیں ہوا..وہ سر جھٹک کر اندر بیٹھ گیا..اور گاڑی اَگے بھگا لے گیا..جبکہ پیچھے سکندر ارے ارے کرتا رہ گیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور پھر..اسنے..ایک نظر بیگ کو دیکھا جس میں..وہ سب کاغزات تھے..جو اسکی محنت تھے ..

وہ مسکرایا..اور ایک نظر آسمان پر ڈالی..خود بخود شکر کا کلمہ..اسکے منہ سے ادا ہوا..اور وہ گھر کے اندر داخل ہوا ..

تو..سائیڈ پر ہی..حیا نظر آئی.

مبارک ہو آپ کو.."سکندر کے چہرے کی خوشی ہی اسے بتا گئی تھی ..

خیر مبارک گڑیا..بس یہ تمھارے شوہر کا دماغ نہ چلتا تو... تمھارا بھائی تو آدھا غم میں ہی ہو جاتا.."وہ دھیرے سے ہنسا ..

مگر حیا نے کوئی جواب نہیں دیا ...

آپکو سب سے پہلے دھنک سے یہ خوشی..شئیر کرنی چاہیے..."حیا نے بات بدلی تو..سکندر بھی سمجھ گیا ..

اور مسکرا کر اثبات میں سر ہلاتا..وہ اپنے کمرے کی جانب چل دیا ...

کمرے کا دروازہ کھولتے ہی..اسے دھنک کو جائے نماز پر دیکھ کر ایک جھٹکا لگا .....

وہ یہ کیوں بھول گیا..کہ ایک معصوم کی دعائیں بھی اس کے ساتھ جوڑیں تھیں ...

اسنے بیگ صوفے پر پھینکا ...

اور اسکے سامنے بیٹھ گیا..دھنک نے دعا کے انداز میں ہاتھ اٹھائے ہوئے تھے..سکندر کو دیکھ کر..بس پلکوں کو جنبش دے کر اسنے اسکیطرف آس بھری نظروں سے دیکھا ...

سکندر نے مسکرا کر..اسکے دونوں ہاتھ تھام کر ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسکے ہتھلیوں پر باری باری اپنے لب رکھے ...

میں نے کبھی کسی سے معافی نہیں مانگی... جانتی ہو کیوں.. کیونکہ کبھی کسی نے.. مجھے میری غلطی کا احساس نہیں دلایا .. کسی نے مجھے نہیں کہا.. کہ تم غلط ہو.. کیوں کہ.. میں نے کبھی کسی کو اتنی جرت نہیں دی.. میں خود کو بہت کچھ سمجھتا تھا.. میرا اسٹیٹس.. میں.. میں اور بس میں.. باقی کسی کی میرے نزدیک کیا ویلیو ...

مگر جانتی ہو... مجھے شاید یہ زندگی کا پہلا جھٹکا لگا.. کہ میری ہتھیلی سے.. میری محنت.. بھربھری ریت کی مانند نکل گئی ... ...

مجھے کچھ اچھا نہیں لگتا تھا... پھر پتہ کیا ہوا ....

مجھے ایک.. چھوٹی سی لڑکی اچھی لگنے لگی ...

جس کا مجھے یقین تھا.. کہ وہ گونگی ہے.. وہ میرے سامنے.. مجھے سنانے لگی.. تو میں سوچتا تھا.. بیٹا سکندر.. چونٹی کے پر نکل آئے ہیں.. "وہ اپنی بات کا خود ہی مزہ لے کر ہنسا.. جبکہ دھنک ہوانک اسکا چہرہ تک رہی تھی...

مجھے نہیں پتا میرے دل نے تمھارے لیے جگہ کب بنائی... کب.. میری صبح کی پہلی خواہش تم بنی کے.. اٹھتے ساتھ تمھارا چہرہ دیکھنا مجھے اچھا لگا ..

پھر.. اپنی غلطیوں کی پیشانی ہوئی.. مگر معافی کا سوال تب بھی نہیں تھا ...

مگر آج سب کچھ پانے کے بعد ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

میں جب بہت خوش تھا.. کہ محبت... اور محنت... سب اللہ نے مجھے دے دیا.. تو.. اس کمرے کے باہر تک.. یہ بیگ میرے لیے سب سے قیمتی تھا...

لیکن کمرے کے اندر آتے ہی.. مجھے لگا.. میرے لیے سب سے قیمتی تو تم ہو..... "اسنے ایک بار پھیر اسکی ہتھیلی کو اپنے لبوں سے چھوا..

دھنک کا چہرہ مارے حیا کے سرخ ہو گیا...

میں معزرت چاہتا ہوں.. اپنے ہر لفظ کی.. اپنے ہر عمل کی... اور شاید یہ پہلی اور آخری بار معافی مانگی ہے.. میں نے.. کیونکہ اس کے بعد......" وہ مسکرا کر معنی خیزی سے کہتا.. اسکی گود میں سر رکھ کر لیٹ گیا...

اسکے بعد" دھنک کو اچھا لگا.. اسکا اتنا زیادہ خود سے بولنا...

اسکے بعد میں تمھیں اتنا پیار کرو گا اتنا پیار کروں گا.. کہ تمھیں میرے دس پندرہ بچوں سے فرست ہی نہیں ملے گی.. اور میں غلطی کرو گا بھی تو معافی کا وقت نہیں ملے گا..." وہ مسکرا کے.. اسکیطرف دیکھنے لگا..

دس پندرہ.. " دھنک نے حیرت سے اسے دیکھا..

کیوں کم ہیں.. " سکندر نے.. بمشکل اپنا قہقہ.. روکا...

نہ سائیں... توبہ کریں..." وہ ایکدم بولی.. تو سکندر کا قہقہ.. بے ساختہ ابھرا..

...................



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اسکے لیے.. یہ منظر نہ قابل یقین ہی تھا کہ اسکی ساس.. اسے خود لینے آئی ہے.. ماسوائے ابیھا کے.. سب اسے لینے آئے تھے.. رہبان.. بھی دور کھڑا مسکرا رہا تھا.. جبکہ اسکا تو حیرت سے منہ کھلا ہوا تھا ...

اسکے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ اسکی ساس خود چل کر آئے گی اسکو لینے ...

بھئی ہم اپنی بہو کو لینے آئے ہیں.. تم نے تو ہماری رونق اپنے پاس ہی رکھ لی.. "انکا خوش باش انداز.. حیا تو غش کھا کر رہ گئی ...

امی بھی انکی آو بھگت میں لگی ہوی تھیں.. جبکہ عروش خود سے انکے سامنے نہیں آئی تھی ..

اور دھنک ہی.. امی کی مدد کر رہی تھیں ..

جی جی آپکی ہی بیٹی ہے۔"انھوں نے کہا.. تو وہ مسکرا کر صوفے پر بیٹھ گئیں... باقی سب بھی بیٹھ گئے جبکہ.. حیا اب بھی ویسے ہی کھڑی تھی ..

تو انھوں نے اسکیطرف دیکھا ..

حیا بیٹا یہ کیسا حولیہ بنا رکھا ہے.. جاو.. تیار ہو کر آو شاباش..."آسیہ بیگم نے اسے ٹوکا.. تو وہ اثبات میں سر ہلاتی.. اوپر اپنے کمرے کی جانب چل دی.. عین اسی وقت سکندر بھی ارہم کو ویلچیئر پر بیٹھا کر نیچے لے آیا.. اسنے ایک نظر مڑ کر دیکھا.. تو رہبان.. اور سکندر دونوں ہی ارہم کو سیڑھیوں سے نیچے اتار رہے تھے ..

وہاں ایک بار پھر سب کے چہروں پر خوشیاں تھیں ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور آسیہ بیگم خود چل کر اسے لینے آئی تھیں.. اس سے بڑی بات کیا ہو سکتی تھی کہ انھوں نے.. اپنی انا کا مسلہ نہیں بنایا..

وہ کمرے میں چلی گئی.. جبکہ.. نیچے ارہم نے انکل آنٹی سے سلام کیا.. جس کا دونوں نے ہی جواب دیا..

کیسی طبعیت ہے اب تمھاری.. "انکل نے پوچھا تو.. اسنے اثبات میں سر ہلایا..

اللہ جلد صحت یاب کرے.. "آنٹی نے کہا.. تو امی بھی مسکرا دیں...

وہ بڑے دل کی خاتون تھیں کہ سب بھلائے.. ایک بار پھر.. انکے گھر پر تھیں...

اور اسی طرح پھر ہلکی پھلکی باتیں.. بھی جاری.. رہیں جب کہ رہبان کی نظریں بار بار اوپر کمرے پر تھیں..

آنٹی اگر آپ برا نہ مانیں تو.. میں.. اوپر چلا جاو.. "بلآخر جب کسی کو اسکا خیال نہیں آیا تو اسنے ڈھٹائی سے پوچھ ہی لیا..

ارے بیٹا آپ کا گھر ہے. کیسی باتیں کر رہے ہو.. "انھوں نے کہا.. تو.. وہ اجازت ملتے ہی سکندر کو.. ٹھینگا دیکھتا اوپر.. کیطرف بڑھ گیا.. جو کافی دیر سے اسکی حالت پر دبا دبا ہنس رہا تھا...

ارہم بھی مسکرا دیا...

..............

دروازہ کھلنے کی آواز پر وہ پلٹی ابھی تک اسنے اپنے لیے کپڑے نہیں نکالے تھے....



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

دروازہ کھلنے کی آواز پر اسنے پلٹ کر دیکھا...رہبان کو دروازے کے پاس کھڑا دیکھ وہ چند لمحے بس اسے دیکھتی رہی..

اور پھر منہ ہی موڑ لیا..جبکہ مقابل کی مسکراہٹ اسکی ناراضگی کے اظہار پر مزید گھیری ہو گئ..وہ بھاری چال چلتا..

اس تک پہنچا..اور اسکو پیچھے سے اپنی گرفت میں لے لیا..جبکہ حیا..نے اپنے آپ کو اس سے چڑھانے کی کوشش

کی جو بے کار ہی تھی..

لینے آیا ہوں....اپنی زندگی کو... سمجھو رخصتی ہو رہی ہے..تو تیاری بھی شاندار ہونی چاہیے.."اسنے مسکراتے

ہوئے اسکے کان میں نرمی سے کہا..تو حیا کی آنکھوں میں آنسو آ گئے..

چھوڑیں مجھے..کیا لگ رہا ہے..آپکو..میں بہت خوشی سے جا رہی ہوں..صرف آنٹی کی وجہ سے..جا رہی ہوں میں

.."وہ اپنا آپ اس سے چھڑواتی ہوئی بولی

کیا مسلہ ہے..یار..اب"وہ بیڈ پر دھڑام سے گیرتا ہوا...سکون سے بولا..تو وہ اسے..حیرت سے دیکھنے لگی..شاید یہ

شخص اسکے لیے کبھی نہیں بدل سکتا تھا...

ابھی کوئی مسلہ ہی نہیں ہوا..آپ کے نزدیک"وہ اسکے پر سکون چہرے کو دیکھنے لگی..

تو رہبان نے اسکیطرف ہاتھ بڑھایا...

جسے حیا نے کچھ ترادود کے بعد تھام لیا...

جانتی ہو بیبی...تم میرے لیے بہت قیمتی ہو..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور میں اگر تمھیں اس وقت.. ارہم کے ساتھ نہ بھیجتا.. تو تم جانتی ہو.. امی کا رویہ.. تم برداشت نہیں کر سکتی تھی. اور وہ بھی تو ٹھیک تھیں اپنی جگہ ...

جو کچھ ہوا... وہ ایک ماں کے لیے تکلیف دہ ہی ہے ...

خیر میں پرانی باتیں.. نہیں دھرانا چاہتا.. میں.. صرف تمھیں چاہتا ہوں اور چاہتا رہوں گا.. آخری سانس تک.."

اسنے اسکی کلائی کو نرمی سے چھوا.. اور اسکیطرف دیکھا جو نظریں جھکائے بیٹھی.. تھی..

اور وہ جو.. وہ... جو آپ نے کیا ....

اتنا برا انداز اتنا برا سلوک.... کیا میرے ساتھ.. "حیا کو رہبان کے اس رویے پر زیادہ دکھ تھا.. جو وہ اسے.. اسکے گھر سے ہی چوروں کیطرح لے گیا.. اور پھر.. تھپڑ کا جس طرح بدلہ لیا...

بیبی.. تھپڑ مارا تھا تم نے مجھے.. کیا وہ بات برداشت کے قابل تھی.." رہبان نے اسے آنکھیں دیکھائی تو حیا نے بھی اسکے ہاتھوں سے اپنے ہاتھ جھٹکے سے نکالے..

آپ.. آپ بس آپ ٹھیک ہیں اور تو کوئی ٹھیک ہے ہی نہیں.. اور.. اپنی بات آپ کو آخر تک یاد رہے گی... مجھے نہیں لگتا آپ میرے لیے بدلیں گے "..

وہ مزید رونے لگی تو رہبان نے.. مسکرا کر.. اسکو سینے سے لگایا جبکہ حیا اسکے سینے پر مکے برسانے لگی...

کیا چاہتی ہو.. اب" وہ اسکی کلائیاں پکڑتے ہوئے بولا...

معافی مانگے مجھ سے..." حیا نے غصے سے کہا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

تورہبان نے تیوریاں چڑھائی ...

بیوی سے معافی.. تمھیں نہیں لگتا یہ عجیب ہے.. ایک خوبصورت ڈیشینگ مرد کبھی. بیویوں سے معافیاں نہیں مانگتے..."اسنے سکون سے کہا تو.. حیا.. نے اپنے ہاتھ کھینچے.. اور دور جا کھڑی ہوئی ...

اوکے تو یہ خوبصورت ڈیشینگ مرد... اکیلا چلا جائے مجھے.. نہیں رہنا.. اتنی بلند انا والے مرد کے ساتھ "

اپنی آنکھ سے بہتے آنسو صاف کرتے ہوئے اسنے سختی سے کہا ...

تورہبان اسکی اداوں پر نثار ہی ہو گیا ...

وہ بیڈ سے اٹھ کر.. اسکے نزدیک.. آیا..

اور ایک گھٹنہ موڑ کر اسکے سامنے زمین پر ٹیک گیا..

My life

My love will make me bow before you ..

I can't put into words what you are to me

My love my desire

My tomorrow

It's just you ... and my life is from you to you

I apologize for every mistake I made



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

And I promise to give you a wonderful life

Do you agree with me

...... مسکرا کر اسنے اپنے دھیمے لہجے میں کہا تو حیا کا دل ایک بار پھر اسکی محبت پر فکر کر اٹھا ...

I'm always with you .."

حیا نے اسکا ہاتھ تھام کر کہا.. جبکہ رہبان نے اٹھتے ساتھ.. اسکو گلے سے لگالیا..

میں نے تمھیں بہت مس کیا حیا..." اسنے نرمی سے اسکے کان میں کہا تو حیا مسکرا دی ...

بہت جزبات بہت الفاظ ہئیں جن کا اظہار یہاں نہیں کر سکتا.. گھر چلو.. پھر سکون سے ان بیتے دنوں کی داستان تمھیں عملی طور پر دیکھاو گا.. ابھی اتنے سے گزارا کرو.." اسکے ماتھے کا بوسہ لے کر.. اسنے شرارتی نظروں سے اسے دیکھا.. اور ابھی

حیا کچھ کہتی ہی کہ دروازہ بجا..

وہ ایکچلی... اینٹری تو غلط وقت پر ماری ہے... مگر وہ کیا ہے نہ.. میں.. اپنی بہن کو دھوکے میں نہیں رکھنا چاہتا.."

سکندر دروازے کو کھول کر ایکدم اندر داخل ہوا تو حیا رہبان سے دور ہوئی.. سکندر کے پیچھے ہی دھنک بھی تھی..

جیسے اسے اس حرکت سے روکنا چاہتی ہو...

سکندر بہت غلط بات ہے..." دھنک دھیرے سے منمنائی تو سکندر نے اسے گھورا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کیا تکلیف ہے.. سکون نہیں ہے تجھے" رہبان نے برا سا منہ بنا کر اسے لتاڑا.. تو وہ اپنے پورے دانتوں کی نمائش کرنے لگا ..

کیا میں تیری عیشیاں جو تو کر تا رہا ہے.. وہ اپنی بہن کو نہ دیکھاو..." سکندر نے اپنے موبائل پر انگلیاں چلاتے ہوئے رہبان کی طرف دیکھا ...

تو حیا.. سکندر کی بات پر ایکدم الرٹ ہوئی ...

اور سکندر کے قریب.. آگئی.. جبکہ رہبان بھی مارے تجسس کے.. سکندر کے نزدیک آگیا.. اور سکندر کے موبائل پر اپنی اور روزی کی تصویریں دیکھ کر.. اسنے سکندر کو خون آشام نظروں سے گھورا ...

جو اپنا قہقہ روکنے کے چکروں میں سرخ ہوا جارہا تھا.. جبکہ حیا کا چہرہ بلکل زرد ہو گیا تھا.. اسنے بے یقین نظروں سے رہبان کیطرف دیکھا ...

تو رہبان نے بغیر صفائی دیے... سکندر کے منہ پر.. زور زور سے دو پنچ مارے کے وہ چکرا کر رہ گیا ...

جس کمینے نے تمھیں ورغلایا ہے.. وہ ہی صفایاں دے گا..." اسنے کہا.. اور ہاتھ جھاڑتا ہوا باہر نکل گیا.. جبکہ دھنک کو بھی سکندر کی شکل دیکھ کر.. ہنسی آئی ..

منع کیا تھا آپ کو.. مت لیں رہبان بھائی سے پنگا.. مگر شاید آپ کو...مار کھانے کا شوق ہے.." اسنے مسکاتے لہجے میں کہا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

اور حیا کو روزی کے بارے میں بتانے لگی.. تو حیا.. کو بھی سکندر کی حرکت پر ہنسی آ گئ... بہت دنوں بعد شاید وہ دل سے مسکرائ تھی

....................

حیا کو دوبارہ اپنے گھر پر دیکھ کر ابیھا کو بہت خوشی ہوئ تھی ...

ایک بار پھر جیسے.. زندگی پہلے کی طرح معمول پر آ گئ تھی ..

اسکا بھائ خوش تھا ...

اسکی بھابھی.. کو دوبارہ وہی مقام مل گیا.. تھا ...

جو شاید وہ ڈیزرو کرتی تھی ..

ابھی کچھ دنوں پہلے اسنے ارہم کے امریکہ جانے کی بھی خبر سنی تھی.. عروش اور آنٹی بھی اسکے ساتھ گئیں تھیں..

رہبان بھی ساتھ جانا چہتا تھا.. مگر ارہم کے کہنے پر.. وہ اسکے ساتھ نہیں گیا ...

دھنک اور سکندر بھی اپنی نئ زندگی کی شروعات کر چکے تھے.. دوبارہ سب کچھ پا کر سکندر ..

کے اندر پہلے والا غرور نہیں رہا تھا.. وہ تو اب دھنک سے بے شمار محبت کرنے والا سکندر بن گیا تھا ...

خوش وہ بھی تھی اپنی زندگی میں ..

نہ خوف نہ ڈر.. مہ غصہ نہ زیادتی کا دکھ.. سب ٹھیک تھا ..

وہ طلاق کے بعد.. چند ماہ گھر پر رہ کر اب دوبارہ یونیورسٹی بھی جانے لگی تھی ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مگر شاید سردیوں.. کی ایک شام.. اسے اسکے چاہنے والے کے نزدیک لے.. گئی ...

سکندر.. دھنک.. کے ساتھ وائز.. کو.. اسنے.. گھور کر دیکھا.. بھلہ..

ان لوگوں کے ساتھ.. اس ٹھرکی شخص کا کیا کام رتھا..

مگر.. وہ سب اندر چلے گئے.. جبکہ ایبھا ابھی بھی لون میں ہی کھڑی تھی ..

اور پھر کچھ دیر بعد جب وہ اپنے کمرے میں.. پیچھلے راستے سے جانے لگی.. کہ.. سامنے سے جاتی تو.. اس شخص سے سامنا ہوتا اور وہ کوئی جان پہچان نہیں نکلوانا چاہتی تھی ..

تبھی امی جو اسی کے کمرے میں آرہیں تھیں.. اسے پکارا ..

جی امی" اسنے.. اپنی بکس اٹھاتے ہوئے مصروف انداز میں جواب دیا ...

بیٹا.. وہ تیار ہو کر نیچے آجاو" ایبھا کو کہتے ہوئے انھیں تھوڑی جھجھک بھی ہوئی ..

کیوں.. "ایبھا نے سوالیہ نظروں سے انھیں دیکھا ..

تمھارا رشتہ لائے ہیں دھنک اور سکندر لڑکا اچھا ہے.. تمھارے بابا اور رہبان.. سمیت مجھے بھی اچھا لگا ہے.."

انھوں نے اب اصل بات بتائی.. تو..

ایبھا نے انکی جانب دیکھا ..

امی ار ہم بھی آپ سب کی ہی پسند تھا.. "اسنے کہا تو انھوں نے.. اسکی طرف دیکھا..

میری جان میری بچی.. ہر شخص ایک جیسا نہیں ہوتا.. اور پوری چھان پھٹک کر کے ہی.. رشتہ کیا جائے گا ..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

مگر زندگی ایسے تو نہیں گزرے گی.. کہ تو ہر خوشی سے منہ موڑ لے..."بیٹی کی خاموش زندگی.. انھیں دکھی کرتی تھی.. تبھی آنکھوں میں نمی آگئی..

میں شادی نہیں کرنا چاہتی..." ابیھا نے دوٹوک لہجے میں کہا..

وہ خوفزدہ تھی.. اس لفظ سے ہی.. اس لفظ نے اسکی زندگی پر ایک داغ لگا دیا تھا. اور اب وہ ایسا کچھ نہیں چاہتی تھی..

ابیھا.."انھوں نے بے بسی سے اسکیطرف دیکھا...

امی میں نہیں کرنا چاہتی شادی. اور کیا.. وہ جو بھی ہے ایکسپٹ کرلے گا.. کہ میں طلاق یافتہ ہوں. کیا وہ ساری حقیقت جاتا ہے.. یہ آپ لوگ بتا دوگے.. یا ایک بار پھر دھوکے کے رشتے میں میں ہی بندرہی ہوں"..

ابیھا نے سرخ آنکھوں سے انکی طرف دیکھا.. اسکا لہجا ایک چیخ ایک تکلیف لیے ہوئے تھا..

اور پھر وہ کچھ نہیں بولیں خاموشی سے اسے تنہا چھوڑ کر کمرے سے باہر نکل گئیں..

جبکہ اسنے اپنا سر تھام لیا...

اب کیا چاہتی تھی اسکی زندگی.. ایک بار پھر دکھ.. یا اب کی بار خوشیاں اسکی منتظر تھیں.

.............

ابیھا کا جواب.. انکار میں سن کر... جہاں وائز کو بہت دکھ ہوا...وہیں سب ہی ابیھا کے اس فیصلے پر خاموش تھے.. مگر رہبان.. کو اختلاف تھا...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

وہ ہرگیز بھی اسے اس طرح تنہا زندگی گزارنے کے لیے نہیں چھوڑ سکتا تھا ...

تبھی اسنے ایبھا سے بات کی مگر وہ اپنے فیصلے پر کئ تھی ..

اسی دوران. وائز بھی .. آنٹی انکل کے پاس آتا جاتا رہا ..

اور اسطرح بہت تھوڑے دنوں میں .. اسنے اپنی جگہ بنالی تھی ..

رہبان نے بھی وائز کے بارے میں ساری معلومات نکلوالی تھی .. اور اسے وہ شخص ایبھا کے لیے .. مناسب لگا ..

مگر وہ ایبھا پر زور زبردستی نہیں کرنا چاہتا تھا ..

مگر وہ وائز کے بارے میں .. سوچ سمجھ کر فیصلہ تو لے سکتی تھی ..

ایک ناکامی کو .. ساری زندگی گلے کا توک نہیں بنایا جاسکتا تھا.....

اور جب سب ایبھا کے سامنے ہار گئے .. مگر اسکا فیصلہ نہ بدل سکے تو .. وائز نے رہبان سے ..

اجازت منگی کے وہ ایک آخری کوشش خود کرنا چاہتا ہے ..

اگر پھر بھی ایبھا کا فیصلہ وہی رہا تو .. وہ دوبارہ کبھی .. اس گھر کا روخ .. نہیں کرے گا ..

اور رہبان نے بھی اسے اجازت دے دی .. شاید .. جو کوئ نہ کرسکا وہ وائز کر دیکھائے .. اور اس لڑکے کی آنکھوں میں اپنی بہن کا عکس دیکھ کر اسے یقین تھا .. وہ اسے اپنی بات پر قائل کر ہی لے گا...

ایبھا .. ابھی یونیورسٹی سے آئ ... تھی .. اور پر سکون ہونے کے لیے اسنے گرم پانی سے شاور لیا .. اور ..

اسکے بعد .. کچھ دیر آرام کرنے کے لیے .. صوفے پر وہ کوئ انگلش ناول لے کر بیٹھ گئ



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ویسے بھی اس شخص لے ذکر کی وجہ سے..وہ بڑی بے سکونی کا شکار تھی..

تبھی اسکے روم کا دروازہ نوک ہوا..

اجازت ملنے پر جو چہرہ سامنے آیا وہ اسے بلکل ایکسپیکٹ نہیں کرتی تھی..وہ ایکدم ہی..اپنی جگہ سے اٹھی جبکہ وائز نے اندر داخل ہو کر روم کا دروازہ بند کیا..اور اس کے نکھرے نکھرے چہرے کو چاہ سے دیکھا..

کچھ دیر بات ہو سکتی ہے.."اسنے پوچھا تو ابیھا نے فورا نفی میں گردن ہلائی..

بلکل نہیں اور آپ میرے روم میں کیسے آئے ہیں.."اسنے غصے سے اسکیطرف دیکھا..

آپ سے بات کرنے..میں کوئی بات کو لمبا چوڑا نہیں کر رہا مس ابیھا..میں وہ وجہ جاننا چاہتا ہوں جس کے باعث آپ مجھے ٹھکرا رہی ہیں"..

میرے پاس کوئی وجہ نہیں ہے..سوائے اس کے میں شادی نہیں کرنا چاہتی..اور اتنا ہی بہت ہے... کہ میں..آپ میں انٹرسٹڈ نہیں ہوں.."ابیھا نے ٹکا سا جواب دیا..تو وائز مسکرا دیا..ابیھا کو اسکی مسکراہٹ ہی زہر لگی..

ٹھیک ہے..ہم شادی..جب آپکی اجازت ہو گی تب کر لیں گے..مگر میں آپکو اپنے نام کی آنگوٹھی تو پہنا سکتا ہوں نہ..تاکہ آپ پر میرے نام کی موہر لگ جائے..باقی جو آپ چاہیں جیسا آپ چاہیں"..

اسنے سکون سے کہا تو ابیھا تنک گئی..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

کیا مسلہ ہے آپ کے ساتھ.. کیا جانتے ہیں آپ میرے بارے میں.. یقیناآپ کو میرے ماضی کے بارے میں کچھ نہیں بتایا گیا ہو.. گا.. اور مجھے یہ بھی یقین ہے میرے ماضی کو جان کر.. آپ خود.. اس رشتے پر لعنت بھیج.. کر.. چلے جائیں گے.. "وہ غصے سے چلائی..

اسے لگا.. وہ بہت محنت کر رہی ہے.. بولنے میں.. جبکہ وائز نے چونک کر دیکھا..

کیسا ماضی.. "دھیمی سی آواز ابھری تو ابیھا نے زہریلی مسکراہٹ سے اسے دیکھا...

اسکی محبت کا دویدار یہ شخص ضرور ابھی یہ سب محبت وہبت بلائے تاک رکھے... یہاں سے چلا جائے گا...

طلاقیافتہ ہوں میں.. دو ماہ کی ناکام. شادی...

اور اسکے بعد.. ایک داغدار زندگی.... "اسنے سرخ آنکھوں کو بے دردی سے رگڑا.. اور سر کو جھٹکا دیا...

جبکہ وائز... جیسے اپنی جگہ ہل کر رہ گیا.. یہ حقیقت تھی.. کہ اسے کسی نے یہ نہیں بتایا.. تھا.. ابیھا طلاقیافتہ ہے..

وہ چند لمحے.. یوں ہی کھڑا اسکی صورت دیکھتا رہا جو اسی کی جانب دیکھ رہی تھی.. اور نہ جانے کیوں.. جتنا خاموشی کا دورانیہ وائز کی جانب سے بڑھ رہا تھا.. ابیھا کی آنکھیں اسی تیزی سے بہہ رہی تھیں...

وائز نے اپنے چہرے پر پھیلتا پسینہ دائیں ہاتھ کی مدد سے صاف کیا.

اور گھیرہ سانس لے کر اسکیطرف دیکھا.. جس نے اب سر جھکا لیا تھا..

جائیں مسٹر وائز.. معافی چاہتی ہوں آپکو... لاعلم رکھا گیا.. "ابیھا نے مظبوط لہجے میں کہا.. تو وائز نے اسکیطرف قدم بڑھائے.. ابیھا.. حیرت سے اسکی جانب دیکھنے لگی..



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

جواب اسکے بلکل نزدیک آگیا تھا ...

وائز نے ہاتھ بڑھا کر اسکی پلکوں پر اٹکا آنسو اپنی پور پر چن کر.. لبوں سے لگا لیا ..

Precious pearl ....

وہ دھیرے سے بولا ...

ابیھا بنا پلک جھپکائے اسی کیطرف دیکھ رہی تھی.

ہاں میں یہ سب نہیں جانتا تھا ..

اور شاید میں جاننا بھی نہیں چاہتا ...

مگر مجھے دکھ ہوا... کہ کسی.. نے اتنی قیمتی لڑکی.. کو گوا دیا ...

مگر خوشی بھی ہوئی... کہ اگر... ایسا نہ ہوتا.. تو آپ میری کیسے ہوتیں ....

کیا آپ مجھے اس لائق سمجھتی ہیں کہ میں آپ کا ہمسفر بنوں "..

اسنے اسکا ایک ہاتھ تھامہ ...

تو ابیھا کو اسکے ہاتھ کی گرفت میں بھی محبت اور نرمی محسوس ہوئی ...

کیوں... "بے ساختہ اسکے منہ سے نکلا.. تو وائز مسکرا دیا...

محبت...... کچھ پہلی نظر کی... کچھ سب جاننے کے بعد... ان چند پلوں میں میرے دل میں آپکی اہمیت اور قدر.. مزید بڑھ گئی ہے.. اور اپنے آپ کو خوش قسمت تصور کروں گا...اگر آپ میری ہو جائیں گی.. "



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

شاید وہ ساحر تھا... جو اپنی باتوں.. سے اس خوفزدہ سی لڑکی کو.. قیمتی بنا رہا تھا ...

اسنے کبھی.. ان باتوں کو محسوس نہیں کیا... تھا... مگر اتنی اہمیت اور عزت اسکی آنکھوں میں اپنے لیے دیکھنا اسکے لیے نیا ہی تھا ...

ابیھا نے کوئی جواب نہیں دیا..

جبکہ وائز کو اسکی آنکھوں کی بے یقینی.. پر دکھ ہوا..

ضرور اس لڑکی کا دل بری طرح دکھا ہوا تھا..

شادی جب آپ چاہیں اور جب آپکو مجھ پر یقین آ جائے ...

ابھی صرف آپکو اپنے نام کی آنگوٹھی پہناؤ گا... اور یقینا... آپ کی رائے میرے بارے میں تبدیل ہو جائے گی"

اسنے مسکرا کر کہا جبکہ ابیھا.. لاجواب سی کھڑی تھی اسے بلکل سمجھ نہیں آیا کیا کرے ...

سوچیے مت... ایک چانس لیں.. میرا ہاتھ تھام لیں.. آپ کو اپنے فیصلے پر پشتانا نہیں پڑے گا.. "وائز نے اسکے آگے اپنی ہتھیلی پھیلائی.. جسے ابیھا.. نے

ایک نظر دیکھا.. اور دوبارہ اسکی آنکھوں میں دیکھا ...

جس نے پلکوں سے جنبش دے کر.. ہاتھ تھامنے کا کہا ...

وہ نہیں جانتی تھی.. اب دوبارہ اسکی زندگی.. طوفانوں کی ذد میں آئے گی یا خوشیاں.. لے کر ...

مگر اس شخص کی آنکھوں میں اپنے لیے عزت.. نے اسے اسکا ہاتھ تھامنے پر مجبور کر دیا ...



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com

ابیھا نے اسکے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا ...

لڑکیوں کا دل.. شاید.. کانچ سے بھی نازک ہوتا ہے ..

اب کی بار.. اگر ٹوٹا.. تو دوبارہ دھڑک نہیں سکے گا..." اسنے سنجیدگی سے کہا ...

تو وائز نے.. اسکے ہاتھ پر گرفت پکی کی ..

اور قدم آگے بڑھایا ...

اس دل نے بس اب میرے نام پر دھڑکنا ہے.. اور اس کانچ کی گڑیا کی حفاظت میں.. اپنی جان سے بھی بڑھ کر

.. کروں گا.." اسنے پر عزم لہجے میں کہا ...

تو ابیھا.. گھیرہ سانس لیا ...

اور آنے والے کل کو اچھا تصور کر کے.. اسنے سب کچھ اپنے رب پر چھوڑ دیا ..

دل یں کہیں ایک آواز سی اٹھی تھی ..

خوشیاں اسکی منتظر ہیں جنھیں آگے بڑھ کر اسنے تھامنا ہے....

..................

# End



Posted on; https://ezreaderschoice.com/
Email : readerschoicemag@gmail.com